www.kitabosunnat.com

خوشبودار پھول-

عَاصِفٌ (اسم فاعل واحد مذکر)

(۱)طوفانی ہوا-طوفان(طوفان بادوباراں)

عَصَفَ يَعْصِفُ عَصْفاً وَ عُصُوْفاً (ض)

ہوا کا تندوتیز چلنا-

جَآءَتْهَا رِيْحٌ عَاصِفٌ (۱۸:۱۰)

ان پر ناگہانی طوفانی ہوا چل پڑی- دن یا وقت کی صفت

(۲)طوفان

اِشْتَدَّتْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ يَوْمٍ عَاصِفٍ (۱۴:۲۲)

آندھی کے دن اس پر زور کی ہوا چلے-لسان اورابن کثیر کی تفسیر کے مطابق یوم عاصف کے معنی ہیں تیز وتند ہوا والا دن اور آیت کا ترجمہ یہ ہوگا کہ تندوتیز ہوا والے دن-

عَاصِفَةٌ (اسم فاعل واحد مؤنث)

طوفانی ہوا-

اَلْعَاصِفَاتُ (اسم فاعل جمع مؤنث)

طوفانی ہوائیں-

عَصْفاً منصوب-سنسناتی ہوئی

فَالْعٰصِفٰتِ عَصْفًا (۷۷:۲)

اور قسم ہے ان ہواؤں کی جو تیزی سے سنسناتی ہیں-یعنی تباہی اور بربادی لانے والی خوفناک ہوا-

ع ص م ☆

يَعْصِمُ (فعل مضارع واحد مذکر غائب)-وہ بچاتا ہے-

عَصَمَ يَعْصِمُ عَصْمًا (ض)

محفوظ رکھنا-بچانا' دفاع کرنا- حفاظت سے رکھنا-

عَاصِمٌ (اسم فاعل واحد مذکر)

بچانے والا-

عِصَمٌ (اسم جمع)تعلقات'

روابط'بندھن-

مفرد:عِصْمَةٌ روک'پرہیز'احتیاط (عصمت)پاکیزگی-

اِعْتَصَمُوْا باب افتعال(فعل ماضی جمع مذکر غائب)انہوں نے مضبوطی سے تھام لیا-

اِعْتَصَمَ اِعْتِصَاماً مضبوطی سے تھامنا

يَعْتَصِمْ باب افتعال-ساکن

(فعل مضارع واحد مذکر غائب)وہ مضبوطی سے تھامتا ہے-

اِعْتَصِمُوْا (فعل امر جمع مذکر حاضر)

مضبوطی سے تھام رکھو-

اِسْتَعْصَمَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب)- بچالیا-

اِسْتَعْصَمَ اِسْتِعْصَاماً بچالینا-اپنے آپ کو محفوظ رکھنا-اپنے آپ کو گناہ سے روک لیا یا بچالیا-

ع ص و ☆

عَصَا (اسم)لاٹھی

جمع عِصِيٌّ لاٹھیاں-

ع ص ی ☆

عَصٰى معتل(فعل ماضی واحد مذکر غائب)-اس نے نافرمانی کی-

عَصَانِيْ (فعل ماضی واحد مذکر غائب)اس نے میری نافرمانی کی-

عَصٰى يَعْصِيْ عَصْياً وَ مَعْصِيَةً (ض)

نافرمانی کرنا-بغاوت کرنا-مخالفت کرنا-مزاحمت کرنا-نوٹ:فعل کا تیسرا حرف ی-آخر میں ضمیر متصل "نی" آنے کی وجہ سے الف میں تبدیل ہوگیا-

عَصَيْتَ (معتل)(فعل ماضی واحد مذکر حاضر) تو نے نافرمانی کی/بغاوت کی-

عَصَيْتُ (معتل)(فعل ماضی واحد متکلم)میں نے نافرمانی کی-

عَصَوْا (معتل)(فعل ماضی جمع مذکر غائب)انہوں نے نافرمانی کی-

عَصَيْنَا (فعل ماضی جمع متکلم)

ہم نے نافرمانی کی-

يَعْصِ (ساکن)(فعل مضارع واحد مذکر غائب)-کہ نافرمانی کرے

أَعْصِيْ (معتل)(فعل مضارع واحد متکلم)میں نافرمانی کرتا ہوں-

لَا أَعْصِيْ میں نافرمانی نہیں کروں گا-

يَعْصُوْنَ (معتل)(فعل مضارع جمع مذکر غائب)وہ نافرمانی کرتے ہیں-

يَعْصِيْنَ (معتل)(فعل مضارع جمع مؤنث غائب)وہ عورتیں نافرمانی کریں گی-

لَا يَعْصِيْنَكَ وہ تیری نافرمانی نہیں کریں گی-

عَصِيًّا (معتل)(اسم فاعل)

نافرمان-باغی

عِصْيَانٌ (معتل)(اسم مصدر)

بغاوت-نافرمانی

مَعْصِيَةٌ (معتل-مصدر میمی)

نافرمانی معصیت-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ع ض د ☆

عَضُدَ (اسم)(۱) بازو کا اوپری حصہ۔
عَضَدَ یَعْضُدُ عَضْداً (ن) مدد کرنا
قَالَ سَنَشُدُّ عَضُدَکَ بِاَخِیْکَ (۳۵:۲۸)
اللہ نے فرمایا: "ہم تیرے بھائی کے ذریعے تیرا بازو مضبوط کریں گے۔
(۲) حامی
وَمَاکُنْتُ مُتَّخِذَ الْمُضِلِّیْنَ عَضُدًا (۵۱:۱۸)
اور میں ایسا نہ تھا کہ گمراہ کرنے والوں کو مددگار بناتا۔

ع ض ض ☆

عَضُّوْا (فعل مضاعف) (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے کاٹا
عَضَّ یَعَضُّ عَضًّا وَ عَضِیْضًا (ن) حسرت کے مارے ہاتھ کاٹنا۔ دانت پیسنا
یَعَضُّ (فعل مضاعف) (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ کاٹتا ہے۔ انتہائی مایوسی اور دکھ میں کاٹتا ہے۔

ع ض ل ☆

لَا تَعْضُلُوْا (فعل نہی جمع مذکر حاضر) (ناجائز طور پر) نہ روکو۔ س
عَضَلَ یَعْضُلُ عَضْلاً (ن) ناجائز طور پر روکنا۔
فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ یَّنْكِحْنَ (۲۳۲:۲)
تو ان عورتوں کو نکاح کرنے سے مت روکو

ع ض ه ☆
ع ض و ☆

عِضِیْنَ (اسم جمع) ٹکڑے یا جادوگری
عَضَهَ یَعْضَهُ عَضْهًا (ف) جھوٹ بولنا۔ تہمت لگانا۔
عَضَا یَعْضُوْ عَضْواً (ن) ٹکڑوں میں تقسیم کرنا۔ مفرد: عِضَةٌ ٹکڑا عِضَةٌ کی جمع عِضُوْنَ اور نصبی حالت عِضِیْنَ
اَلَّذِیْنَ جَعَلُوا الْقُرْاٰنَ عِضِیْنَ (۹۱:۱۵)
جنہوں نے قرآن کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا (آیت کا مطلب یہ بھی ہوسکتا ہے کہ "جنہوں نے قرآن کو جھوٹ اور سحر سمجھا)

ع ط ف ☆

عِطْفٌ (اسم گردن)
ثَانِیَ عِطْفِهٖ لِیُضِلَّ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ (۹:۲۲)
(اور تکبر سے) گردن موڑ لیتا ہے تاکہ لوگوں کو اللہ کے راستے سے گمراہ کردے (یعنی اپنے آپ کو بڑا سمجھتے ہوئے) اور متکبرانہ انداز سے (ابن کثیرؒ)

ع ط ل ☆

عُطِّلَتْ باب تفعیل (فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب)۔ معطل کردی گئی
عَطَّلَ تَعْطِیْلاً (باب تفعیل) چھین لینا (کسی کو اس کی جائیداد سے محروم کرنا) غیر محفوظ کرچھوڑنا
عَطِلَ یَعْطَلُ عَطَالَةً (ن) بے کار ہونا۔ بے روزگار ہونا۔
مُعَطَّلَةٌ (اسم مفعول واحد مؤنث) بے کار۔ معطل

ع ط و ☆

اَعْطٰی باب افعال۔ فعل معتل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے عطا کیا۔ دیا
اَعْطٰی یُعْطِیْ اِعْطَاءً دینا۔ پیش کرنا۔ عطا کرنا۔
عَطَا یَعْطُوْ عَطْوًا (ن) لینا (بالخصوص ہاتھ سے)
اَعْطَیْنَا باب افعال، فعل معتل (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے دیا/عطا کیا
اِنَّآ اَعْطَیْنٰكَ الْكَوْثَرَ (۱:۱۰۸)
ہم نے آپ کو کوثر عطا کیا۔
یُعْطِیْ باب افعال، فعل معتل (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ عطا کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

یُعْطُوْا باب افعال- معتل
(فعل مضارع جمع مذکر غائب)- وہ ادا کریں-
اُعْطُوْا باب افعال - معتل
(فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب) انہیں دیا گیا-
یُعْطَوْا باب افعال - معتل
(فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب)- انہیں دیا جائے-
فَاِنْ اُعْطُوْا مِنْهَا رَضُوْا وَاِنْ لَّمْ یُعْطَوْا مِنْهَآ اِذَا هُمْ یَسْخَطُوْنَ
(۵۸:۹)
تو اگر انہیں اس میں سے خاطر خواہ مل جائے تو خوش رہیں اور اگر (اس قدر) نہ ملے تو جھٹ خفا ہو جائیں-
آیت (۹:۳۰) میں وارد لفظ یُعْطُوْا (فعل مضارع صیغہ جمع مذکر غائب) بمعنی وہ عطا کرتے ہیں/ یا دیتے ہیں- اور یُعْطَوْا (فعل مضارع مجہول) بمعنی انہیں دیا جاتا ہے اور آیت (۵۸:۹) میں وارد لفظ لَمْ یُعْطَوْا 'انہیں نہیں دیا جاتا' کا باہم موازنہ کریں (اور فرق سمجھیں)-
تَعَاطٰی باب تفاعل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) لے لیا-
تَعَاطًا تَعَاطِیًا باب تفاعل کے بنیادی معنوں کیلئے دیکھئے: ع ط و
عَطَاءٌ (اسم) تحفہ بخشش

ع ظ م ☆

یُعَظِّمْ باب تفعیل ساکن
(فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ تعظیم کرتا ہے-
عَظَّمَ تَعْظِیْمًا تعظیم کرنا
عَظُمَ یَعْظُمُ عِظَمًا وَ عَظَامَةً (ک) اہم ہونا- عظیم ہونا-
یُعَظِّمْ باب تفعیل (ساکن)
(فعل مضارع واحد مذکر غائب) بڑا بنائے گا-
اَعْظَمَ اِعْظَامًا کسی کی تعظیم کرنا اہمیت دینا- اس کی بڑائی کرنا-
عَظْمٌ اَلْعَظْمُ (اسم) ہڈی
جمع اَعْظُمٌ، عِظَامٌ ہڈیاں
عِظَامًا، اَلْعِظَامَ منصوب اَلْعِظَامِ مجرور: (اسم جمع) ہڈیاں-
مفرد: عَظْمٌ
اَلْعَظِیْمُ (اسم فاعل بروزن فعیل واحد مذکر)- عظیم' بہت بڑا- (یعنی تمام تر تمام سے بلند و بالا ذات باری کے صفاتی اسمائے الحسنیٰ میں سے ایک نام-
وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ (۲۵۵:۲)
اور وہ بلند اور عظیم ہے-
(۲) طاقتور
وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ (۱۲۹:۹)
وہ عرش عظیم کا رب ہے-
عَظِیْمٌ عَظِیْمًا منصوب- طاقتور عظیم' بڑا' بھاری
اَعْظَمُ (اسم تفضیل) زیادہ بڑا

ع ف ر ☆

عِفْرِیْتٌ (اسم) جن
عَفَرَ یَعْفِرُ عَفْرًا (ض) رگڑنا- الٹنا- یا مٹی میں چھپانا
عَفَرٌ وَ عَفْرٌ گرد و غبار- مٹی
عفریت سے مراد کوئی ایسی چیز ہے جو معمول کی حد سے بڑھی ہوئی ہو- یہ غالباً جنات کے لئے بولا جاتا ہے اور برائی کا مفہوم لئے ہوئے ہے- جس میں شرارت اور حسد شامل ہو- جمع عفاریت

ع ف و ☆

عَفَا فعل معتل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) (۱) اس نے معاف کر دیا-
عَفَا یَعْفُوْ عَفْوًا (ن) معاف کر دینا
لِ، عَنْ (۱) معاف کر دینا (۲) عن کثرت سے ہونا (۳) نظر انداز کرنا (۴) دستبردار ہونا-
وَلَقَدْ عَفَا عَنْكُمْ (۱۵۲:۳)
اس نے تمہارا قصور معاف کر دیا-
عَفَوْا فعل معتل (فعل ماضی جمع مذکر غائب) وہ کثرت سے بڑھے
ثُمَّ بَدَّلْنَا مَكَانَ السَّیِّئَةِ الْحَسَنَةَ حَتّٰی عَفَوْا (۹۵:۷)
پھر ہم نے تکلیف کو آسودگی سے بدل دیا- یہاں تک کہ وہ (مال و اولاد میں) زیادہ ہو گئے-
یَعْفُوَ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) (۳) معاف کر دے
عَسَی اللّٰهُ اَنْ یَّعْفُوَ عَنْهُمْ (۹۹:۴)
قریب ہے کہ خدا ایسوں کو معاف کر دے-
(۴) صرف نظر کرنا- معاف کر دینا-
یَعْفُوْا عَنْ كَثِیْرٍ (۱۵:۵)
تمہارے بہت سے قصور معاف کر دیتا ہے
(۵) دستبردار ہونا-
اَوْ یَعْفُوَ الَّذِیْ بِیَدِهٖ عُقْدَةُ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

النِّکاح (۲:۲۳۷)
یا مرد جس کے ہاتھ میں عقد نکاح ہے اپنے حق سے دستبردار ہو۔
نوٹ:- (۱) جہاں فعل عفا کے بعد عَن آئے (یا لِ جیسے کہ مجہول کے صیغے میں) تو اس کے معنی مضاف کرنا ہوتے ہیں۔ اور جہاں یہ فعل 'عن' کے صلے کے بغیر آئے وہاں اس کا معنی دستبردار ہونا نظر انداز کرنا ہوتا ہے۔ لیکن یہ قاعدہ کلیہ نہیں ہے (۲) یَعْفُوْ کو زائد الف کے ساتھ لکھا جاتا ہے۔ یَعْفُوْا بحالت مرفوع۔ ورنہ اسے بغیر الف کے لکھا جاتا ہے اور "وْ" پڑھی جاتی ہے۔

یَعْفُ فعل معتل (ساکن) (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ معاف کرتا ہے۔

یَعْفُوْنَ معتل (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ دستبردار ہوتے ہیں یا وہ عورتیں دستبردار ہونے پر راضی ہوتی ہیں۔

لِیَعْفُوْا لام تعلیل، (فعل معتل (فعل مضارع واحد مذکر غائب)۔ تا کہ وہ معاف کریں۔

تَعْفُوْا فعل معتل (فعل مضارع واحد مذکر حاضر) تم دستبردار ہوتے ہو۔

وَاَنْ تَعْفُوْا اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰی (۲:۲۳۷)
اگر تم مرد لوگ ہی اپنا حق چھوڑ دو تو یہ پرہیزگاری کی بات ہے۔
(۲) معاف کرنا۔ درگزر کرنا۔
اَوْ تَعْفُوْا عَنْ سُوْٓءٍ (۴:۱۴۹)
یا برائی سے درگزر کرو گے۔
وَاِنْ تَعْفُوْا وَ تَصْفَحُوْا وَ تَغْفِرُوْا (۶۴:۱۴)
اور اگر معاف کر دو درگزر کرو اور بخش دو۔
نوٹ:- اس آیت میں فعل تَعْفُوْا کے بعد عَن نہیں آیا اس کے باوجود اس کے معنی معاف کرنا ہے۔

تَعْفُ ساکن، فعل معتل (فعل مضارع جمع متکلم) ہم معاف کرتے ہیں

اُعْفُ فعل معتل (فعل امر واحد مذکر حاضر) تو معاف کر۔

اُعْفُوْا۔ معتل (فعل امر جمع مذکر حاضر) تم معاف کرو

عُفِیَ ۔ لَ (فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب) اسے معاف کیا گیا۔

فَمَنْ عُفِیَ لَهٗ مِنْ اَخِیْهِ شَیْءٌ (۲:۱۷۸)
اگر قاتل کو اس کے (مقتول) بھائی کے قصاص میں سے کچھ معاف کر دیا جائے۔
(۱) معافی

اَلْعَفْوُ (اِ م) (۱) معافی مہربانی

خُذِ الْعَفْوَ وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ (۷:۱۹۹)
عفو و درگزر سے کام لیجئے اور شایان شان کام کا حکم دیجئے (ماجد) درگزر سے کام لیجئے اور مہربانی کا حکم دیجئے (پکتھال)
(۲) زائد
وَیَسْئَلُوْنَکَ مَاذَا یُنْفِقُوْنَ قُلِ الْعَفْوَ (۲:۲۱۹)
اور یہ بھی تم سے پوچھتے ہیں کہ خدا کی راہ میں کون سا مال خرچ کریں؟ کہہ دو کہ جو ضرورت سے زیادہ ہو۔

ع ف ف ☆

لِیَسْتَعْفِفْ باب استفعال مضاعف (لام امر واحد مذکر غائب) (۱) وہ بچے (ازراہ کرم)

اِسْتَعَفَّ یَسْتَعِفُّ اِسْتِعْفَافًا
بچا رہنا۔ پرہیز کرنا۔ پاکباز رہنا
عَفَّ یَعِفُّ عَفًّا وَ عِفَّةً وَ عِفَافًا
ناجائز امور سے پرہیز کرنا۔ متقی پرہیزگار
نوٹ:- یہ فعل مضاعف ہے مجزی حالت میں فک ادغام ہو جاتا ہے اور دونوں حرف الگ الگ پڑھے جاتے ہیں مثلاً لِیَسْتَعْفِفْ یَسْتَعِفُّ اول تو یَسْتَعْفِفْ مجرور نہیں کیونکہ لِ حرف جر نہیں بلکہ لام امر ہے رہا فکِ ادغام کا مسئلہ تو اس کا سبب باب استفعال میں فا کلمہ ساکن ہو جاتا ہے اور اس کے بعد عین کلمہ بھی ساکن ہے۔ اور امر کا آخری حرف بھی مبنی بر سکون ہوتا ہے تو اس طرح ادغام کی صورت میں دو ساکنوں کا اجتماع لازم آتا ہے جو قواعد کی رو سے جائز نہیں لہٰذا التقاء ساکنین سے بچنے کے لئے فکِ ادغام ہوا (مترجم)
وَمَنْ کَانَ غَنِیًّا فَلْیَسْتَعْفِفْ (۴:۶)
اور (اولیاء میں سے) جو کوئی مالدار ہو تو اسے (ازراہ مروت) (خرچ لینے سے) رکنا چاہئے (پکتھال)۔
(۲) پاکباز رہنا۔
وَلْیَسْتَعْفِفِ الَّذِیْنَ لَا یَجِدُوْنَ نِکَاحًا (۲۴:۳۳)
اور جن کو بیاہ کا مقدور نہ ہو وہ پاک دامنی کو اختیار کئے رہیں۔
نکاح کے لئے دیکھئے ن ک ح

یَسْتَعْفِفْنَ باب استفعال مضاعف منصوب (فعل مضارع جمع مؤنث غائب) وہ عورتیں پاکدامنی اختیار کئے رہیں۔

اَلتَّعَفُّفُ (باب تفعّل اسم مصدر) (گداگری سے) پرہیز

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

عَفُوٌّ مرفوع عَفُوًّا منصوب (اسم)
سب سے زیادہ معاف کرنے والا - اسماء الحسنیٰ میں سے ذات باری کا ایک صفاتی نام

عَافِیْنَ (اسم فاعل جمع مذکر)
معاف کرنے والے - مفرد: عَافِیٌ عَافٍ

ع ق ب ☆

یُعَقِّبْ باب تفعیل ساکن
(فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ پیچھے دیکھتا ہے -

عَقَّبَ یُعَقِّبُ تَعْقِیْبًا پیچھا کرنا
بعد میں آنا - پیچھے دیکھنا -

عَقَبَ یَعْقُبُ عَقْبًا وَ عُقُوْبًا وَ عَاقِبَةً (ن)
پیرو ہونا - جانشین ہونا - بعد میں آنا -

وَلّٰی مُدْبِرًا وَّلَمْ یُعَقِّبْ (۱۰:۲۷)
وہ پیٹھ پھیر کر بھاگے اور پیچھے مڑ کر نہ دیکھا -

عَاقَبَ باب مفاعلہ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے سزا دی -

عَاقَبَ مُعَاقَبَةً وَ عِقَابًا
ایک دوسرے کے ساتھ بدلے میں کوئی عمل کرنا - سزا دینا - مارنا پیٹنا -

عَاقَبْتُمْ باب مفاعلہ (فعل ماضی جمع مذکر حاضر) تم نے سزا دی -

عَاقِبُوْا باب مفاعلہ (فعل امر واحد مذکر حاضر) تو سزا دے

عُوْقِبَ باب مفاعلہ (فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب) اسے سزا دی گئی -
لفظی ترجمہ: اسے سزا دی گئی - سیاق کلام کے پیش نظر ترجمہ: اسے تکلیف دی گئی -

عُوْقِبْتُمْ باب مفاعلہ (فعل ماضی مجہول جمع مذکر حاضر) تمہیں سزا دی گئی یا تمہیں ستایا گیا -

وَاِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَاعُوْقِبْتُمْ بِهٖ (۱۶:۱۲۶)
اور اگر تم ان کو تکلیف دینا چاہو تو اتنی ہی دو جتنی تکلیف تم کو ان سے پہنچی ہے -

اَعْقَبَ باب افعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب) انجام سے دوچار کرنا -

فَاَعْقَبَهُمْ نِفَاقًا فِیْ قُلُوْبِهِمْ (۹:۷۷)
تو اس نے انجام کار ان کے دلوں میں نفاق ڈال دیا -

عُقْبٌ مرفوع عُقْبًا منصوب
(اسم) حتمی خاتمہ

عَقِبٌ (اسم) اولاد جانشین - اخلاف - لفظی ترجمہ خاتمہ - بعد

وَجَعَلَهَا كَلِمَةً بَاقِيَةً فِیْ عَقِبِهٖ (۲۸:۴۳)
اور یہی بات اپنے پیچھے اپنی اولاد میں چھوڑ گئے - (۲) ایڑھی

عَقِبَیْهِ مرکب لفظ عَقِبَیْنِ اسم ثنی اس کی دو ایڑھیاں

مِمَّنْ یَّنْقَلِبُ عَلٰی عَقِبَیْهِ (۲:۱۴۳)
ان میں سے جو الٹے پاؤں پھر جاتا ہے -

اَعْقَابٌ (اسم جمع) ایڑھیاں
مفرد: عَقِبٌ

عِقَابٌ اَلْعِقَابُ (اسم مصدر) سزا
وہ سزا جو گناہوں کے نتیجے میں دی جائے

عِقَابِ (مرکب لفظ محذوف الآخر) عِقَابِیْ میرا عتاب یا میرا غضب

اَلْعَقَبَةُ (اسم) گھاٹی
فرائض کی ادائیگی کا مشکل راستہ

عُقْبٰی (اسم) انجام - آخرت
نوٹ: اگر اس لفظ کے آخر میں کوئی ضمیر متصل شامل کی جائے تو آخری "ی" الف سے بدل جاتی ہے - مثلاً: عُقْبَاهَا اس کی آخرت یا اس کا انجام -

عَاقِبَةٌ (اسم فاعل واحد مؤنث)
خاتمہ

اَلْعَاقِبَةُ (اسم معرفہ) اچھا یا نیک انجام

مُعَقِّبٌ (باب تفعیل اسم فاعل)
لوٹانے والا - نظر ثانی کرنے والا -

مُعَقِّبَاتٌ (جمع) اپنے فرائض متواتر اور مسلسل انجام دینے والے (فرشتے ایک دوسرے کے پیچھے لگاتار آنے والے)

ع ق د ☆

عَقَدَتْ (فعل ماضی واحد مؤنث غائب) اس عورت نے عہد باندھا -

عَقِدَ یَعْقَدُ عَقْدًا (س)
رسی باندھنا - گانٹھ لگانا - بند کرنا - بطور محاورہ عہد و پیمان کو پختہ کرنا - عہد و پیمان کرنا -

وَالَّذِیْنَ عَقَدَتْ اَیْمَانُكُمْ (۴:۳۳)
اور جن لوگوں سے تم عہد کر چکے ہو -

عَقَدْتُّمْ (فعل ماضی جمع مذکر حاضر) تم نے عہد کیا -

وَلٰكِنْ یُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا عَقَّدْتُّمُ الْاَیْمَانَ (۵:۸۹)
لیکن پختہ قسموں پر (جن کے خلاف کرو گے) تو مواخذہ کرے گا -

نوٹ: - درج بالا دو آیتوں میں اَیْمَانَ کا لفظ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

مختلف معنوں میں آیا ہے دیکھیے م ن

الْعُقُوْدُ (اسم جمع) عہدوپیمان

مفرد: عَقْدٌ

عُقْدَةٌ (اسم) گانٹھ جمع عُقَدٌ

عُقْدَةُ النِّكَاحِ نکاح کی گانٹھ

الْعُقَدُ گانٹھیں مفرد عُقْدَةٌ

وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ (۴:۱۱۳)

اور گانٹھوں پر پھونکنے والیوں کے شر سے (یعنی جادوگر عورتیں جو رسی یا ڈوری پر گانٹھیں لگائیں اور ان پر (جادو) پھونکیں تاکہ اپنے شکار لوگوں کو نقصان پہنچائیں (عبدالماجد دریا آبادی)

ع ق ر ☆

عَقَرَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے کونچیں کاٹ دیں-

عَقَرَ يَعْقِرُ عَقْرًا (ض)

کاٹنا - زخمی کرنا - (مویشی کی) کونچیں کاٹنا یا ذبح کرنا-

عَقَرُوْا (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے کونچیں کاٹ دیں-

عَاقِرٌ مرفوع عَاقِرًا منصوب (اسم فاعل) لق ودق بنجر - بانجھ - بارآور نہ ہونا - عورت کا بانجھ پن-

عَقُرَ يَعْقُرُ عُقْرًا (ک)

ع ق ل ☆

عَقَلُوْا (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے سمجھا/جان لیا

عَقَلَ يَعْقِلُ عَقْلًا (ض)

لفظی ترجمہ: رسی سے اونٹ کے زانو باندھنا-

بطور محاورہ: سمجھنا استیعاب کرنا-

عَقَلُوْهُ انہوں نے اسے سمجھ لیا

يَعْقِلُوْنَ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ سمجھتا ہے-

يَعْقِلُ (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ سمجھتے ہیں-

تَعْقِلُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم سمجھتے ہو-

نَعْقِلُ (فعل مضارع جمع متکلم) ہم سمجھتے ہیں-

ع ق م ☆

عَقِيْمًا منصوب عَقِيْمٌ (اسم فاعل) بانجھ

عَقُمَ يَعْقُمُ عُقْمًا (ک) بانجھ رحم

وَقَالَتْ عَجُوْزٌ عَقِيْمٌ (۲۹:۵۱)

اور اس نے کہا: (اے ہے ایک تو بڑھیا دوسرے بانجھ) بطور محاورہ:

عَذَابُ يَوْمٍ عَقِيْمٍ (۵۵:۲۲)

نامبارک و نامسعود دن کا عذاب - (یعنی المناک دن کیونکہ اس دن کے بعد دوسرا دن نہ ہوگا)

الرِّيْحَ الْعَقِيْمَ (۴۱:۵۱)

بانجھ (یعنی تباہ کن) ہوا-

ع ک ف ☆

يَعْكُفُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر غائب)

عَكَفَ يَعْكُفُ عُكُوْفًا (ض، ن)

عَلٰى

گھیرے رہنا - چمٹنا - چپکنا - پھاڑنا - مستقل طور پر چمٹے رہنا - ثابت قدم رہنا - مسلسل کسی ایک جگہ رہنا-

فَاَتَوْا عَلٰى قَوْمٍ يَّعْكُفُوْنَ عَلٰٓى اَصْنَامٍ لَّهُمْ (۱۳۸:۷)

پھر ان کا گزر ایک ایسی قوم پر ہوا جو اپنے بتوں سے چمٹے ہوئے تھے (ماجد) وہ ایسی قوم کے پاس آئے جو اپنے بتوں کے گرویدہ تھے (پکتھال) پکتھال نے یہ ترجمہ سیاق کلام کے پیش نظر مجبور ہو کر کیا ہے-

عَاكِفًا منصوب (اسم فاعل واحد مذکر) (۱) ثابت قدم یا وہ شخص جو جاں نثار اور فدا کار ہو-

وَانْظُرْ اِلٰٓى اِلٰهِكَ الَّذِيْ ظَلْتَ عَلَيْهِ عَاكِفًا (۹۷:۲۰)

اور اپنے معبود کو دیکھو جس کے تم معتکف رہے ہو (ماجد) یعنی جس کے سرگرم پجاری رہے ہو-

(۲) باسی - رہنے والا - مقیم-

سَوَآءَ ۨ الْعَاكِفُ فِيْهِ وَالْبَادِ (۲۵:۲۲)

یکساں ہے خواہ وہ وہاں کا رہنے والا ہو - یا باہر سے آنے والا اجنبی-

عَاكِفُوْنَ، عَاكِفِيْنَ منصوب (اسم فاعل جمع مذکر) معتکف - ڈیرہ ڈالے ہوئے-

وَاَنْتُمْ عٰكِفُوْنَ ۙ فِي الْمَسٰجِدِ (۱۸۷:۲)

جب تم مسجدوں میں اعتکاف کئے ہوئے ہو

مَعْكُوْفًا منصوب مَعْكُوْفٌ اسم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

مفعول) رکا ہوا

ع ل ق ☆

عَلَق (اسم) لوتھڑا-
جونک خون کا لوتھڑا
اَلْعَلَقَة عَلَقَة (اسم) لوتھڑا
مُعَلَّقَة باب تفعیل (اسم مفعول واحد مؤنث) لٹکی ہوئی-
عَلَّقَ تَعْلِيقًا (باب تفعیل) لٹکانا- مُعلّق کرنا- یعنی ایسی عورت جو نہ عقد نکاح میں اور نہ مطلقہ ہو بلکہ کسی کے ساتھ شادی کرنے میں آزاد ہو-
عَلِقَ يَعْلَقُ عَلَقًا (س) لٹکانا- ملتوی رکھنا- چمٹائے رکھنا-

ع ل م ☆

عَلِمَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے جان لیا
عَلِمَ يَعْلَمُ عِلْمًا (س) جاننا مانوس ہونا- معلوم کرنا- سمجھ لینا
عَلِمْتَ (فعل ماضی واحد مذکر حاضر) تو نے جان لیا-
عَلِمُوْا (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے جان لیا
عَلِمْتُمْ (فعل ماضی جمع مذکر حاضر) تم نے جان لیا-
عَلِمْنَا (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے جان لیا-
يَعْلَمُ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ جانتا ہے-
لَيَعْلَمَنَّ لام تاکید و نون ثقیلہ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ یقیناً جان لے گا-
تَعْلَمُ (فعل مضارع واحد مذکر حاضر) تو جانتا ہے-
تَعْلَمْ (ساکن) تو جانے
لَمْ يَعْلَمْ اس نے نہیں جانا
أَلَمْ تَعْلَمْ کیا تو نے نہیں جانا
أَعْلَمُ (فعل مضارع واحد متکلم) میں جانتا ہوں-
يَعْلَمُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ جانتے ہیں-
يَعْلَمُوْا (محذوف لاآخر ساکن) کہ وہ جانیں-
لِيَعْلَمُوْا تا کہ وہ جان لیں
أَلَمْ يَعْلَمُوْا کیا انہوں نے نہیں جان لیا
تَعْلَمُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم جانتے ہو-
تَعْلَمُوْا (ساکن آخری حرف محذوف) کہ تم جان لو-
حَتّٰى تَعْلَمُوْا تاوقتیکہ تم جان لو
لِتَعْلَمُوْا تا کہ تم جان لو
لَمْ تَعْلَمُوْا تم نے نہیں جانا
اِعْلَمْ (فعل امر واحد مذکر) تو جان لے-
اِعْلَمُوْا (فعل امر جمع مذکر حاضر) تم جان لو-
لِيُعْلَمَ لام تعلیل (فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب) تا کہ وہ معلوم ہو
عَلَّمَ باب تفعیل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے سکھایا- عَلَّمَ تَعْلِيْمًا سکھانا-
عَلَّمْتُمْ باب تفعیل (فعل ماضی جمع مذکر حاضر) تم نے سکھایا-
عَلَّمْتَ (فعل ماضی واحد مذکر حاضر) تو نے سکھایا-
عَلَّمْتُ (فعل ماضی واحد متکلم) میں نے سکھایا-
عَلَّمْنَا باب تفعیل (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے سکھایا
يُعَلِّمُ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ سکھاتا ہے-
يُعَلِّمَانِ باب تفعیل (فعل مضارع تثنیہ مذکر غائب) وہ دو سکھاتے ہیں-
يُعَلِّمُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ سکھاتے ہیں-
تُعَلِّمُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم سکھاتے ہو-
تُعَلِّمَنِ مرکب لفظ (تعلم+ن)
تُعَلِّمَنِيْ (فعل مضارع واحد مذکر حاضر) تو مجھے سکھاتا ہے-
نُعَلِّمُ (فعل مضارع جمع متکلم)
لِنُعَلِّمَهٗ تا کہ ہم اسے سکھائیں-
عُلِّمْتَ (فعل ماضی مجہول واحد مذکر حاضر) تجھے سکھایا گیا-
عُلِّمْتُمْ (فعل ماضی مجہول جمع مذکر حاضر) تم کو سکھایا گیا-
عُلِّمْنَا (فعل ماضی مجہول جمع متکلم) ہمیں سکھایا گیا-
يَتَعَلَّمُوْنَ باب تفعل (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ سیکھتے ہیں- تَعَلَّمَ تَعَلُّمًا سیکھنا- علم حاصل کرنا-
اَلْعِلْمُ، عِلْمٌ علم- اطلاع- سیکھنا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

عَالِمٌ (اسم فاعل واحد مذکر) جاننے والا۔
عُلَمَاءُ، اَلْعُلَمَاءُ جمع مکسر، عالم لوگ
عَالِمُوْنَ، عَالِمِیْنَ جمع سالم۔ عالم لوگ
اَلْعَلِیْمُ (اسم فاعل بروزن فعیل) جاننے والا۔ اسمائے حسنیٰ میں سے ذات باری کا ایک صفاتی نام۔
عَلِیْمٌ، عَلِیْمًا منصوب۔ جاننے والا عَلِیْم ایسا عالم جس کے لئے علم ایک ذاتی صفت بن گیا ہو۔
عَلَّامٌ (اسم مبالغہ) علّامہ۔ بہت بڑا عالم۔
مَعْلُوْمٌ، اَلْمَعْلُوْمُ (اسم مفعول واحد مذکر) جانی پہچانی چیز۔
مَعْلُوْمَاتٌ اطلاعات (معلوم چیزیں۔ جانی ہوئی باتیں
مُعَلَّمٌ (اسم مفعول باب تفعیل) سکھایا ہوا شخص۔
عَلَامَاتٌ (اسم جمع) نشانیاں۔ مفرد: عَلَامَةٌ
اَلْعَالَمِیْنَ (اسم جمع) بہت سے عَالَم مفرد: عَالَمٌ
نوٹ:۔ عالمین عالم کی جمع سے مراد تمام موجودات ہیں خواہ وہ مادی ہوں یا روحانی اس سے یہ پتہ چلتا ہے کہ عالم صرف وہی نہیں جو انسان نے اب تک دریافت کیا ہے بلکہ بہت سے عالَم ابھی دریافت ہونا باقی ہیں۔ یا مستقبل میں دریافت ہونے والے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اسی وسیع مفہوم میں رب العالمین یعنی تمام عالموں کا رب ہے۔ قرآن کریم میں بعض مقامات پر یہ لفظ عالمین تمثیلی انداز میں استعمال ہوا ہے جس سے مراد کسی مخاطب شخص یا معاشرے کے گردو پیش کے لوگ ہیں مثلاً:

يٰبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّىْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَي الْعٰلَمِيْنَ (۲:۴۷)

اے یعقوبؑ کی اولاد! میرے وہ احسان یاد کرو جو میں نے تم پر کئے تھے اور یہ کہ میں نے تم کو جہاں کے لوگوں پر فضیلت بخشی تھی۔

ع ل ن ☆

اَعْلَنْتُ باب افعال (فعل ماضی واحد متکلم) میں نے اعلان کیا۔
اَعْلَنَ اِعْلَانًا (باب افعال): اعلان کرنا۔ کھلے بندوں، نمایاں طور پر بات کہنا
عَلَنَ يَعْلُنُ عَلَنًا وَ عَلَانِيَةً (ض، ن) کھلنا۔ نمایاں ہونا۔
اَعْلَنْتُمْ باب افعال (فعل ماضی جمع مذکر حاضر) تم نے اعلان کیا۔
يُعْلِنُوْنَ باب افعال (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ اعلان کرتے ہیں۔
تُعْلِنُوْنَ باب افعال (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم اعلان کرتے ہو۔
نُعْلِنُ باب افعال (فعل مضارع جمع متکلم) ہم اعلان کرتے ہیں۔
عَلَانِيَةً (منصوب) برسرعام اعلانیہ۔ کھلے بندوں

ع ل و ☆

عَلَا فعل معتل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) وہ غالب آیا۔ بلند ہوا
عَلَا يَعْلُوْ عُلُوًّا (ن) بلند ہونا اوپر ہوا، بلند ہوا۔ چڑھا۔ غالب ہوا۔ اپنے آپ کو بڑا کیا۔ متکبر ہوا۔
عَلَوْا فعل معتل (فعل ماضی جمع مذکر غائب) لفظی ترجمہ: وہ غالب آئے۔

وَلِيُتَبِّرُوْا مَا عَلَوْا تَتْبِيْرًا (۱۷:۷)

اور جس چیز پر غلبہ پائیں، اسے بُری طرح تباہ کردیں (بلکھال)۔ ان کے قبضے میں جو چیز آئے اسے بُری طرح تباہ و برباد کردیں۔
لَا تَعْلُوْا (فعل نہی جمع مذکر حاضر) بڑے نہ بنو۔ اپنے آپ کو بڑا نہ سمجھو۔

اَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ وَاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ (۲۷:۳۱)

کہ مجھ سے سرکشی نہ کرو اور مطیع و فرماں بردار بن کر میرے پاس آؤ۔
لَتَعْلُنَّ فعل معتل (لام تاکید ونون ثقیلہ) تم یقیناً غالب آجاؤ گے۔
تَعَالٰى باب تفاعل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) وہ بلندو برتر ہے۔

سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَصِفُوْنَ (۶:۱۰۰)

وہ ان باتوں سے جو اس کی نسبت وہ بیان کرتے ہیں، پاک و بلندو برتر ہے۔
تَعَالَوْا (فعل امر جمع مذکر حاضر) تم آؤ۔
تَعَالَ (فعل امر واحد مذکر حاضر) تو آ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

تَعَالَيْنَ (فعل امر جمع مؤنث
تم (عورتیں) آؤ۔
تَعَالِی (فعل امر واحد مؤنث
حاضر) تو (عورت) آ
اِسْتَعْلٰی باب استفعال (فعل
ماضی واحد مذکر غائب) وہ سب کے اوپر ہوا۔
اِسْتَعْلٰی اِسْتِعْلَاءً سب سے اوپر ہونا
وَقَدْ اَفْلَحَ الْيَوْمَ مَنِ اسْتَعْلٰى
(۲۰:۶۴)
اور آج جو غالب رہا وہی کامیاب ہوا۔
عَالٍ (اسم فاعل واحد مذکر، ساکن
فعل معتل) ظالم، متکبر
عَالِيًا فعل معتل (اسم فاعل)
عَالِیٌ ظالم، خود پسند، متکبر
عَالِیْ فعل معتل (اسم فاعل)
عَالِيَهَا: اس کی اوپر والی جگہ (۱) اوپر کی طرف
جَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا (۱۱:۸۲)
ہم نے اس (بستی) کو نیچے اوپر کردیا۔
(۲) اوپر
عٰلِيَهُمْ ثِيَابُ سُنْدُسٍ (۷۶:۲۱)
ان کے (بدنوں کے) اوپر دیبا کے سبز ریشمی
کپڑے ہوں گے۔
عَالِيْنَ، اَلْعَالِيْنَ (اسم فاعل جمع
مذکر) خود پسند۔ متکبر۔ اپنے آپ کو بڑا
سمجھنے والے۔
عَالِيَةٌ (اسم فاعل واحد مؤنث)
بلند۔ اونچی
اَلْعُلٰى (اسم تفضیل جمع مؤنث)
بلندیاں
عُلْيَا (واحد مؤنث) اَعْلٰى (واحد مذکر)
اَلْعُلْيَا (اسم تفضیل واحد
مؤنث) اونچی غیر ذوی العقول کی جمع

عُلُوًّا (فعل معتل، اسم مصدر)
(منصوب) بہت بلندی۔
عَلِیٌّ (اسم فاعل واحد مذکر)
اعلیٰ ترین
عَلِيًّا (منصوب) بلند و بالا
اَلْاَعْلٰى اسم تفضیل (واحد مذکر
بزرگ و برتر
اَلْاَعْلَوْنَ (جمع مذکر)، عظیم اور
بڑے لوگ، غالب لوگ
عِلِّيُّوْنَ، عِلِّيِّيْنَ بلند ترین مقامات
مفرد: عِلِّيَّةٌ
ساتویں آسمان پر ایک مقام جہاں مومنوں
کی روح چڑھیں گی۔
اَلْمُتَعَالُ باب افتعال (اسم
فاعل) بلند و برتر۔

ع ل ی ☆

عَلٰى حرف جار (۱) پر، اوپر (حقیقی
طور پر۔
وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ
تُحْمَلُوْنَ (۲۳:۲۲)
ان (مویشیوں) پر اور کشتیوں پر تم سوار
ہوتے ہو۔ ب: معنوی لحاظ سے:
وَاَنِّیْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى
الْعٰلَمِيْنَ (۲:۴۷)
میں نے تمہیں جہانوں پر فضیلت دی
(۲) لئے
وَحَرَّمْنَا عَلَيْهِ الْمَرَاضِعَ مِنْ
قَبْلُ (۲۸:۱۲)
اور ہم نے پہلے ہی اس پر دائیوں کے دودھ
حرام کردیئے تھے۔

(۳) وقت پر
وَدَخَلَ الْمَدِيْنَةَ عَلٰى حِيْنِ غَفْلَةٍ
مِّنْ اَهْلِهَا (۲۸:۱۵)
اور ایسے وقت شہر میں داخل ہوئے کہ وہاں
کے باشندے بے خبر ہو رہے تھے۔
(۴) زیر نگرانی سامنے۔
وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِیْ (۲۰:۳۹)
اور اس لئے کہ تم میرے سامنے پرورش پاؤ
(۵) کس طرف۔ جانب
فَخَرَجَ عَلٰى قَوْمِهٖ مِنَ الْمِحْرَابِ
(۱۹:۱۱)
پھر وہ (عبادت کے) حجرے سے نکل کر
اپنی قوم کی طرف آئے۔
(۶) پر۔
يٰحَسْرَتٰى عَلٰى مَا فَرَّطْتُّ فِیْ
جَنْۢبِ اللّٰهِ (۳۹:۵۶)
حسرت اس کوتاہی پر جو میں نے خدا کے حق
میں کی۔
(۷) بوجہ (وجہ بیان کرنے کے لئے)
قَالَ لَهٗ مُوْسٰى هَلْ اَتَّبِعُكَ عَلٰٓى
اَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ
رُشْدًا (۱۸:۶۶)
موسیٰؑ نے ان سے کہا کہ جو علم آپ کو سکھایا
گیا ہے اگر آپ اس میں مجھے کچھ بھلائی کی
باتیں سکھائیں تو میں آپ کی پیروی میں
رہوں۔ (۸) بشرطیکہ۔
قَالَ اِنِّیْٓ اُرِيْدُ اَنْ اُنْكِحَكَ
اِحْدَى ابْنَتَیَّ هٰتَيْنِ عَلٰٓى اَنْ تَاْجُرَنِیْ
ثَمٰنِیَ حِجَجٍ (۲۸:۲۷)
انہوں نے موسیٰؑ سے) کہا کہ میں چاہتا
ہوں کہ اپنی ان دو بیٹیوں میں سے ایک کو تم
سے بیاہ دوں اس شرط پر کہ تم آٹھ برس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

میری خدمت کرو-

فَشٰرِبُوْنَ عَلَیْهِ مِنَ الْحَمِیْمِ (۵۶:۵۴)

اور اس پر کھولتا ہوا پانی پیو گے-

(ا) خلاف

عَلَیْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ (۹:۹۸)

انہی پر (ان ہی کے خلاف) بری گردش آئے-

ع م د ☆

تَعَمَّدَتْ (فعل ماضی واحد مؤنث غائب) اس عورت نے جان بوجھ کر کیا

تَعَمَّدَ تَعَمُّدًا جان بوجھ کر کوئی کام کرنا

عَمَدَ یَعْمِدُ عَمْدًا (ض)

ارادہ کرنا - حمایت کرنا - ستون کھڑے کرنا-

مُتَعَمِّدًا باب تفعّل (منصوب) (اسم فاعل) جان بوجھ کر-

عَمَدٌ (اسم جمع) ستون

مفرد: عِمَادٌ بلند و بالا ڈھانچہ-

اِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ (۸۹:۷)

اونچے اونچے ستونوں والے ارم

تفصیل کے لئے دیکھئے- ا ر م

ع م ر ☆

عَمَرُوْا (فعل ماضی جمع مذکر غائب) وہ بس گئے-

عَمَرَ یَعْمُرُ عِمَارَةً (ن) بسنا - جگہ آباد کرنا - قصد کرنا

یَعْمُرُ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ قصد کرتا ہے-

یَعْمُرُوْا ن محذوف' (فعل مضارع جمع مذکر غائب) تعمیر کریں-

اَنْ یَعْمُرُوْا کہ وہ تعمیر کریں (فعل مضارع جمع متکلم) کہ وہ تعمیر کریں

نُعَمِّرْ باب تفعیل (ساکن) ہم عمر دراز دیتے ہیں

عُمِّرَ (باب تفعیل) - اللہ نے عمر دراز کی

یُعَمَّرُ باب تفعیل (فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب) اسے لمبی عمر دی جاتی ہے-

اِعْتَمَرَ باب افتعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے عمرہ ادا کیا-

اِعْتَمَرَ باب افتعال عُمْرَةً عمرہ ادا کرنا عُمْرَةً ایک طرح کا حج ہے جس میں کچھ مناسک ادا کرنا ہوتے ہیں-

لفظی ترجمہ: زیارت یا زیارت کرنا ہے اور اصطلاحی طور پر مکہ میں خانہ کعبہ کی احرام باندھ کر زیارت کرنا' سات مرتبہ خانہ کعبہ کا طواف کرنا صفا اور مروہ دو پہاڑیوں کے درمیان سعی کرنا' اور آخر میں حلق یا قصر کرنا عمرہ اور حج میں فرق یہ ہے کہ حج کے لئے مخصوص تاریخ مقرر ہے اور کچھ دوسرے مناسک بھی ہیں جبکہ عمرہ سال کے کسی وقت بھی ادا کیا جاسکتا ہے-

اِسْتَعْمَرَ باب استفعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب) آباد کرنا' بسانا-

اِسْتَعْمَرَ اِسْتِعْمَارًا لوگوں کو کسی جگہ آباد کرنا- نوٹ:- موجودہ سیاسی اصطلاح استعمار بمعنی نوآبادکاری نظام کا اس کے لفظی ترجمہ سے کچھ واسطہ نہیں ہے-

عُمُرٌ (اسم) زندگی

لَعَمْرُكَ اِنَّهُمْ لَفِیْ سَكْرَتِهِمْ یَعْمَهُوْنَ (۱۵:۷۲)

تمہاری جان کی قسم! وہ اپنی مستی میں مدہوش (ہو رہے) تھے-

عُمُرًا منصوب (اسم) عمر بھر

الْعُمُرُ مرفوع

الْعُمْرَةُ (اسم) عمرہ دیکھئے مادہ

عِمَارَةَ (اسم مصدر) تعمیر کرنا

چرانا - قصد کرنا-

الْمَعْمُوْرُ (اسم مفعول) آباد بھرا ہوا-

وَالْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ (۵۲:۴)

اور آباد گھر کی قسم!

اَلْبَیْتُ الْمَعْمُوْرُ خانہ کعبہ کا اصل نمونہ ہے یا خانہ کعبہ کے مطابق یا عین اس کے اوپر آسمان میں واقع ہے روزانہ ہزاروں فرشتے اس کی زیارت کرتے ہیں اس کا طواف کرتے ہیں اور عبادت کرتے ہیں (ابن کثیر' بخاری - مسلم)

مُعَمَّرٌ' باب تفعیل (اسم مفعول) عمر رسیدہ آدمی-

ع م ق ☆

عَمِیْقٌ (اسم فاعل) گہرا

عَمُقَ یَعْمُقُ عَمَاقَةً وَ عُمْقًا (ک) (وادی یا کنویں کا) گہرا ہونا-

ع م ل ☆

عَمِلَ (فعل ماضی واحد مذکر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

غائب) اس نے عمل کیا۔

عَمِلَ يَعْمَلُ عَمَلاً (س)

عمل کرنا، سرانجام دینا۔ عمل کرنا۔ تعمیر کرنا

عَمِلَتْ (فعل ماضی واحد مؤنث غائب) اس عورت نے کیا

عَمِلُوْا (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے عمل کیا۔

عَمِلْتُمْ (فعل ماضی جمع مذکر حاضر) تم نے عمل کیا۔

نوٹ:۔ اکثر اوقات فعل عمل سے پہلے حرف شرط مَن آتا ہے یا مَا، مِن یا اشاری ضمائر آتی ہیں تو اس صورت میں اصل ماضی کے معنی "اس نے کیا" کے بدلے کس نے / جس نے کیا، معنی ہو جاتے ہیں۔

يَعْمَلُ مرفوع يَعْمَلْ ساکن

يَعْمَلَ منصوب (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ کرتا ہے / کرے گا۔ کرے۔

تَعْمَلُ (فعل مضارع واحد مؤنث غائب) وہ عمل کرتی ہے۔ عربی قواعد کی رو سے اپنے فاعل، جمع سے پہلے آنے کی صورت میں صیغہ واحد سے مراد جمع ہوتی ہے۔

أَعْمَلُ / أَعْمَلْ ساکن أَعْمَلَ منصوب۔ (فعل مضارع واحد متکلم) میں کرتا ہوں / کروں گا / کروں۔

يَعْمَلُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ عمل کرتے ہیں۔

تَعْمَلُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم عمل کرتے ہو۔

نَعْمَلُ مرفوع نَعْمَلَ منصوب نَعْمَلْ ساکن ہم کرتے ہیں / کریں گے / کریں

اِعْمَلْ (فعل امر واحد مذکر حاضر) تو عمل کر۔

اِعْمَلُوْا (فعل امر جمع مذکر حاضر) تم عمل کرو۔

عَمَلٌ (مرفوع) عَمَلاً (منصوب)

اَلْعَمَلُ (اسم) کارنامہ۔ کام۔ عمل درآمد۔ کارگزاری

اَعْمَالٌ (اسم جمع) کارنامے۔ کام۔ کارگزاریاں

مفرد: عَمَلٌ

عَامِلٌ (اسم فاعل واحد مذکر) عمل کرنے والا۔

عَامِلُوْنَ ۔ عَامِلِيْنَ ۔ اَلْعَامِلُوْنَ ۔ اَلْعَامِلِيْنَ (اسم فاعل جمع مذکر) کام کرنے والے۔

عَامِلَةٌ (اسم فاعل واحد مؤنث)

عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ (۸۸:۳) سخت مشقت اٹھانے والے تھکے ماندے (یعنی دوزخ کی آگ کے ذریعے)۔

ع م م ☆

عَمَّا عَمَّ : دیکھیے ع ن

عَمٌّ (اسم) چچا

أَعْمَامٌ (اسم، جمع) چچے مفرد عَم

عَمَّاتٌ (اسم جمع) پھوپھیاں

مفرد: عَمَّةٌ نوٹ:۔ قرآن کریم میں اس لفظ کے بعد ہمیشہ مخاطب کی خبر آئی ہے مثلاً: عَمٌّ (تمہارا چچا) أَعْمَامُكُمْ تمہارے چچے اور عَمّٰتُكُمْ تمہاری پھوپھیاں۔

ع م ہ ☆

يَعْمَهُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ سرگرداں پھرتے ہیں۔

عَمِهَ يَعْمَهُ عَمَهًا (س) سرگرداں ہونا، حیران ہونا۔ سیدھا راستہ نہ پانا۔ الجھ جانا۔

ع م ی ☆

عَمِيَ فعل معتل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) وہ اندھا ہوا۔

عَمِيَ يَعْمَى عَمًى (س) اندھا ہو جانا

عَمِيَتْ فعل معتل (فعل ماضی واحد مؤنث غائب) لفظی ترجمہ: وہ اندھی ہو گئی۔

فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْاَنْۢبَآءُ يَوْمَئِذٍ (۲۸:۶۶) تو وہ اس روز خبروں سے اندھے ہو جائیں گے۔ یعنی خوش خبریاں مدھم پڑ جائیں گی۔

عَمُوْا (فعل معتل) (فعل ماضی جمع مذکر غائب) وہ اندھے ہو گئے۔

تَعْمَى فعل معتل (فعل مضارع واحد مؤنث غائب) وہ اندھی ہو جاتی ہے۔

عُمِّيَتْ فعل معتل (باب تفعیل) (فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب) اس عورت کو گمنام کر دیا گیا۔

عَمَّى تَعْمِيَةً اندھا کر دینا۔

أَعْمَى باب افعال (فعل ماضی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

واحد مذکر غائب) اس نے اندھا کر دیا

أَعْمٰى إِعْمَاءً ا کسی کو اندھا کرنا-

الْعَمٰى عَمًى (اسم مصدر) اندھا کر دینا

فَاسْتَحَبُّوا الْعَمٰى عَلَى الْهُدٰى (۴۱:۱۷)

پس انہوں نے ہدایت کے مقابلے میں اندھا دھند رہنا پسند کیا-

عَمُوْنَ / عَمِيْنَ منصوب (اسم جمع) اندھے- جو اندھے ہو گئے ہوں- مفرد عَمٍ جو اپنی روحانی بصیرت ضائع ہونے کے باعث نہ دیکھ سکتے ہوں-

أَعْمٰى / الأَعْمٰى (اسم) اندھا

عُمْىٌ / عُمْيًا (اسم جمع) اندھے
مفرد: أَعْمٰى

عُمْيَانًا (اسم جمع) اندھے
مفرد: عَمٍ

ع ن ☆ ☆

عَنْ حرف جار (۱) بابت

یہ حرف درج ذیل معانی کے لئے استعمال ہوتا ہے: سے- میں سے- باوجود- بابت

وَلَا تُسْئَلُ عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِيْمِ (۲:۱۱۹)

آپ سے دوزخیوں کے بارے میں نہ پوچھا جائے گا-

(۲) ساتھ سے-

وَلَنْ تَرْضٰى عَنْكَ الْيَهُوْدُ (۲:۱۲۰)

اور یہود آپ سے ہرگز خوش نہ ہوں گے-

(۳) سے-

اُولٰٓئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ (۲۱:۱۰۱)

وہ لوگ وہاں سے ہٹا دیئے جائیں گے-

(۴) بدلے- بجائے-

وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِىْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْئًا (۲:۴۸)

اس دن سے ڈرو جب کوئی کسی کے کچھ کام نہ آئے- یعنی کسی کے بدلے/ بجائے کچھ نہ کر سکے-

(۵) وجہ سے-

وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ اِلَّا عَنْ مَّوْعِدَةٍ وَّعَدَهَآ اِيَّاهُ (۹:۱۱۴)

اور حضرت ابراہیمؑ کا اپنے باپ کے لئے استغفار کرنا- ایک وعدے کے سبب سے تھا جو وہ اس سے کر چکے تھے-

(۶) سے، جس طرح ب

وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى (۵۳:۳)

اور نہ وہ اپنی خواہش نفس سے اپنے منہ سے بات نکالتے ہیں-

(۷) سے، جیسے مِنْ

اَللّٰهُ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ (۳:۹۷)

اللہ تعالیٰ جہانوں سے بے نیاز ہے-

عَمَّا مرکب لفظ- عَنْ + مَا
اس سے/کس سے-

وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ (۲:۷۴)

اللہ اس سے بے خبر نہیں جو کچھ تم کرتے ہو-

عَمَّ مرکب لفظ - عَنْ + مَ
مَا کی مخفف صورت جو حرف استفہام کے جملوں میں استعمال ہوتی ہے-

عَمَّ يَتَسَآءَلُوْنَ (۷۸:۱)

وہ ایک دوسرے سے کس چیز کے بارے میں پوچھتے ہیں؟

ع ن ب ☆

عِنَبٌ (اسم) انگور
عِنَبًا منصوب

أَعْنَابٌ (اسم جمع) انگور (بصیغہ جمع) مفرد: عِنَبٌ

ع ن ت ☆

عَنَتٌ جرم، بدبختی-

عَنَتِ الْوُجُوْهُ کے لئے دیکھئے ع ن و

عَنِتُّمْ (فعل ماضی جمع مذکر حاضر) تم زیر بار ہو گئے-

عَنِتَ يَعْنَتُ عَنَتًا (س) مشکل درپیش ہونا، مصیبت میں گرفتار ہونا- زیر بار ہونا-

لَعَنِتُّمْ لام جواب شرط- تم بلاشبہ یقیناً زیر بار ہو جاتے-

أَعْنَتَ باب افعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے زیر بار کیا-

أَعْنَتَ إِعْنَاتًا (باب افعال) مشکل سے گزارنا- بوجھ لادنا-

وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَعْنَتَكُمْ (۲:۲۲۰)

اور اگر اللہ چاہتا تو تمہیں زیر بار کر دیتا-

الْعَنَتُ (اسم مصدر) جرم یا گناہ میں مبتلا ہونا-

عَنِتَ عَنَتًا (س) ارتکاب جرم کرنا- یا گناہ کرنا-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ع ن د ☆

عَنِيْدٌ/ عَنِيْداً منصوب (اسم فاعل واحد مذکر) ظالم' مخالف' ضدی

عَنَدَ يَعْنُدُ عُنُوْداً (ن' ک) عَنِدَ يَعْنَدُ عَنَداً (س)

زوال پذیر ہونا - راستے سے ہٹنا -

عَانَدُ باب مفاعلہ - مزاحمت کرنا - باغی ہونا -

عِنْدَ ایک حرف جو بطور حرف عطف استعمال ہوتا ہے - (۱) ساتھ' پاس (حقیقی معنوں میں)

عِنْدَ کے معنی پاس' ہیں خواہ حقیقی معنوں میں ہو یا معنوی لحاظ سے - اس سے مراد عہدہ' منصب یا عظمت یا رائے بھی ہے (راغب)

لَوْ كَانُوْا عِنْدَنَا مَا مَاتُوْا وَمَا قُتِلُوْا (۱۵۶:۳)

اگر وہ ہمارے پاس ہوتے تو نہ تو وہ مرتے اور نہ ہی قتل ہوتے -

وَجَدَ عِنْدَهَا رِزْقًا (۳۷:۳)

انہوں نے اس (مریمؑ) کے پاس کچھ رزق پایا یعنی اس کے نزدیک - معنوی اعتبار سے (۲) نزدیک -

ذَالِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ عِنْدَ بَارِئِكُمْ (۵۴:۲)

یہ تمہارے پروردگار کے نزدیک تمہارے لئے بہتر ہوتا -

(۳) عظمت و بزرگی کے اظہار کے لئے یا قریب کے لئے

بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ (۱۶۹:۳)

بلکہ وہ اپنے پروردگار کے ہاں (قرب میں) زندہ ہیں -

ع ن ق ☆

عُنُقٌ (اسم) گردن

وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُوْلَةً اِلٰى عُنُقِكَ (۲۹:۱۷)

اور اپنے ہاتھ کو نہ تو اپنی گردن سے بندھا ہوا یعنی بہت تنگ کر لو -

یہ جملہ بطور استعارہ اور محاورہ ہے جس کے معنی یہ ہیں کہ نہ تو بخیل بنو اور.......

وَكُلَّ اِنْسَانٍ اَلْزَمْنٰهُ طٰٓئِرَهٗ فِيْ عُنُقِهٖ (۱۳:۱۷)

اور ہم نے ہر انسان کے اعمال کو (بصورت کتاب) اس کے گلے میں لٹکا دیا ہے -

یہاں بھی عُنُقٌ بطور استعارہ استعمال ہوا ہے جس کے معنی کالر ہیں جو الگ نہیں کیا جا سکتا -

اَعْنَاقٌ (اسم جمع) گردنیں -

مفرد: عُنُقٌ - اَعْنَاقٌ بطور جمع حقیقی معنوں میں وارد ہوا ہے جبکہ اس کا مفرد عُنُقٌ بطور استعارہ استعمال میں آیا ہے -

☆ ☆ ☆ ☆

اَلْعَنْكَبُوْتُ (اسم) مکڑی

ع ن و ☆

عَنَتْ (فعل معتل) (فعل ماضی واحد مؤنث غائب) وہ جھک گئی

عَنَا يَعْنُوْ عَنَاءً و عُنُوَّةً (ن) - ل عاجزانہ انقیاد - گردن جھکا دینا -

وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ (۱۱۱:۲۰)

اور حی و قیوم (خدا) کے سامنے چہرے نیچے ہو جائیں گے -

ع ه د ☆

عَهِدَ - اِلٰى (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے عہد لیا -

عَهِدَ يَعْهَدُ عَهْداً (س) - اِلٰى عہد لینا - ذمہ لگانا - نافذ کرنا -

بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ (۱۳۴:۷)

جیسا کہ اس نے تم سے عہد کر رکھا ہے -

عَهِدْنَآ (فعل ماضی جمع متکلم)

ہم نے ذمے لگا دی -

وَعَهِدْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ (۱۲۵:۲)

ہم نے ابراہیمؑ کے ذمے لگا دیا -

اَعْهَدْ ساکن (فعل مضارع واحد متکلم) میں عہد لیتا ہوں -

اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ (۶۰:۳۶)

اے بنی آدم! کیا میں نے تم سے عہد نہیں لیا -

عَاهَدَ باب مفاعلہ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے معاہدہ کیا -

عَاهَدَ مُعَاهَدَةً (باب مفاعلہ) عہد لینا معاہدہ کرنا - حلف اٹھانا -

عَاهَدُوْا باب مفاعلہ (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے معاہدہ کیا -

عَاهَدْتُمْ باب مفاعلہ (فعل ماضی جمع مذکر حاضر) تم نے معاہدہ کیا -

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

عَهْدٌ (اسم مصدر) عہد نامہ
لفظی ترجمہ:- عہد
كَيْفَ يَكُوْنُ لِلْمُشْرِكِيْنَ عَهْدٌ عِنْدَاللهِ (۹:۷)
مشرکوں کا خدا کے ساتھ کوئی عہد نامہ کیسے ہوسکتا ہے- (۲) حلف
وَكَانَ عَهْدُ اللهِ مَسْئُوْلاً (۱۵:۳۳)
اور خدا کے ساتھ (کیے گئے) اقرار کی ضرور پرسش ہوگی (۳) عہد
اِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللهِ وَاَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلاً (۳:۷۷)
جو لوگ خدا کے ساتھ (کیے گئے) اقراروں کو اپنی قسموں کو بیچ ڈالتے ہیں- (۴) عہد نامہ- وعدہ- مقررہ وقت-
اَفَطَالَ عَلَيْكُمُ الْعَهْدُ (۲۰:۸۶)
کیا تمہارے لئے عہد نامہ کو بہت زیادہ وقت گزر اتھا (ماجد)-
کیا تمہارے لئے مقررہ وقت بہت لمبا ہوگیا تھا (پکھتال)-
کیا تب دیا گیا وقت تمہیں بہت لمبا دکھائی دیا (محمد علی)

ع ه ن ☆

اَلْعِهْنُ (اسم) اون
كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ (۱۰۱:۵)
دھنی ہوئی اون کی طرح-

ع و ج ☆

عِوَجٌ مرفوع عِوَجاً منصوب
اسم مصدر- ٹیڑھ- کجی
عَوِجَ يَعْوَجُ عِوَجاً (س)
ٹیڑھا ہونا- جھکا ہونا- مسخ ہونا- خراب ہونا-

ع و د ☆

عَادَ (فعل معتل) (فعل ماضی)
واحد مذکر غائب)- وہ لوٹا
عَادَ يَعُوْدُ عَوْداً وَ عَوْدَةً وَ مَعَاداً (ن)
واپس ہونا- دور (متعدی)
عَادُوْا فعل معتل (فعل ماضی
جمع مذکر غائب) وہ واپس لوٹے- لَعَادُوْا
لام تاکید- وہ یقیناً واپس آتے/ وہ یقیناً واپس آئے ہوتے-
عُدْتُمْ فعل معتل (فعل ماضی
جمع مذکر حاضر) تم واپس لوٹے
عُدْنَا فعل معتل (فعل ماضی
جمع متکلم) ہم واپس لوٹے-
يَعُوْدُوْنَ فعل معتل (فعل مضارع
جمع مذکر غائب) وہ واپس لوٹتے ہیں-
يَعُوْدُوْا (محذوف الآخر) کہ وہ واپس لوٹیں-
اَنْ يَعُوْدُوْا منصوب: تاکہ وہ لوٹیں
تَعُوْدُوْنَ فعل معتل (فعل مضارع
جمع مذکر حاضر) تم واپس لوٹتے ہو-
تَعُوْدُوْا فعل معتل (محذوف الآخر)
کہ تم لوٹو
لَتَعُوْدُنَّ فعل معتل لام تاکید و نون ثقیلہ (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم یقیناً واپس لوٹو گے-
نَعُوْدُ فعل معتل (فعل مضارع
جمع متکلم) ہم واپس لوٹتے ہیں-
نَعُدْ (فعل معتل محذوف الآخر) ہم واپس لوٹیں گے-
يُعِيْدُ باب افعال (فعل مضارع
واحد مذکر غائب) (۱) وہ اعادہ کرے گا-
اَعَادَ اِعَادَةً لوٹانا- دھرانا- بحال ہونا
اِنَّهٗ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ (۱۰:۴)
یقیناً وہی خلقت کو پہلی بار پیدا کرتا اور وہی اس کو دوبارہ پیدا کرے گا- (۲) بحال ہونا
اَعَادَ فعل متعدی ہے جس کے معنی کسی کو لوٹانا ہے یا لوٹنے سے روکنا ہے لیکن آیت ۳۴:۴۹ میں اس فعل کا مطلب لوٹنا محسوس ہوتا ہے یعنی یہاں یہ فعل لازم ہے- بہر حال ایک محاورہ ہے کہ فُلَانٌ مَا يُعِيْدُ وَمَا يُبْدِءُ اَىْ لَمْ يَكُنْ لَهٗ حِيْلَةٌ یعنی ایک شخص ایسا ہے جو نہ ابداء کرتا ہے نہ اعادہ یعنی اس کے جینے کا کوئی امکان نہیں-" نہ جائے رفتن نہ پائے ماندن"
قُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَمَا يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا يُعِيْدُ (۳۴:۴۹)
کہہ دو کہ حق آچکا اور (معبود) باطل نہ پہلی بار پیدا کرسکتا ہے نہ دوبارہ پیدا کرے گا-
يُعِيْدُ- كُمْ (مرکب لفظ محذوف الآخر) (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ تمہیں دوبارہ پیدا کریں گے-
نُعِيْدُ فعل معتل (فعل مضارع جمع متکلم) ہم واپس کرتے ہیں-
اَعِيْدُوْا فعل معتل باب افعال (فعل امر جمع مذکر حاضر) تم لوٹاؤ
عَائِدُوْنَ فعل معتل (اسم فاعل
جمع مذکر) واپس لوٹنے والے-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

مَعَاذ فعل معتل (اسم ظرف)
گھر وہ جگہ جہاں ہر شخص مجبوراً واپس آئے گا۔

ع و ذ ☆

عُذْتُ فعل معتل (فعل ماضی واحد متکلم) میں نے پناہ لی۔
عَاذَ یَعُوْذُ عَوْذًا وَ عِیَاذًا وَ مَعَاذًا (ن)
کسی سے کسی کی پناہ مانگنا۔ کسی شخص یا خطرے سے کسی کی پناہ مانگنا۔
اَعُوْذُ فعل معتل) فعل مضارع واحد متکلم) میں پناہ مانگتا ہوں۔
یَعُوْذُوْنَ فعل معتل (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ پناہ مانگتے ہیں۔
اُعِیْذُ فعل معتل باب افعال (فعل مضارع واحد متکلم) میں پناہ میں دیتا ہوں۔
اَعَاذَ اِعَاذَةً باب افعال دوسرے کو پناہ مانگنے پر مائل/مجبور کرنا۔
اِنِّیٓ اُعِیْذُھَابِکَ (۳:۳۶)
میں اس (مریم) کو تیری پناہ میں دیتی ہوں
اِسْتَعِذْ فعل معتل۔ باب استفعال (فعل امر واحد مذکر حاضر) پناہ طلب کر۔
اِسْتَعَاذَ ۔ اصل مادہ کی طرح
مَعَاذَ (اسم فاعل، فعل معتل) پناہ۔
مَعَاذَ اللّٰہِ خدا کی پناہ (محاورہ)

ع و ر ☆

عَوْرَةٌ (اسم) (۱) برہنہ۔
(مرد یا عورت کے) اعضائے مخصوصہ جنہیں ننگا کرنے سے انسان شرم محسوس کرتا ہے دشمنوں کے لئے کوئی کھلی چھوڑی ہوئی چیز اپنے آپ کو ظاہر کرنے کا مناسب وقت۔
اِنَّ بُیُوْتَنَا عَوْرَةٌ وَّمَا ھِیَ بِعَوْرَةٍ (۳۳:۱۳)
بے شک ہمارے گھر کھلے پڑے ہیں حالانکہ وہ کھلے نہیں تھے۔
(۲) برہنگی
عَوْرَاتٌ (اسم، جمع) برہنگی
مفرد: عَوْرَةٌ
اَوِ الطِّفْلِ الَّذِیْنَ لَمْ یَظْهَرُوْا عَلٰی عَوْرٰتِ النِّسَآءِ (۲۴:۳۱)
یا وہ بچے جو عورت کے پردے کی چیزوں سے واقف نہ ہوں۔ (۳) پردہ
ثَلٰثُ عَوْرٰتٍ لَّکُمْ (۲۴:۵۸)
تمہارے لئے تین اوقات خلوت (پردے) کے ہیں۔

ع و ق ☆

اَلْمُعَوِّقِیْنَ فعل معتل باب تفعیل (اسم فاعل جمع مذکر) روکنے والے
عَاقَ یَعُوْقُ عَوْقًا (ن) وَ عَوَّقَ تَعْوِیْقًا
(باب تفعیل) روکنا۔ بند کرنا۔ قید میں رکھنا۔ منع کرنا۔

ع و م ☆

عَامٌ مرفوع عَامًا منصوب سال
جمع:۔ اَعْوَامٌ
عَامَیْنِ (مثنی) دو سال

ع و ن ☆

اَعَانَ باب افعال فعل معتل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے مدد کی۔
یُعِیْنُ اِعَانَةً ۔ عَلٰی اَعَانَ
اعانت کرنا، مدد کرنا۔ ساتھ دینا
اَعِیْنُوْا باب افعال فعل معتل (فعل امر جمع مذکر حاضر) تم مدد کرو۔ اَعِیْنُوْنِیْ تم میری مدد کرو۔
تَعَاوَنُوْا باب مفاعلہ۔ فعل معتل فعل امر جمع مذکر حاضر) تم ایک دوسرے کی مدد کرو۔
تَعَاوَنَ تَعَاوُنًا (باب تفاعل)
تعاون کرنا۔ باہم مدد کرنا۔
نَسْتَعِیْنُ باب استفعال فعل معتل (فعل مضارع جمع متکلم) ہم مدد طلب کرتے ہیں۔
اِسْتَعَانَ اِسْتِعَانَةً (باب استفعال) مدد طلب کرنا۔
اِسْتَعِیْنُوْا باب استفعال، فعل معتل (فعل امر جمع مذکر حاضر) تم مدد طلب کرو
اَلْمُسْتَعَانُ باب استفعال، فعل معتل (اسم مفعول واحد مذکر) جس سے مدد مانگی جائے۔
عَوَانٌ (اسم) درمیانی عمر کا
عَانَ یَعُوْنُ عَوْنًا (ن) درمیانی عمر کا ہونا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ع ی ب ☆

اَعِیْبَ فعل معتل، منصوب (فعل مضارع واحد متکلم) میں عیب لگاتا ہوں۔

عَابَ یَعِیْبُ عَیْباً (ض) نقصان ہونا یا نقصان کرنا/عیب لگانا۔

ع ی ر ☆

اَلْعِیْرُ (اسم) کاروان۔ قافلہ

ع ی ش ☆

عِیْشَةٌ (اسم مصدر) روزی زندگی

عَاشَ یَعِیْشُ عَیْشاً وَ عِیْشَةً وَ مَعَاشاً وَ مَعِیْشَةً (ض) ایک مخصوص انداز میں زندہ رہنا۔

مَعِیْشَةٌ (اسم مصدر) روزی/روزگار

مَعَایِشُ (اسم جمع) روزی۔ روزگار (بصیغہ جمع) مفرد مَعِیْشَةٌ

مَعَاشاً منصوب (اسم ظرف) روزی تلاش کرنے کا وقت

ع ی ل ☆

عَیْلَةٌ (اسم) غربت و ناداری

عَائِلاً منصوب (اسم فاعل واحد مذکر) معذور۔ نادار

عَالَ یَعِیْلُ عَیْلاً وَ عَیْلَةً (ض) نادار ہو جانا/معذور ہو جانا۔

ع و ل ☆

تَعُوْلُوْا (فعل معتل) (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) کہ تم ایک ہی طرف جھک جاؤ۔ یعنی بے انصافی کرو

عَالَ یَعُوْلُ عَوْلاً (ن) حلف اٹھانا۔ دوسروں کو نظر انداز کر کے ایک طرف مڑنا یعنی بے انصاف بن جانا۔

ذٰلِکَ اَدْنٰی اَلَّا تَعُوْلُوْا (۴:۳) اس سے تم بے انصافی سے بچ جاؤ گے۔

ع ی ن ☆

عَیْنٌ (اسم) (۱) چشمہ (پانی کا)

فِیْهَا عَیْنٌ جَارِیَةٌ (۸۸:۱۲) اس میں بہتے چشمے ہوں گے۔

عَیْنَانِ، عَیْنَیْنِ اسم تثنیہ دو چشمے

عُیُوْنٌ (اسم جمع) چشمے

اِنَّ الْمُتَّقِیْنَ فِیْ جَنّٰتٍ وَّعُیُوْنٍ (۱۵:۴۵) بے شک پرہیزگار باغوں اور چشموں میں ہوں گے۔ اَلْعَیْنُ (۲) آنکھ

وَالْعَیْنَ بِالْعَیْنِ (۵:۴۵) اور آنکھ کے بدلے آنکھ۔ عَیْنَاهُ اس کی دو آنکھیں۔ عَیْنَاکَ تیری دو آنکھیں۔

عَیْنَا مثنی عَیْنَاکَ مرکب لفظ محذوف الآخر۔ تیری دو آنکھیں

عَیْنَیْ منصوب عَیْنَیْکَ مرکب لفظ تیری دو آنکھیں۔

عَیْنَانِ مثنی + ک محذوف الآخر عَیْنَاکَ

عَیْنَیْنِ مثنی ک محذوف الاخر عَیْنَیْکَ

اَعْیُنٌ (اسم، جمع) آنکھیں مفرد عَیْنٌ

عِیْنٌ (اسم جمع) بڑی بڑی آنکھوں والے/والیاں۔ مفرد: عَیْنَاءُ

مَعِیْنٌ (اسم ظرف) پانی کا چشمہ

ع ی ی ☆

عَیِیْنَا فعل معتل (فعل ماضی جمع متکلم) ہم خستہ ہو گئے۔ ہم تھک کر چور ہو گئے۔

عَیِیَ یَعْیٰی عَیَاءً (س) کچھ کرنے کے لئے راہ نہ پانا۔

اَفَعَیِیْنَا بِالْخَلْقِ الْاَوَّلِ (۵۰:۱۵) کیا ہم پہلی بار پیدا کر کے تھک گئے ہیں۔

یَعْیٰی فعل معتل۔ تھکتا ہے

وَلَمْ یَعْیَ بِخَلْقِهِنَّ (۴۶:۳۳) وہ انہیں پیدا کر کے تھک نہیں گیا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الغارُ دیکھئے غ و ر

غاوِیْنَ/ الْغاوِیْنَ / الْغاوٗنَ دیکھئے غ و ی

الْغاشِیَۃُ دیکھئے غ ش ی

الْغائطُ دیکھئے غ و ط

الْغائِبِیْنَ دیکھئے غ ی ب

غ ب ر ☆

غَبَرَۃٌ (اسم) گردوغبار: استعارہ غم واندوہ

غَبَرَ یَغْبُرُ غُبُوْرًا (ن) وَاَغْبَرَ باب افعال وَ اغْبَرَّ باب افعلال- غبار آلود کرنا/غبار آلود ہونا-

الْغابِرِیْنَ (اسم فاعل جمع مذکر) پیچھے رہ جانے والے-

غَبَرَ یَغْبُرُ غُبُوْرًا (ن) رہ جانا- الگ ہونا-

نوٹ: اس لفظ کے دو متضاد معنی ہیں ایک پیچھے رہ جانا اور دوسرا ''الگ ہونا'' قرآن کریم پہلا ترجمہ مراد ہے-

غ ب ن ☆

التَّغابُنُ (باب تفاعل اسم مصدر) باہم نفع نقصان

تَغابَنَ تَغابُنًا (باب تفاعل) ایک دوسرے کو دھوکا دینا-

یَوْمَ یَجْمَعُکُمْ لِیَوْمِ الْجَمْعِ ذٰلِکَ یَوْمُ التَّغابُنِ (۶۴:۹)

جس دن وہ تم کو اکٹھا ہونے (یعنی قیامت) کے دن اکٹھا کرے گا وہ نفع /نقصان اٹھانے یعنی ہار جیت کا دن-

(یعنی قیامت کا دن جس دن کچھ لوگ جو اپنی دنیوی زندگی میں عیش وعشرت والے لوگ گھاٹے میں رہیں گے- دوسری طرف کچھ لوگ جنہیں دنیوی زندگی میں کوئی آسائش حاصل نہ تھی نفع میں رہیں گے (ابن کثیر، زمخشری)

غ ث و ☆

غُثاءٌ (اسم) (۱) کوڑا کرکٹ (طوفان سے اڑ جانے والا)

فَجَعَلْنٰھُمْ غُثاءً (۲۳:۴۱)

تو ہم نے ان کو کوڑا کر ڈالا-

(۲) بھوسا- چاکر- کوڑا

فَجَعَلَہٗ غُثاءً اَحْوٰی (۸۷:۵)

پھر اس کو سیاہ رنگ کا کوڑا کر دیا-

غ د ر ☆

یُغادِرُ باب مفاعلہ (فعل مضارع- واحد مذکر غائب) روانہ ہو جاتا ہے- چھوڑ کر چل دیتا ہے-

غادَرَ مُغادَرَۃً چھوڑنا- پیچھے چھوڑنا

غَدَرَ یَغْدِرُ غَدْرًا (ن، ض) عہد توڑنا- غداری کرنا-

نُغادِرْ ساکن باب مفاعلہ (فعل مضارع جمع متکلم) ہم روانہ ہوتے ہیں-

لَمْ نُغادِرْ ہم نہیں گئے-

غ د ق ☆

غَدَقًا (اسم مصدر) منصوب کثرت سے-

غَدِقَ یَغْدَقُ غَدَقًا (س) وَاَغْدَقَ باب افعال- چشمے کے پانی کی کثرت- موسلا دھار بارش-

غ د و ☆

غَدَوْتَ فعل معتل (فعل ماضی واحد مذکر حاضر) تو صبح کو نکلا

غَدَا یَغْدُوْ غُدُوًّا (ن) صبح کو نکلنا- جلدی آگے جانا- (کسی وقت) الگ ہو جانا-

غَدَوْا فعل معتل (فعل ماضی جمع مذکر غائب) وہ باہر نکل گئے-

اُغْدُوْا (فعل معتل) (فعل امر جمع مذکر حاضر) تم آگے جاؤ-

غَدٍ مجرور غدًا منصوب (اسم) آئندہ کل-

غُدُوٌّ غُدُوًّا منصوب (اسم) صبح

اَلْغَداۃُ صبح

غَداءٌ دن کا کھانا-

غ ر ب ☆

غَرَبَتْ (فعل ماضی واحد مؤنث

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

غائب) غروب ہوگئی۔
غَرَبَ يَغْرُبُ غَرْبًا وَ غُرُوْبًا (ن)
غائب ہونا۔ غروب ہونا
(سورج یا ستاروں وغیرہ کا)
تَغْرُبُ (فعل مضارع واحد
مؤنث غائب)۔ غروب ہوتی ہے۔
اَلْغُرُوْبُ (اسم مصدر)
غروب آفتاب۔
اَلْغَرْبِيُّ (صفت نسبتی مذکر) مغربی
غَرْبِيَّةٌ (صفت نسبتی مؤنث) مغربی
مَغْرَبُ / اَلْمَغْرِبُ
(اسم ظرف مفرد) (مغرب) غروب
آفتاب کی جگہ
اَلْمَغْرِبَيْنِ (اسم ظرف مثنی)
دو مغرب۔
اَلْمَغَارِبُ (اسم ظرف جمع) مغرب
غُرَابًا منصوب اَلْغُرَابُ
(اسم) کوا
غَرَابِيْبُ (اسم جمع) سیاہ فام
مفرد: غِرْبِيْبٌ کوا

غ ر ر ☆

غَرَّ (مضاعف) (فعل ماضی
واحد مذکر غائب) اس نے دھوکا دیا۔
غَرَّ يَغُرُّ غَرًّا وَ غُرُوْرًا (ن)
دھوکا دینا / فریب دینا
غَرَّتْ (مضاعف) (فعل
ماضی واحد مؤنث غائب) اس عورت نے
فریب دیا۔
يَغْرُرْ ساکن (فعل مضارع
واحد مذکر غائب) دھوکا / فریب دے۔

فَلَا يَغْرُرْكَ تجھے دھوکا نہ دے۔
يَـغُـرَّنَّ نون تاکید) فعل مضارع واحد
مذکر غائب)
وہ ضرور دھوکا دے گا
لَا يَغُرَّنَّكَ تجھے دھوکا نہ دے۔
غُرُوْرٌ، غُرُوْرًا (اسم مصدر) دھوکہ
فریب۔
اَلْغَرُوْرُ (اسم) دغا۔ دھوکا۔
فریب
نوٹ: غـرور بـضـم الـغـيـن اسم مصدر
ہے۔ اور اس کا مطلب دغا / دھوکا فریب
دینا ہے جبکہ غَرُوْرٌ بفتح الغین کا مطلب
دھوکا کھانے کے اسباب اور مقصد ہے۔

غ ر ف ☆

اِغْتَرَفَ باب افتعال (فعل ماضی
واحد مذکر غائب) ڈوئی
اِغْتَرَفَ اِغْتِرَافًا چلو سے پانی
لینا / پینا۔
غُرْفَةٌ (اسم) پانی کا چلو
اِلَّا مَنِ اغْتَرَفَ غُرْفَةً بِيَدِهٖ
(۲۴۹:۲)
سوائے اس کے کہ جو کوئی اپنے ہاتھ سے چلو
بھر پانی پی لے (پکتھال)۔ سوائے اس
کے جو ہاتھ کے چلو بھر لے (عبدالماجد دریا
آبادی)
اَلْغُرْفَةُ (اسم) بالاخانہ
غُرَفٌ، غُرُفَاتٌ (جمع)
غُرَفٌ" غُرَفًا اَلْغُرُفَاتُ بالاخانے

غ ر ق ☆

اَغْرَقْنَا باب افعال (فعل ماضی
جمع متکلم) ہم نے غرق کر دیا۔
يُغْرِقُ باب افعال، منصوب
وہ غرق کرتا ہے۔
غَرِقَ يَغْرَقُ غَرَقًا (س)
پانی میں ڈوب جانا
لِتُغْرِقَ باب افعال (لام تعلیل
(فعل مضارع واحد مذکر حاضر) تاکہ تو
غرق کر دے۔
نُغْرِقْ باب افعال (فعل
مضارع جمع متکلم) ہم غرق کریں گے۔
اُغْرِقُوْا باب افعال (فعل ماضی
مجہول جمع مذکر غائب) وہ غرق کئے گئے۔
اَلْغَرَقُ (اسم مصدر) ڈوبنا
غَرْقًا منصوب (اسم مصدر) وسیع
پیمانے پر تباہی
وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا (۱:۷۹)
فرشتوں کی قسم! جو بڑی سختی سے کھینچتے ہیں
(عبدالماجد دریا آبادی)۔ ان فرشتوں کی
قسم! جو تباہی کے لئے کھینچ نکالتے ہیں۔
یعنی مشرکوں کی روحوں کو ان کے سینوں سے
کھینچ نکالتے ہیں۔
مُغْرَقُوْنَ / اَلْمُغْرَقِيْنَ (منصوب)
(اسم مفعول جمع مذکر) غرق ہونے والے
لوگ۔

غ ر م ☆

اَلْغَارِمِيْنَ (اسم فاعل جمع مذکر)

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

مقروض لوگ۔

غَرِمَ یَغْرَمُ غُرْمًا (غُرْمًا) وَ غَرَامَةٌ وَ مَغْرَمًا (س) مقروض ہونا (جرمانے / ٹیکس کی) ادائیگی کے لئے مقروض۔

غَرَامًا منصوب (اسم) عذاب مسلسل۔

مَغْرَمٌ (اسم مصدر) جبری قرض واجب الادا قرض۔

مُغْرَمُوْنَ (اسم مفعول جمع مذکر) قرض میں پھنسے ہوئے لوگ یا کسی اور کے زیر بار۔

غ ر و ☆

اَغْرَیْنَا باب افعال۔فعل معتل ہم نے تحریک کی ہے۔ہم نے موقع پیدا کیا ہے۔

اَغْرٰی اِغْرَاءً ا ۔ ب ۔ یَیْنَ (باب افعال) کچھ کرنے کے لئے شدید خواہش کے ذریعے کسی کو آمادہ کرنا۔ مائل کرنا۔ مجبور کرنا دباؤ ڈالا۔

لَنُغْرِیَنَّ لام تاکید و نون ثقیلہ (فعل مضارع جمع متکلم) ہم یقیناً آمادہ کریں گے۔

وَالْمُرْ جِفُوْنَ فِی الْمَدِیْنَةِ لَنُغْرِ یَنَّکَ بِھِمْ (۳۳:۶۰)

اور جو مدینے کے اندر بری بری خبریں اڑایا کرتے ہیں اپنے کردار سے باز نہ آئیں تو ہم تم کو ان کے پیچھے لگادیں گے۔

غ ز ل ☆

غَزْلٌ (اسم) کاتا ہوا دھاگہ

غَزَلَ یَغْزِلُ غَزْلاً (ض) کاتنا

غ ز و ☆

غُزًّی فعل معتل (اسم فاعل جمع مذکر) بروزن رُکَّعٌ مفرد: غازی جنگجو۔

غَزَا یَغْزُوْ غَزْوًا (ن) آگے بڑھنا دشمن کے ملک پر حملہ کرنا۔

غَازٍ (اسم فاعل واحد مذکر) جمع مکسر: غُزًّی غَزْوَةٌ جمع: غَزَوَاتٌ جنگ۔

غ س ق ☆

غَسَقٌ (اسم مصدر) تاریک ہوا

غَسَقَ یَغْسِقُ غَسْقًا (ض) گھپ اندھیرا چھا جانا۔

غَاسِقٌ (اسم فاعل واحد مذکر) تاریکی۔ تاریکی پھیلانے والا۔

غَسَّاقٌ / غَسَّاقًا اسم مبالغہ گلن سڑن (عبدالماجد دریا آبادی) دوزخیوں کے جسموں سے بہنے والی پیپ۔شل کرنے والی سردی (پکتھال)

غ س ل ☆

فَاغْسِلُوْا (فعل امر جمع مذکر حاضر) تم غسل کرو/ دھولو۔

غَسَلَ یَغْسِلُ غَسْلاً غُسْلاً (ض) دھونا۔پاک کرنا۔

تَغْتَسِلُوْا محذوف الآخر (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) کہ تم دھولو/غسل کرلو۔

اِغْتَسَلَ اِغْتِسَالًا باب افتعال غسل کرنا

حَتّٰی تَغْتَسِلُوْا تا آنکہ تم غسل کرلو

مُغْتَسَلٌ (اسم مفعول واحد مذکر) نہانے کی جگہ (راغب) پانی (عبدالماجد دریا آبادی)۔چشمہ (پکتھال)۔

نوٹ:۔ قواعد صرف کی رو سے مزید فیہ باب سے اسم مفعول بھی اسم ظرف کا کام کر دیتا ہے۔

غِسْلِیْنٌ (اسم) گلن سڑن۔ دھوون۔ دوزخیوں کے جسموں سے بہنے والی پیپ۔

غ ش ی ☆

غَشِیَ (فعل معتل) (فعل ماضی واحد مذکر غائب) چھا گیا۔ڈھانکا

غَشِیَ یَغْشٰی غَشَایَةٌ وَ غَشَاوَةٌ (س) ڈھانکنا چھپانا۔

فَغَشِیَھُمْ مِّنَ الْیَمِّ مَاغَشِیَھُمْ (۲۰:۷۸)

تو دریا کی موجوں نے ان پر چڑھ کر ان کو ڈھانک لیا۔

یَغْشٰی فعل معتل (فعل مضارع واحد مذکر غائب) ڈھانکتا ہے۔ یغشا الف کے ساتھ۔ چھا جاتا ہے۔ ضمیر متصل کے ساتھ لگنے سے ی کو الف میں تبدیل کیا گیا۔

وَالَّیْلِ اِذَا یَغْشٰی (۹۲:۱)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

رات کی قسم جب وہ (دن کو) چھپا لے۔
وَالَّيْلِ إِذَا يَغْشٰهَا (۹۱:۴)
اور قسم ہے رات کی جب اسے (دنیا کو) چھپالے۔
نوٹ:۔ ھا کی ضمیر یا تو دنیا کے لئے ہے یا تاریکی کے لئے۔
تَغْشٰی فعل معتل (فعل مضارع واحد مؤنث غائب)۔ڈھانکتی ہے۔
غَشّٰی باب تفعیل (فعل معتل (فعل ماضی واحد مذکر غائب)۔ ڈھانک لیا۔
غَشّٰی تَغْشِيَة ثلاثی مادہ کی طرح
يُغَشِّي باب تفعیل فعل معتل (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ ڈھانکتا ہے۔
أَغْشَيْنَا باب افعال (فعل معتل) (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے ڈھانک لیا۔
أَغْشٰی إِغْشَاءً ا ڈھانکنا پردہ تان لینا۔ ڈھکوانا۔
يُغْشِي باب افعال (فعل معتل) فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ ڈھانکتا ہے۔
أُغْشِيَتْ باب افعال (فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب) وہ ڈھانکی گئی
يُغْشٰی باب افعال (فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب)۔ وہ ڈھانکا جاتا ہے یا اس پر پردہ ڈالا جاتا ہے (یعنی وہ بے ہوش ہوجاتا ہے۔ یا اس پر غشی طاری ہوتی ہے)۔
تَدُوْرُ اَعْيُنُهُمْ كَالَّذِيْ يُغْشٰى عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ (۱۹:۳۳)
ان کی آنکھیں اس شخص کی طرح گھورتی ہیں جس پر موت کی غشی طاری ہوتی ہے۔
تَغَشّٰی باب تفعل۔فعل معتل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے ڈھانپ لیا۔
تَغَشّٰی تَغَشِّيًا ڈھانپنا۔ ثلاثی مادے کی طرح۔ تَغَشّٰا بعد میں ضمیر متصل آنے سے آخری ی الف میں بدلے گی۔
فَلَمَّا تَغَشّٰهَا حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِيْفًا (۷:۱۸۹)۔
جب اس (مرد) نے اسے (بیوی کو) ڈھانپ لیا تو اسے خفیف سا حمل ہوگیا۔
اسْتَغْشَوْا باب استفعال۔فعل معتل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) انہوں نے اپنے آپ کو ڈھانپ لیا۔
اسْتَغْشٰی باب استفعال۔اپنے آپ کو پردے میں لپیٹنا۔ اپنے آپ کو ڈھانپنا
يَسْتَغْشُوْنَ (باب استفعال۔فعل معتل) (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ اپنے آپ کو ڈھانپتے ہیں۔
غَاشِيَةٌ / الْغَاشِيَةُ فعل معتل (اسم فاعل واحد مؤنث)۔ بہت شدید ڈھانپنا۔ لفظی ترجمہ: وہ چیز جو ڈھانپے
(۱) یعنی قیامت۔
هَلْ اَتٰكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ (۸۸:۱)
کیا تمہیں ڈھانپنے والی کی خبر ملی ہے۔ یعنی قیامت کی جو اپنی دہشت سے بُری طرح ڈھانپ لے گی۔
(۲) سخت عذاب
اَفَاَمِنُوْٓا اَنْ تَاْتِيَهُمْ غَاشِيَةٌ مِّنْ عَذَابِ اللّٰهِ (۱۲:۱۰۷)
کیا وہ اس بات سے بے خوف ہیں کہ ان پر خدا کا عذاب نازل ہوکر ان کو ڈھانپ لے۔
الْمُغْشِيُّ (اسم مفعول/فعل معتل بے ہوش آدمی۔ وہ شخص جسے بے ہوش کیا گیا ہو۔
غَوَاشٍ (فعل معتل/اسم جمع) پردے مفرد: غَاشِيَةٌ
غِشَاوَةٌ (اسم) پردہ ڈھانپنے والی

غ ص ب ☆

غَصْبًا (اسم مصدر) کسی سے ناجائز طور پر کوئی چیز زبردستی لے لینا۔
غَصَبَ يَغْصِبُ غَصْبًا - عَلٰی (ض) مجبور کرنا۔ مِنْ زبردستی ناجائز طور پر لینا
وَكَانَ وَرَآءَهُمْ مَّلِكٌ يَّاْخُذُ كُلَّ سَفِيْنَةٍ غَصْبًا (۱۸:۷۹)
ان کے سامنے کی طرف ایک بادشاہ تھا جو ہر ایک کشتی کو زبردستی چھین لیتا تھا۔

غ ص ص ☆

غُصَّةٌ (اسم) ہر چیز مثلاً: خوراک وغیرہ جس سے گلا گھٹ جائے۔ جمع غُصَصٌ
غَصَّ يَغَصُّ غَصًّا (ن) غصے کے مارے گلا گھٹ جانا۔ دکھی ہونا۔
وَّطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ (۷۳:۱۳)
اور کھانا جو گلا گھونٹ دے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

غ ض ب ☆

غَضِبَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) وہ ناراض ہوا۔
غَضِبَ یَغْضَبُ غَضَباً (س) ناراض ہونا۔غضبناک ہونا۔غصہ۔غضب
اَلْمَغْضُوْبُ ۔ عَلَیْهِ (اسم مفعول) غضب کا شکار۔
غَیْرِالْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ (۱:۷) نہ ان لوگوں میں سے جن پر غضب ہوا (عبدالماجد دریا آبادی) نہ ان کی راہ جنہوں نے تیرا غضب مول لیا (پکتھال)۔ نہ وہ جن پر تیرا غضب ہوا (محمد علی)۔ نہ وہ جن سے تو ناراض ہوا ہے (سیل)۔ نہ وہ جن پر تو غضبناک ہے (آربیری)
غَضْبَانَ (اسم) ناخوش۔ناراض غضبناک۔
مُغَاضِباً باب مفاعلہ: منصوب جمع غِضَابٌ اسم فاعل
غَاضَبَ مُغَاضَبَةً وَ غِضَاباً ناراض ہوکر ناراضگی کی حالت میں۔

غ ض ض ☆

یَغُضُّوْنَ (مضاعف) (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ (آواز) نیچے کرتے ہیں۔ وہ (نظریں) نیچی کرتے ہیں۔(مترجم)
غَضَّ یَغُضُّ غَضًّا (ن) آواز یا نظریں نیچے کرنا۔

یَغُضُّوْا منصوب وہ (اپنی نظریں) نیچے کریں۔
یَغْضُضْنَ (فعل مضارع جمع مؤنث غائب) وہ عورتیں اپنی نظریں نیچے کریں
اُغْضُضْ (فعل امر واحد مذکر حاضر) نظر نیچے کر۔

غ ط ء ☆

غِطَاءٌ دیکھئے غ ط و

غ ط ش ☆

اَغْطَشَ باب افعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب)۔ اس نے تاریک کر دیا
اَغْطَشَ اِغْطَاشاً کسی چیز یا شخص کو تاریک کرنا۔
غَطَشَ یَغْطِشُ غَطْشاً (ض) تاریک ہونا۔

غ ط و ☆

غطا (اسم) پردہ
غَطَا یَغْطُوْ غَطْواً (ن) ڈھانکنا۔پردہ ڈالنا۔

غ ف ر ☆

غَفَرَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے معاف کیا۔
غَفَرَ یَغْفِرُ غَفْراً (ض) معاف کرنا
غُفْرَاناً (ض)۔ ل درگزر۔بخشش معافی۔
غَفَرْنَا (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے معاف کیا۔
یَغْفِرُ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ معاف کرتا ہے۔
یَغْفِرْ (جواب شرط) ساکن وہ معاف کرے۔
یَغْفِرُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ معاف کرتے ہیں۔
یَغْفِرُوْا منصوب کہ وہ معاف کریں
تَغْفِرْ (ساکن) فعل مضارع واحد مذکر حاضر) تو معاف کرے
تَغْفِرُوْا منصوب (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) کہ تم معاف کرو
نَغْفِرْ ساکن (فعل مضارع جمع متکلم) ہم معاف کریں
اِغْفِرْ (فعل امر واحد مذکر حاضر تو معاف کر
یُغْفَرُ (فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب) اسے معاف کر دیا جائے گا۔
سَیُغْفَرُلَنَا (۱۶۹:۷)
ہم بخش دیئے جائیں گے۔
مَغْفِرَةٌ مصدر میمی۔معافی۔بخشش
غُفْرَانٌ (اسم مصدر) معافی۔بخشش
غُفْرَانَکَ رَبَّنَا (۲۸۵:۲)
اے ہمارے پروردگار! تیری بخشش
غَافِرٌ (اسم فاعل واحد مذکر) معاف کرنے والا۔بخشنے والا۔
اَلْغَافِرِیْنَ (اسم فاعل جمع مذکر)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

بخشنے والے۔

غَفُوْرٌ/ اَلْغَفُوْرُ اسم مبالغہ۔سب سے زیادہ بخشنے والا۔ ذات باری کے صفاتی ناموں میں سے ایک نام۔

غَفُوْراً منصوب۔بخشنے والا

غَفَّارٌ (اسم مبالغہ) بہت زیادہ معاف کرنے والا۔ ذات باری کے صفاتی ناموں میں سے ایک نام۔

اِسْتَغْفَرَ باب استفعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے استغفار کیا

اِسْتَغْفَرْتَ باب استفعال (فعل ماضی واحد مذکر حاضر)

اسْتَغْفَرْتَ تو نے استغفار کیا

يَسْتَغْفِرْ ساکن (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ استغفار کرتا ہے۔

ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ (۴:۱۱۰)

پھر خدا سے بخشش مانگے۔

ساکن فعل کو دوسرے لفظ سے ملانے کی صورت میں ساکن حرف کو زیر دی جاتی ہے۔

تَسْتَغْفِرْ ساکن (فعل مضارع واحد مذکر حاضر)۔(خواہ) تو بخشش مانگ

تَسْتَغْفِرُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم استغفار کرتے ہو۔

يَسْتَغْفِرُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر غائب)۔وہ استغفار کرتے ہیں۔

يَسْتَغْفِرُوْا منصوب کہ وہ استغفار کریں۔

لَاَسْتَغْفِرَنَّ (لام تاکید و نون ثقیلہ) فعل۔میں یقیناً استغفار کروں گا۔

اِسْتَغْفِرْ باب استفعال (فعل امر واحد مذکر حاضر) تو استغفار کر

اِسْتَغْفِرِيْ باب استفعال (فعل امر واحد مؤنث حاضر) تو (عورت) استغفار کر۔

اِسْتَغْفِرُوْا باب استفعال (فعل امر جمع مذکر حاضر)۔تم استغفار کرو۔

مُسْتَغْفِرِيْنَ باب استفعال (اسم فاعل جمع مذکر) استغفار کرنے والے لوگ

اِسْتِغْفَارٌ باب استفعال (اسم مصدر) بخشش مانگنا۔

غ ف ل ☆

تَغْفُلُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم غافل ہوتے ہو/ غفلت کرتے ہو۔

غَفَلَ يَغْفُلُ غَفْلَةً وَ غُفُلاً (ن) بے توجہ ہونا۔نظر انداز کرنا۔عدم دلچسپی

اَغْفَلْنَا باب افعال (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے غافل کر دیا۔

اَغْفَلَ اِغْفَالاً باب افعال غافل کر دینا

غَافِلٌ (اسم فاعل واحد مذکر) بے توجہ۔غافل۔

غَافِلاً منصوب بے خبر۔بے دھیان

غَافِلُوْنَ/ اَلْغَافِلُوْنَ مرفوع (اسم فاعل جمع مذکر) غافل لوگ۔

غَافِلِيْنَ / اَلْغَافِلِيْنَ منصوب غفلت کرنے والے لوگ۔

اَلْغَافِلَاتُ (اسم فاعل جمع مؤنث) سیدھی سادی عورتیں۔

غَفْلَةٌ (اسم مصدر) غفلت بے توجہی

غ ل ب ☆

غَلَبَتْ (فعل ماضی واحد مؤنث غائب) وہ چھا گئی (ماجد) غالب آ گئی۔فتح حاصل کی۔

غَلَبَ يَغْلِبُ غَلَباً وَ غَلَبَةً (ض) غلبہ پانا۔جیت لینا۔فتح کر لینا۔

كَمْ مِّنْ فِئَةٍ قَلِيْلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيْرَةً (۲:۲۴۹)

بسا اوقات تھوڑی سی جماعت نے خدا کے حکم سے بڑی جماعت پر فتح حاصل کر لی ہے۔

غَلَبُوْا (فعل ماضی جمع مذکر غائب) وہ غالب آ گئے۔

قَالَ الَّذِيْنَ غَلَبُوْا عَلٰى اَمْرِهِمْ (۱۸:۲۱)

جو لوگ ان کے معاملے میں غلبہ رکھتے تھے کہنے لگے۔

يَغْلِبْ ساکن (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ غلبہ پاتا ہے

اَغْلِبَنَّ نون تاکید (فعل مضارع واحد متکلم) میں یقیناً غلبہ پاؤں گا۔

يَغْلِبُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ غلبہ پائیں گے۔

سَيَغْلِبُوْنَ وہ عنقریب غلبہ پائیں گے

يَغْلِبُوْا منصوب (فعل مضارع جمع مذکر غائب) کہ وہ غلبہ پائیں۔

تَغْلِبُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم غلبہ پاؤ گے۔

غُلِبَتْ (فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب)۔وہ مغلوب ہو گئی۔

غُلِبُوْا (فعل ماضی مجہول جمع

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

مذکر غائب)-وہ مغلوب ہو گئے-
یُغْلَبُوْنَ (فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب)وہ مغلوب ہوں گے-
تُغْلَبُوْنَ (جمع مذکر حاضر) تم مغلوب ہو گے-
غَالِبٌ (اسم فاعل واحد مذکر) غلبہ پانے والا-
وَاللّٰہُ غَالِبٌ عَلٰی اَمْرِہٖ (۲۱:۱۲)
اور خدا اپنے کام پر غالب ہے-
(۲) غلبہ پانے والا-
اِنْ یَّنْصُرْکُمُ اللّٰہُ فَلَا غَالِبَ لَکُمْ (۱۶۰:۳)
اگر خدا تمہارا مددگار ہے تو تم پر کوئی غلبہ پانے والا نہیں ہے-
غَالِبُوْنَ/ اَلْغَالِبُوْنَ (اسم فاعل جمع مذکر) غلبہ پانے والے-
اَلْغَالِبِیْنَ (منصوب) غلبہ پانے والے
مَغْلُوْبٌ (اسم مفعول) جس پر غلبہ پایا گیا ہو/کمزور-
فَدَعَا رَبَّہٗ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ (۱۰:۵۴)
تو انہوں نے اپنے پروردگار سے دعا کی کہ میں (ان کے مقابلے میں) کمزور ہوں تو (ان سے) بدلہ لے-
غَلَبٌ (اسم مصدر) غلبہ پانا-
درختوں کا گھنا جنگل-
غُلْبًا منصوب (اسم) گھنے-پرپیچ
مفرد: اَغْلَبُ
وَحَدَآئِقَ غُلْبًا (۳۰:۸۰)
اور گھنے پرپیچ باغات-

غ ل ظ ☆

اِسْتَغْلَظَ باب استفعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب) وہ مضبوط اور موٹا ہوا
غَلَظَ یَغْلِظُ وَ غَلُظَ یَغْلُظُ غِلَظًا وَ غِلَاظَۃً (ض، ک)
موٹا ہونا- بھاری ہونا- بڑا ہونا- کھردرا ہونا- سخت ہونا- غیر مہذب ہونا-
اُغْلُظْ (فعل امر واحد مذکر) سخت ہو جا، سختی سے پیش آ-
وَاغْلُظْ عَلَیْہِمْ (۷۳:۹)
اور ان کے ساتھ سختی کرو (ماجد) اور ان کے خلاف مضبوط رہو (علی) (یعنی منافقوں کے خلاف)
غَلِیْظٌ (اسم فاعل واحد مذکر) بطور محاورہ و استعارہ
غَلِیْظًا منصوب، سخت (خوفناک)
وَمِنْ وَّرَآئِہٖ عَذَابٌ غَلِیْظٌ (۱۷:۱۴)
اور اس کے پیچھے سخت عذاب ہوگا- (۲) سخت-
وَلَوْ کُنْتَ فَظًّا غَلِیْظَ الْقَلْبِ (۱۵۹:۳)
اور اگر آپ ترش رو اور سنگ دل ہوتے-
(۳) پختہ
وَاَخَذْنَ مِنْکُمْ مِّیْثَاقًا غَلِیْظًا (۲۱:۴)
ان عورتوں نے تم سے مضبوط و پختہ عہد لیا ہے-
غِلَاظٌ (اسم جمع تند و سخت مزاج)
مفرد: غَلِیْظٌ

عَلَیْہَا مَلٰٓئِکَۃٌ غِلَاظٌ (۶:۶۶)
اس پر تندخو اور سخت مزاج فرشتے مقرر ہیں- یعنی دوزخیوں کے ساتھ نرم سلوک کرنے والے نہیں-
غِلْظَۃٌ (اسم) تندخوئی-ضد-نرمی

غ ل ف ☆

غُلْفٌ (اسم مصدر) بند، لپٹے ہوئے-مفرد: اَغْلَفُ
غَلَفَ یَغْلُفُ غَلْفًا (ن)
ڈھکن دے کر محفوظ کرنا (یا غلاف سے ڈھکنا)
وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا غُلْفٌ (۸۸:۲)
انہوں نے کہا کہ ہمارے دل پردے میں ہیں- (تاکہ وہ کچھ نہ سیکھیں یا حق قبول کرنے کے لئے کچھ سننے سے غلاف میں لپٹے ہوئے ہیں-

غ ل ق ☆

غَلَّقَتْ باب تفعیل (فعل ماضی واحد مؤنث غائب) اس عورت نے بند کر دیا-
غَلَّقَ تَغْلِیْقًا (باب تفعیل) تالا لگانا (دروازہ) بند کرنا
غَلَقَ یَغْلِقُ غَلْقًا (ف)
بند کرنا، چٹخنی لگانا (کسی ملک میں) دور تک اندر جانا-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

غ ل ل ☆

غَلَّ مضاعف (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے چھپالیا/ دھوکا دیا۔ فریب دیا۔خیانت کی۔
غَلَّ يَغُلُّ غَلًّا (ن)
ایک چیز دوسری چیز میں ملا دینا/ ملاوٹ کرنا چھپانا۔ خیانت کرنا۔ دھوکا دینا۔ بے وفائی کرنا۔ گردن میں لوہے کا کالر ڈالنا۔ یا طوق ڈالنا۔
يَغُلُّ مضاعف (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ چھپاتا ہے۔
يَغْلُلْ ساکن (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ چھپالے۔ سکون کی حالت میں فک ادغام ہوتا ہے اور مدغم حروف الگ الگ پڑھے جاتے ہیں۔
وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَنْ يَغُلَّ وَمَنْ يَغْلُلْ يَأْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ (۳:۱۶۱)
اور یہ نبی کے شایانِ شان نہیں کہ وہ خیانت کرے (یعنی یہ بات قابل تصور نہیں) اور جو کوئی خیانت کرے اسے وہ خیانت کی ہوئی چیز قیامت کے روز خدا کے روبرو حاضر کرنا ہوگی۔
غُلَّتْ (فعل مجہول مضاعف واحد مؤنث غائب) اسے بیڑیاں ڈال دی گئیں۔
مَغْلُولَةٌ (اسم مفعول واحد مؤنث غائب) بیڑیوں میں جکڑی ہوئی۔ پابند سلاسل۔
وَقَالَتِ الْيَهُودُ يَدُ اللّٰهِ مَغْلُولَةٌ غُلَّتْ أَيْدِيهِمْ (۵:۶۴)
اور یہود کہتے ہیں کہ خدا کا ہاتھ (گردن سے) بندھا ہوا ہے یعنی اللہ بخیل ہے۔انہی کے ہاتھ باندھے جائیں۔
غُلُّوْا (فعل امر جمع مذکر حاضر) بیڑیاں ڈال دو۔
خُذُوهُ فَغُلُّوهُ (۶۹:۳۰)
اسے پکڑو اور بیڑیوں میں جکڑلو
أَغْلَالٌ (اسم جمع) گردن کے لئے آہنی کالر۔ بیڑیاں۔ ہتھکڑیاں۔
مفرد: غُلٌّ

غ ل م ☆

غُلَامٌ (اسم) لڑکا۔نوجوان
غُلَامَيْنِ (اسم تثنی) دو لڑکے
غِلْمَانٌ (اسم جمع) لڑکے

غ ل و ☆

لَا تَغْلُوْا (فعل نہی جمع مذکر حاضر) تم مبالغہ/غلو نہ کرو۔
غَلَا يَغْلُو غُلُوًّا (ن)
آخری حد سے بڑھنا۔مبالغہ کرنا۔
يٰٓأَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ (۴:۱۷۱)
اے اہل کتاب! اپنے دین (کی بات) میں حد سے نہ بڑھو۔

غ ل ی ☆

يَغْلِيْ فعل معتل (فعل مضارع واحد مذکر غائب) ابلتا ہے۔کھولتا ہے۔
غَلْيٌ (اسم مصدر) ابلنا/کھولنا (برتن کا) اُبلنا۔(مائع کا) کھولنا۔

غ م ر ☆

غَمْرَةٌ (اسم) (۱) سرگرداں ہونا
لفظی ترجمہ: وہ پانی جو انسان کے قد و قامت سے اوپر آجائے۔
غَمَرَ يَغْمُرُ غَمَارَةً وَ غُمُوْرَةً (ن)
زیادہ ہونا۔لبریز ہونا۔پانی میں ڈوب جانا
فَذَرْهُمْ فِيْ غَمْرَتِهِمْ حَتّٰى حِيْنٍ (۲۳:۵۴)
سو آپ انہیں ایک مدت تک اپنی سرگردانی (یا غفلت یا غلطی اور ضد و ہٹ دھرمی اور حیرانگی کی حالت میں رہنے دیں۔ (ولیم لین) (۲) غفلت۔جذبات سے مغلوب
بَلْ قُلُوْبُهُمْ فِيْ غَمْرَةٍ مِّنْ هٰذَا (۲۳:۶۳)
بلکہ ان کے دل اس بات سے غفلت میں پڑے ہوئے ہیں۔ (۳) (موت کے) دورے۔دردیں۔سختیاں
غَمَرَاتٌ (اسم جمع) موت (کی تکلیف) کے دورے
وَلَوْ تَرٰٓى إِذِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ (۶:۹۳)
اور کاش تم ان ظالم یعنی مشرک لوگوں کو اس وقت دیکھو جب وہ موت کی سختیوں میں مبتلا ہوں۔

غ م ز ☆

يَتَغَامَزُوْنَ باب تفاعل (فعل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

مضارع جمع مذکر غائب) وہ ایک دوسرے
پر حقارت سے اشارے کنایے کرتے ہیں
تَغَامَزَ تَغَامُزاً ایک دوسرے پر اشارہ
بازی کرنا۔
غَمَزَ يَغْمِزُ غَمْزاً (ض' ن)
آنکھ یا ابرو سے اشارہ بازی کرنا۔

غ م ض ☆

تُغْمِضُوْا (فعل مضارع جمع مذکر
حاضر)۔ کہ تم چشم پوشی کرو۔
اَغْمَضَ إِغْمَاضاً (باب افعال)
چشم پوشی کرنا۔
وَلَسْتُمْ بِآخِذِيْهِ اِلَّا اَنْ تُغْمِضُوْا
فِيْهِ (۲:۲۶۷)
اور بجز اس کے کہ (لیتے وقت) آنکھیں بند
کر لو تم ان کو کبھی نہ لو۔

غ م م ☆

غَمٌّ / اَلْغَمُّ (اسم) غم۔ دکھ
غَمَّ يَغُمُّ غَمًّا (ن) ڈھانپنا۔ پردہ ڈالنا
غَمًّا منصوب دکھی ہونا۔ ماتم کرانا۔
اَلْغُمَّةُ دکھ پریشانی
اَلْغَمَامُ (اسم) بادل

غ ن م ☆

غَنِمْتُمْ (فعل ماضی۔ جمع مذکر
حاضر) تم نے مال غنیمت حاصل کیا۔
غَنِمَ يَغْنَمُ غُنْماً وَ غَنَماً وَ غَنِيْمَةً (س)
مال غنیمت حاصل کرنا۔ بغیر کسی وقت کچھ
حاصل کرنا۔
مَغَانِمُ (اسم جمع) غنیمت
کے اموال' مفرد: مَغْنَمٌ
غَنَمٌ (اسم) بکری

غ ن ی ☆

تَغْنَ فعل معتل ساکن (واحد
مؤنث غائب) (ا۔ا) آباد ہے
غَنِيَ يَغْنَى غِنَاءً ا وَ مَغْنًى (س)
آباد ہونا۔ بسنا۔ مالدار ہونا۔ یا آسودہ حال
ہونا۔
كَاَنْ لَّمْ تَغْنَ بِالْاَمْسِ (۱۰:۲۴)
گویا کل وہاں کچھ تھا ہی نہیں (ا۔ب)۔
بے/بسا
اَلَّذِيْنَ كَذَّبُوْا شُعَيْبًا كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا
فِيْهَا (۷:۹۲)
جن لوگوں نے شعیبؑ کی تکذیب کی تھی
(ایسے برباد ہوئے) کہ گویا وہ کبھی ان میں
کبھی آباد ہی نہ ہوئے تھے۔
اَغْنٰى باب افعال (فعل معتل)
(فعل ماضی واحد مذکر غائب)
(۲) مالدار بنایا۔
اَغْنٰى إِغْنَاءً مالدار بنانا۔
عَنْ کچھ حاصل کرنا
اَغْنٰى۔ مِنْ حاصل کرنا
وَاَنَّهٗ هُوَ اَغْنٰى وَاَقْنٰى (۵۳:۴۸)
اور یہ کہ وہی مالدار بناتا ہے اور مفلس کر دیتا
ہے۔
اَغْنٰى (فعل ماضی ہے لیکن یہاں بطور
عادت مفہوم ہونے کے مترجموں نے مجبوراً
اس کا ترجمہ حال میں کیا ہے۔
وَمَا نَقَمُوْا اِلَّا اَنْ اَغْنٰهُمُ اللّٰهُ
وَرَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ (۹:۷۴)
اور انہوں نے ان سے اور کسی بات کا انتقام
نہیں لیا۔ سوائے اس کے کہ خدا اور اس
کے رسول نے ان کو اپنے فضل اور مہربانی
سے دولت مند کر دیا ہے۔
يُغْنِيْ باب افعال (فعل مضارع
واحد مذکر غائب) وہ دولت مند بنا دے گا
يُغْنِيَ منصوب يُغْنِ ساکن (مرفوع)
فَسَوْفَ يُغْنِيْكُمُ اللّٰهُ (۹:۲۸)
تو عنقریب اللہ تعالیٰ تم کو مالدار کرے گا
حَتّٰى يُغْنِيَهُمُ اللّٰهُ (منصوب)
(۲۴:۳۳)
یہاں تک اللہ ان کو مال دار کر دے۔
اِنْ يَّكُوْنُوْا فُقَرَآءَ يُغْنِهِمُ اللّٰهُ
(ساکن) (۲۴:۳۲)
اگر وہ مفلس ہوں گے تو خدا ان کو خوشحال
کر دے گا۔
اَغْنٰى ۔ عَنْ (۳) استفادہ کرنا۔
مفید ہونا۔
مَآ اَغْنٰى عَنْكُمْ جَمْعُكُمْ (۷:۴۸)
تمہاری جماعت تمہارے کچھ کام نہ آئی۔
اَغْنَتْ (فعل ماضی واحد مؤنث
غائب) وہ کام آئی۔
فَمَآ اَغْنَتْ عَنْهُمْ اٰلِهَتُهُمُ (۱۱:۱۰۱)
ان کے معبود ان کے کچھ کام نہ آئے۔
يُغْنِيْ (فعل مضارع واحد مذکر
غائب) وہ کام آتا ہے۔ فائدہ دیتا ہے۔
وَلَا يُغْنِيْ عَنْكَ شَيْئًا (۱۹:۴۲)
اور آپ کے کچھ کام نہیں آ سکتے۔
تُغْنِيَ منصوب (فعل مضارع

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

واحد مؤنث غائب) وہ کام آتی ہے/ آئے گی۔

وَلَنْ تُغْنِيَ عَنْكُمْ فِئَتُكُمْ (۸:۱۹)
اور تمہاری جماعت تمہارے کسی کام نہیں آئے گی۔

يُغْنِيَا ساکن (فعل مضارع تثنیہ مذکر غائب) وہ دو کام آ گئے۔

لَنْ يُغْنُوا منصوب (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ کبھی کام نہ آئیں گے۔

(۴) کسی کے خلاف کام آنا - مِنْ

وَلَا يُغْنِي مِنَ اللَّهَبِ (۷۷:۳۱)
نہ آگ کی لپٹ سے بچائیں گے

(۵) بے نیاز کر دینا۔

أَغْنَىٰ باب افعال (بغیر کسی صلہ کے) فائدہ دینا - کفایت کرنا۔

لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَأْنٌ يُغْنِيهِ (۸۰:۳۷)
ہر شخص اس روز ایک فکر میں ہوگا جو اسے (مصروفیت کے لئے) کافی ہوگا۔

اسْتَغْنَىٰ باب استفعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب) بے نیاز ہونا - خود کفیل ہونا۔

اسْتَغْنَىٰ اسْتِغْنَاءً خود کفیل ہونا - اپنے آپ کو خود کفیل سمجھنا۔

وَّتَوَلَّوا وَّاسْتَغْنَى اللَّهُ (۶۴:۶)
وہ پیٹھ پھیر کر چلے گئے - اور اللہ تمام ضرورتوں سے بے نیاز ہے۔

أَمَّا مَنِ اسْتَغْنَىٰ (۸۰:۵)
البتہ جس نے لاپرواہی کی۔

غَنِيٌّ (اسم) خود کفیل

الْغَنِيُّ ذات باری کے صفاتی ناموں میں سے ایک نام۔

أَغْنِيَاءُ / الْأَغْنِيَاءُ (اسم جمع) امیر لوگ

مُغْنُونَ فعل معتل (اسم فاعل جمع مذکر) بچانے والے - (دکھ) دور کرنے والے

فَهَلْ أَنْتُمْ مُغْنُونَ عَنَّا مِنْ عَذَابِ اللَّهِ مِنْ شَيْءٍ (۱۴:۲۱)
کیا تم ہم پر سے اللہ کا کچھ عذاب دور کر سکتے ہو۔

غ و ث ☆

يُغَاثُوا باب افعال (فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب) ان کی داد رسی کی جائے گی۔

أَغَاثَ إِغَاثَةً (باب افعال) آرام دینا - دادرسی کرنا۔

وَإِنْ يَسْتَغِيثُوا يُغَاثُوا بِمَاءٍ كَالْمُهْلِ (۱۸:۲۹)
اور اگر فریاد کریں گے تو ان کی دادرسی ایسے کھولتے ہوئے پانی سے کی جائے گی جو پگھلے ہوئے تانبے کی طرح ہوگا۔

اسْتَغَاثَ باب استفعال، فعل معتل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے مدد کے لئے فریاد کی۔

اسْتَغَاثَ اسْتِغَاثَةً مدد کیلئے پکارنا

يَسْتَغِيثَانِ باب استفعال فعل معتل (فعل مضارع تثنیہ مذکر غائب) وہ دو مدد کے لئے فریاد کرتے ہیں۔

يَسْتَغِيثُوا باب استفعال فعل معتل (فعل مضارع جمع مذکر غائب) کہ وہ مدد کے لئے پکاریں۔

تَسْتَغِيثُونَ باب استفعال فعل معتل (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم مدد کے لئے پکارتے ہو۔

غ و ر ☆

غَوْرًا منصوب (اسم) ڈوب جانا دھنس جانا۔

غَارَ يَغُورُ غَوْرًا (ن) پانی کا زمین کے اندر چلا جانا - داخل ہونا - زمین کا نچلا حصہ

غَارٌ (اسم) غار - کھوہ

مَغَارَاتٌ (اسم جمع) غاریں کھوہ - مفرد: مَغَارَةٌ

غ و ص ☆

يَغُوصُونَ فعل معتل (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ غوطہ لگاتے ہیں۔

غَاصَ يَغُوصُ غَوْصًا وَ غِيَاصًا وَ مَغَاصًا (ن) - فِي غوطہ لگانا - پانی میں کود جانا۔

غَوَّاصٌ (اسم) غوطہ خور

غ و ط ☆

الْغَائِطُ (اسم فاعل واحد مذکر) (اسم) بیت الخلاء - پاخانہ - لفظی ترجمہ: زمین کا چوڑا دبا ہوا حصہ۔

غَاطَ يَغُوطُ غَوْطًا (ن) کھودنا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

غ و ل ☆

غَوْلٌ (اسم مصدر) وہ چیز جو کسی کو عقل سے محروم کردے۔
غَالَ يَغُوْلُ غَوْلاً (ن) وَ اِغْتَالَ (باب افتعال) تباہ کرنا۔ پکڑنا۔ بے خبر۔
غَالَتِ الْخَمْرَةُ شراب نے شرابی کی عقل ماردی۔ اسے تباہ ہونے دیا۔

غ و ی ☆

غَوٰى فعل معتل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے غلطی کی۔ بھٹک گیا۔
غَوٰى يَغْوِىْ غَيًّا (ض) غلطی کرنا۔ سیدھے راستے سے بھٹک جانا
غَوَيْنَا فعل معتل (فعل ماضی جمع متکلم) ہم خود بھٹک گئے۔
اَغْوَيْتَ باب افعال۔ فعل معتل فعل ماضی واحد مذکر حاضر) تونے بھٹکادیا
اَغْوٰى اِغْوَاءً ا باب افعال۔ بھٹکانا
اَغْوَيْنَا باب افعال (فعل معتل) (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے بھٹکایا
يُغْوِىْ باب افعال۔ فعل معتل (فعل مضارع واحد مذکر غائب)۔ وہ بھٹکاتا ہے۔
لَاُغْوِيَنَّ (باب افعال۔ فعل معتل لام تاکید ونون ثقیلہ (واحد متکلم) میں یقیناً بھٹکادوں گا۔
اَلْغَيُّ / غَيًّا منصوب (اسم مصدر) لفظی ترجمہ: غلطی بطور محاورہ یا استعارہ: تباہ کرنا۔ ستیاناس کرنا۔
غَوِىٌّ فعل معتل (اسم فاعل) غلطی کرنے والا۔ گمراہ
اِنَّكَ لَغَوِىٌّ مُّبِيْنٌ (۲۸:۱۸) تو تو صریح گمراہ ہے۔
اَلْغَاوُوْنَ (فعل معتل اسم فاعل جمع مذکر)
غَاوِيْنَ / اَلْغَاوِيْنَ گمراہ لوگ۔ بھٹکے ہوئے لوگ۔

غ ى ب ☆

يَغْتَبْ باب افتعال ساکن فعل معتل۔ کہ وہ غیبت کرے
غَابَ يَغِيْبُ غَيْبًا (ض) وَ اِغْتَابَ باب افتعال وَ غَيَّبَ باب تفعیل (۱) غائب ہونا۔ چھپ جانا۔ پوشیدہ ہونا۔ نظر نہ آنا (۲) بہتان لگانا (۳) غیبت کرنا۔
وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا (۴۹:۱۲)
اور نہ کوئی کسی کی غیبت کرے
غَيْبٌ / اَلْغَيْبُ لفظی ترجمہ: (اسم مصدر) غیب ہونے والا یا پوشیدہ۔ غیر حاضر۔ قرآنی استعمال: (۱) غیر مرئی۔ ان دیکھا۔
يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ (۲:۳)
جو ان دیکھے پر ایمان لائے ہیں (ماجد۔ محمد علی۔ آربیری۔ پکتھال)۔ جو اس پر ایمان لاتے ہیں جو انسانی تصور کی پہنچ سے ماورا ہے۔ (اسد) (۲) پوشیدہ
اِنِّىْٓ اَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (۲:۳۳)۔
بے شک میں آسمانوں اور زمین میں پوشیدہ کو جانتا ہوں۔
اِنَّمَا الْغَيْبُ لِلّٰهِ (۱۰:۲۰)
غیب کا علم تو خدا ہی کو ہے۔
(۳) خفیہ
ذٰلِكَ لِيَعْلَمَ اَنِّىْ لَمْ اَخُنْهُ بِالْغَيْبِ (۱۲:۵۲)
میں نے اس لئے کیا کہ عزیز کو یقین ہو جائے کہ میں نے اس کی پیٹھ پیچھے اس کی (امانت میں) خیانت نہیں کی۔
(۴) بے تکلفی۔
فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ لِّلْغَيْبِ (۴:۳۴)
تو جو نیک بیبیاں ہیں وہ مردوں کے حکم پر چلتی ہیں اور ان کے پیٹھ پیچھے خدا کی حفاظت میں (مال وآبرو کی) خبرداری کرتی ہیں۔
نوٹ:۔ ڈاکٹر اسد کے ہاں اس بات کو ترجیح ہے کہ غیب کے معنی انسانی تصور کی پہنچ سے باہر ہیں۔ جبکہ دوسرے مترجموں نے ان دیکھا۔ پوشیدہ۔ غیر حاضری اور خفیہ آیات کے سیاق کے مطابق ترجمے کئے ہیں۔
غُيُوْبٌ (اسم جمع) پوشیدہ مفرد: غَيْبٌ
غَائِبِيْنَ / اَلْغَائِبِيْنَ (اسم فاعل جمع مذکر) غیر حاضر لوگ۔ مفرد: غَائِبٌ
غَائِبَةٌ (اسم فاعل واحد مؤنث) غیر حاضر عورت۔
غَيَابَةٌ (اسم) کنویں کی تہہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

غ ی ث ☆

يُغَاثُ فعل معتل (فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب) بارش برسے گی۔

غَاثَ يَغِيثُ غَيْثًا (ض) بارش برسانا۔

غَيْثٌ / الْغَيْثُ (اسم) بارش

غ ی ر ☆

يُغَيِّرُ فعل معتل باب تفعیل (فعل مضارع واحد مذکر غائب) ۔وہ تبدیل کرتا ہے۔

غَيَّرَ تَغْيِيرًا بدلنا۔تبدیل کرنا۔

يُغَيِّرُوْا باب تفعیل۔فعل معتل (فعل مضارع جمع مذکر غائب) منصوب۔ وہ تبدیل کرتے ہیں۔

يُغَيِّرُنَّ باب تفعیل موکد بہ نون ثقیلہ (جمع مذکر غائب) وہ یقیناً تبدیل کریں گے۔

وَلَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللّٰهِ (۴:۱۱۹)

اور میں انہیں حکم دوں گا تو وہ اللہ کی بنائی ہوئی صورتوں کو بدلتے رہیں گے۔

يَتَغَيَّرْ باب تفعل ساکن فعل معتل (واحد مذکر غائب) وہ بدلتا ہے

تَغَيَّرَ تَغَيُّرًا بدل جانا

مُغَيِّرٌ باب تفعل (اسم فاعل واحد مذکر) تبدیل کرنے والا۔

اَلْمُغِيْرَاتُ (اسم فاعل جمع مؤنث) غارت گری کرنے والیاں۔ حملہ کرنے والیاں۔

اَغَارَ إِغَارَةً وحشیانہ حملہ کرنا۔

غَيْرَ باب افعال (حرف) دوسرا بغیر ایک دوسرا۔سوائے۔مگر

غ ی ض ☆

تَغِيْضُ فعل معتل (فعل مضارع واحد مؤنث غائب) وہ سکڑتی ہے۔

غَاضَ يَغِيْضُ غَيْضًا (ض) ڈوب جانا۔کم ہونا۔

وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ (۱۳:۸)

اور جو کچھ رحم سکڑتے اور بڑھتے ہیں۔

غِيْضَ (فعل مجہول معتل واحد مذکر غائب) جذب ہوگیا۔کم ہوجانا

غ ی ظ ☆

يَغِيْظُ فعل معتل (فعل مضارع واحد مذکر غائب) غصہ دلاتا ہے۔

غَاظَ يَغِيْظُ غَيْظًا (ض) ناراض کرنا۔غصہ دلانا۔اشتعال دلانا

لِيَغِيْظَ لام تعلیل (واحد مذکر غائب)۔غصہ دلانے کے لئے۔یا تاکہ وہ دل جلائے۔

غَيْظٌ / الْغَيْظُ (اسم) غصہ۔غضب

غَائِظُوْنَ (اسم فاعل جمع مذکر) غیظ وغصہ دلانے والے۔

تَغَيُّظًا باب تفعل (اسم مصدر) تَغَيَّظَ تَغَيُّظًا غیظ کے مارے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ف (حرف عطف) تب، پس
مگر۔ یوں۔ تاہم۔ کیونکہ۔ تاکہ۔ اور یوں۔
یہ ایک عام حرف عطف ہے جو اپنے سے پہلے اور بعد کے جملوں میں بہت قریبی ربط پیدا کرتا ہے۔ یہ ربط یا تو ایک معین سبب اور نتیجے کا ہو سکتا ہے یا ایک واقعے کا معمول کا سیاق وسباق۔

(۱) سبب اور نتیجہ۔
فَتَلَقّٰی اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَيْهِ (۳۷:۲)
پھر آدمؑ نے اپنے پروردگار سے کچھ کلمات سیکھے (اور معافی مانگی) تو اس نے قصور معاف کر دیا۔

(۲) معمول کا سیاق
اَلَّذِیْ خَلَقَ فَسَوّٰی (۲:۸۷)
جس نے انسان کو بنایا پھر اس کے اعضاء کو درست کیا۔

(۳) دو جملوں کے ربط میں حرف ربط کے بعد جواب شرط کی مثال:۔
قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ (۳۱:۳)
کہہ دو: اگر تم کو اللہ سے محبت ہے تو میری اتباع (پیروی) کرو۔

ف ء د ☆

فُؤَادٌ / اَلْفُؤَادُ (اسم) دل
اَفْئِدَةٌ / اَلْاَفْئِدَةُ (اسم جمع) دل
فرد: فُؤَادٌ (مہموز و معتل)

ف ء و ☆

فِئَةٌ (اسم) جماعت۔ گروہ
دستہ۔ جمع فِئَاتٌ
اَلْفِئَتَانِ مرفوع (مثنی) دو جماعتیں
فِئَتَيْنِ منصوب (مہموز)

ف ت ء ☆

تَفْتَؤُا مہموز (فعل مضارع واحد مذکر حاضر) تو رہے گا۔
فَتِئَ يَفْتَأُ (يَفْتَؤُ) فَتْئًا (س)
لگا رہنا (ہمیشہ منفی مفہوم میں آتا ہے) مثلاً:
قَالُوْا تَاللّٰهِ تَفْتَؤُا تَذْكُرُ يُوْسُفَ (۵۸:۱۲)
بیٹوں نے کہا اللہ اگر آپ یوسفؑ کو اسی طرح یاد ہی کرتے رہیں گے۔

ف ت ح ☆

فَتَحَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے کھولا/افشا کیا۔
فَتَحَ يَفْتَحُ فَتْحًا (ف) کھولنا
افشا کرنا۔ فتح دینا۔ فتح کرنا۔ فیصلہ کرنا۔ بخشنا۔ جانچ دینا۔ طے کرنا۔ (۱) کھولنا
قَالُوْۤا اَتُحَدِّثُوْنَهُمْ بِمَا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ (۷٦:۲)
تو کہتے ہیں کہ خدا نے جو بات تم پر ظاہر فرمائی وہ تم ان کو اس لئے بتا دیتے ہو۔
فَتَحُوْا (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے کھولا۔
وَلَمَّا فَتَحُوْا مَتَاعَهُمْ (۵٦:۱۲)
جب انہوں نے اپنا سامان کھولا۔
فَتَحْنَا (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے کھولا۔
حَتّٰۤی اِذَا فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا ذَا عَذَابٍ شَدِيْدٍ (۷۷:۲۳)
یہاں تک کہ جب ہم نے ان پر عذاب شدید کا دروازہ کھولا۔
(۲) فتح دینا۔
اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا (۱:۴۸)
بے شک ہم نے آپ ﷺ کو فتح مبین دی
يَفْتَحُ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ فیصلہ کرتا ہے۔
(۳) فیصلہ کرنا/ جانچنا
ثُمَّ يَفْتَحُ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ (۲٦:۳۴)
پھر وہ ہمارے درمیان حق کے ساتھ فیصلہ کرے گا۔ (۴) بخشنا/ عطا کرنا۔
مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا (۲:۳۵)
خدا لوگوں پر اپنی رحمت کا جو دروازہ کھول دے اُسے کوئی روکنے والا نہیں۔
اِفْتَحْ (فعل امر واحد مذکر غائب) طے کر۔ فیصلہ کرنا۔
رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ (۸۹:۷)
اے ہمارے پروردگار! ہمارے اور ہماری قوم کے درمیان حق کے ساتھ فیصلہ کر۔
فُتِحَتْ (فعل ماضی مجہول واحد مؤنث) وہ کھولی گئی۔
حَتّٰۤی اِذَا جَآءُوْهَا فُتِحَتْ اَبْوَابُهَا (۷۱:۳۹)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

یہاں تک جب وہ اس کے پاس پہنچ جائیں تو اس کے دروازے کھول دیئے جائیں۔
(۲) باہر نکالنا۔کھول دینا۔
حَتّٰی اِذَا فُتِحَتْ یَاْجُوْجُ وَمَاْجُوْجُ (۲۱:۹۶)
یہاں تک کہ جب یاجوج ماجوج کھول دیئے جائیں گے۔
تُفَتَّحُ باب تفعیل (فعل مضارع مجہول واحد مؤنث غائب) کھول دی جائے گی۔
فَتَّحَ تَفْتِیحاً (باب تفعیل) اصل مادہ کی طرح۔
لَا تُفَتَّحُ نہیں کھولی جائے گی۔
اِسْتَفْتَحُوْا باب استفعال (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے فیصلہ چاہا۔
اِسْتَفْتَحَ اِسْتِفْتَاحاً تلاش کرنا۔ فوری مدد کرنا۔فیصلہ۔شروع کرنا۔
یَسْتَفْتِحُوْنَ باب استفعال (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ فتح چاہتے ہیں
تَسْتَفْتِحُوْا باب استفعال محذوف لآخر (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) کہ تم فتح چاہو۔
فَتْحٌ / اَلْفَتْحُ / فَتْحاً منصوب (اسم مصدر) فتح' کامیابی۔ جیت۔ جمع فُتُوْحٌ
اَلْفَاتِحِیْنَ (اسم فاعل جمع مذکر) فیصلہ کرنے والے
وَاَنْتَ خَیْرُ الْفٰتِحِیْنَ (۷:۸۹)
اور تو بہتر فیصلہ کرنے والا ہے۔
مُفَتَّحَۃً باب تفعیل (اسم مفعول واحد مؤنث) کھلا ہوا۔
اَلْمَفَاتِحُ / مَفَاتِحُ (اسم آلہ جمع) چابیاں

ف ت ر ☆

یَفْتُرُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر غائب)۔ اکتاتے ہیں۔
فَتَرَ یَفْتُرُ فُتُوْراً (ن) — عن اکتانا' کمزوری محسوس کرنا' یا بے ہوش ہونا
یُسَبِّحُوْنَ الَّیْلَ وَالنَّھَارَ لَا یَفْتُرُوْنَ (۲۱:۲۰)
وہ رات دن اللہ کی تسبیح کرتے ہیں اور نہیں اکتاتے۔
یُفَتَّرُ باب تفعیل (فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب) وہ کمزور ہوگا۔
فَتَّرَ تَفْتِیْراً باب تفعیل کمزور کرنا
فَتْرَۃٌ (اسم) وقفہ۔ (وقت کا ایک معینہ دورانیہ)

ف ت ق ☆

فَتَقْنَا (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے شگاف ڈال دیا۔
فَتَقَ یَفْتُقُ فَتْقاً (ف) پھاڑنا۔ چیرنا۔ شگاف ڈالنا۔

ف ت ل ☆

فَتِیْلاً منصوب (اسم فاعل بروزن فعیل) بے قیمت چیز۔
فَتَلَ یَفْتِلُ فَتْلاً (ض) (رسی یا ڈوری کو) بٹنا بل دینا
لفظی ترجمہ۔ کھجور کی گٹھلی کے اوپر کا باریک دھاگا۔

ف ت ن ☆

فَتَنُوْا (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے آزمائش میں ڈالا۔
فَتَنَ یَفْتِنُ فَتْناً وَ فُتُوْناً (ض) (تکلیفیں دینا آزمائش میں ڈالنا) (سونے کی بھٹی میں ڈالنے کی طرح) آزمانا یا ثابت کرنا' (جلا کر) تکلیف دینا۔ ورغلانا۔ ورغلانے کی کوشش کرنا۔ بہکانا۔
(۱) آزمائش میں ڈالنا۔
اِنَّ الَّذِیْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ (۸۵:۱۰)
جنہوں نے مومن مردوں اور مومن عورتوں کو تکلیفیں دیں۔
فَتَنْتُمْ (فعل ماضی جمع مذکر حاضر)
(۲) تم نے ورغلایا
قَالُوْا بَلٰی وَلٰکِنَّکُمْ فَتَنْتُمْ اَنْفُسَکُمْ (۵۷:۱۴)
وہ کہیں گے ہاں کیوں نہیں لیکن تم نے خود اپنے آپ کو مصیبت میں ڈالا۔
فَتَنَّا (فعل ماضی جمع متکلم)
قَالَ فَاِنَّا قَدْ فَتَنَّا قَوْمَکَ (۲۰:۸۵)
اس نے فرمایا: کہ ہم نے تیری قوم کو آزمائش میں ڈالا۔ آیت ۲۹:۳ بھی دیکھئے۔
وَکَذٰلِکَ فَتَنَّا بَعْضَھُمْ بِبَعْضٍ (۶:۵۳)
اور اسی طرح ہم نے ان میں سے بعض کو بعض کے ذریعے امتحان میں ڈالا۔
نیز دیکھئے ۳۸:۳۴' ۴۴:۱۷' ۲۰:۴۰ اور ۳۸:۲۴

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

يَفْتِنَ منصوب (فعل مضارع واحد مذکر غائب) (۱) جلائے آفت کرتا ہے۔

فَمَآ اٰمَنَ لِمُوْسٰىٓ اِلَّا ذُرِّيَّةٌ مِّنْ قَوْمِهٖ عَلٰى خَوْفٍ مِّنْ فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهِمْ اَنْ يَّفْتِنَهُمْ (۱۰:۸۳)

تو موسیٰ پر کوئی ایمان نہ لایا مگر اس کی قوم میں چند لڑکے (اور وہ بھی) فرعون اور اس کے اہل دربار سے ڈرتے ڈرتے کہ وہ ان کو آفت میں نہ پھنسا دے۔

(۳) پریشان کرنا۔

اِنْ خِفْتُمْ اَنْ يَّفْتِنَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا (۴:۱۰۱)

بشرطیکہ تم کو خوف ہو کہ کافر لوگ تم کو ایذا دیں گے۔

يَفْتِنُ، فَتَنَ (اس آیت میں فَتَنَ يَفْتِنُ فعل کا مطلب یہ ہے کہ وہ انہیں تکلیف اور ایذا دیں گے یا قتل کریں گے۔

يَفْتِنَنَّ (موکد بہ نون ثقیلہ) ضرور فتنہ میں ڈالے گا۔

لَا يَفْتِنَنَّ (فعل نہی) فتنہ میں نہ ڈالے۔

يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ لَا يَفْتِنَنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ (۷:۲۷)

اے آدم کی اولاد! شیطان تمہیں کہیں فتنے میں نہ ڈال دے۔

يَفْتِنُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ ورغلاتے ہیں۔

يَفْتِنُوْا محذوف الآخر (فعل مضارع جمع مذکر غائب) مبادا وہ ورغلائیں

وَاحْذَرْهُمْ اَنْ يَّفْتِنُوْكَ (۵:۴۹)

اور ان سے بچتے رہنا مبادا وہ آپ کو بہکا دیں

لِنَفْتِنَ (منصوب لام تعلیل) (فعل مضارع جمع متکلم) تاکہ ہم آزمائیں

لِنَفْتِنَهُمْ (۷۲:۱۷)

تاکہ ہم انہیں آزمائیں۔

لَا تَفْتِنِّيْ (فعل نہی)

مجھے فتنہ میں نہ ڈال دے۔ آخر میں ی متکلم ہے۔

فُتِنُوْا (فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب) وہ فتنے میں ڈالے گئے۔

فُتِنْتُمْ (فعل ماضی مجہول جمع مذکر حاضر) تم فتنے میں ڈالے گئے۔

يُفْتَنُوْنَ (فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب) وہ آزمائے جائیں گے

تُفْتَنُوْنَ (فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر) تم آزمائے جاؤ گے۔

فُتُوْنًا منصوب (اسم مصدر) بہکاوا۔

فٰتِنِيْنَ (اسم فاعل جمع مذکر) بہکانے والے

مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ بِفٰتِنِيْنَ (۳۷:۱۶۲)

خدا کے خلاف بہکا نہیں سکتے۔

فِتْنَةٌ/ الْفِتْنَةُ (اسم) (۱) بہکاوا

لفظی ترجمہ: آزمائش - آزمائشی دور تکلیف (جس سے کسی کی آزمائش کرنا۔ اسے ثابت کرنا یا جانچنا ہوتا ہے۔ یعنی جس کے ذریعے ایک انسان کی حالت نیک یا بد ثابت کرنی ہو لہٰذا اس سے مراد ہمیشہ بہکانا لیا جاتا ہے (ولیم لین) :

فِتْنَة یعنی امتحان اور بہکاوا (ماجد حاشیہ ۴۵۳) فتنہ کا اصل معنی آگ سے جلانا ہے اور پھر تکلیف دینا ہے۔ سختیاں اور اذیتیں۔ ذبح کرنا۔ گمراہ کرنا۔ اور غلطی کرانا ہے۔ نیز کسی نہ کسی طرح دین و ایمان کے خلاف بغاوت کرنا ہے۔

اِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ (۲:۱۰۲)

ہم تو آزمائش ہیں

وَالْفِتْنَةُ اَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ (۲:۱۹۱)

فتنہ قتل سے زیادہ سخت ہے۔

وَقٰتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ (۲:۱۹۳)

تب تک ان سے لڑتے رہو جب تک فتنہ ختم نہیں ہوتا۔

وَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ فِتْنَتَهٗ (۵:۴۱)

جسے خدا فتنے میں ڈالنا چاہے (یعنی گمراہی کے لئے اپنے ارادے کے نتیجے میں)

(۲) بہانہ۔

ثُمَّ لَمْ تَكُنْ فِتْنَتُهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوْا وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ (۶:۲۳)

پھر ان کا عذر اس کے سوا اور کچھ نہ ہوگا کہ وہ کہیں گے کہ ہمارے پروردگار اللہ کی قسم! ہم مشرک نہ تھے۔ (طبری کے قول کے مطابق اس آیت میں فتنے کا مطلب بہانہ/ عذر ہے یا برائے نام جواب۔ کیونکہ یہ عذر جھوٹا ہے)۔

ف ت ی ☆

يُفْتِيْ فعل معتل۔ باب افعال

(فعل مضارع واحد مذکر غائب) (۱) وہ فتویٰ دیتا ہے۔ اَفْتٰى اِفْتَاءٌ رسمی طور پر قانونی رائے دینا قانونی حیثیت سے مطلع کرنا۔ سند جاری کرنا۔ خواب کی تعبیر بتانا۔

قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِيْهِنَّ (۴:۱۲۷)

کہہ دو کہ اللہ ان سے متعلق سنداً اجازت دیتا ہے۔ (۲) اعلان کرنا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي الْكَلٰلَةِ (۴:۱۷۶)
کہہ دو کہ خدا کلالہ کے بارے میں تم کو حکم دیتا ہے۔

اَفْتِ باب افعال (فعل امر واحد مذکر حاضر) تو فتویٰ دے / تشریح کر
يُوْسُفُ اَيُّهَا الصِّدِّيْقُ اَفْتِنَا فِيْ سَبْعِ بَقَرٰتٍ (۱۲:۴۶)
یوسف: اے بڑے سچے! ہمیں سات گایوں کے (خواب کے) بارے میں تعبیر بتائیے

اَفْتُوْا باب افعال (فعل امر جمع مذکر حاضر) تم تعبیر بتاؤ۔
اَفْتُوْنِيْ فِيْ رُءْيَايَ (۱۲:۴۳)
مجھے میرے خواب کی تعبیر بتاؤ۔

تَسْتَفْتِ باب استفعال (فعل مضارع واحد مذکر حاضر) تم فتویٰ پوچھتے ہو۔
اِسْتَفْتٰى اِسْتِفْتَاءٌ فتویٰ پوچھنا۔ قانونی حکم پوچھنا۔

تَسْتَفْتِيَانِ باب استفعال (فعل مضارع تثنیہ مذکر حاضر) تم دو آدمی تعبیر پوچھتے ہو۔

يَسْتَفْتُوْنَ باب استفعال (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ فتویٰ پوچھتے ہیں

اِسْتَفْتِ باب استفعال (فعل امر واحد مذکر حاضر) تو فتویٰ پوچھ
فَاسْتَفْتِهِمْ (۳۷:۱۱)
پس ان سے پوچھو۔

فَتًى معتل (اسم) جوان
فَتِيَ يَفْتٰى فَتًى (فَتَاءً) (س)
جوان ہونا۔ یہ اسم انسانوں اور حیوانوں دونوں کے لئے آتا ہے۔
الف جب کسی ضمیر متصل کے ساتھ آئے تو فتی کی ی الف میں بدل جاتی ہے مثلاً فتاہُ،
فَتَاهَا بطور محاورہ: لڑکا۔ آدمی۔ ملازم

فَتَيَانِ (اسم تثنی) دو جوان
فِتْيَةٌ (اسم جمع) (دو آدمی) جوان لوگ۔
فَتًى مفرد
فِتْيَانٌ (اسم جمع) آدمی جوان
فَتَيَاتٌ: (اسم جمع) جوان لڑکیاں
فَتَاةٌ مفرد

ف ج ج ☆

فَجٌّ (اسم) راستہ۔ راہ گزر گزرگاہ۔ گھاٹی۔ لفظی ترجمہ: پہاڑوں کے درمیان چوڑا راستہ۔

فِجَاجٌ (اسم جمع) راستے گزرگاہیں۔ گھاٹیاں۔
مفرد: فَجٌّ

ف ج ر ☆

لِيَفْجُرَ لام تعلیل (فعل مضارع واحد مذکر غائب) تاکہ وہ گناہ کرے۔
فَجَرَ يَفْجُرُ فَجْرًا وَ فُجُوْرًا (ن)
(۱) گناہ کرنا۔ خلاف اخلاق کام کرنا۔
(۲) پھوٹ پڑنا۔ لوٹنا۔ کھود نکالنا۔
بَلْ يُرِيْدُ الْاِنْسَانُ لِيَفْجُرَ اَمَامَهٗ (۷۵:۵)
بلکہ انسان چاہتا ہے کہ اپنے آگے خود سری کرے

تَفْجُرُ منصوب (فعل مضارع واحد مذکر حاضر) تو کھود نکالے
حَتّٰى تَفْجُرَ لَنَا مِنَ الْاَرْضِ يَنْبُوْعًا (۱۷:۹۰)
جب تک کہ ہمارے لئے زمین سے ایک چشمہ جاری کردو۔

فَجَّرْنَا باب تفعیل (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے پھاڑ نکالا
فَجَّرَ تَفْجِيْرًا (باب تفعیل) پانی وغیرہ کے لئے باہر نکلنے گئے۔ راستہ یا گزرگاہ بنانا۔ پانی بہنے دو۔ پانی وغیرہ کو نکل بہنے دو

تُفَجِّرَ باب تفعیل (فعل مضارع واحد مذکر حاضر) تو پھوٹ نکالتا ہے۔
يُفَجِّرُوْنَ باب تفعیل (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ پانی کو جاری کرتے ہیں۔
تَفْجِيْرًا باب تفعیل۔ منصوب اسم مصدر۔ کثرت سے پانی وغیرہ کا بہہ نکلنا
فُجِّرَتْ باب تفعیل (فعل ماضی مجہول۔ واحد مؤنث غائب) پھوٹ پڑی
يَتَفَجَّرُ باب تفعل (فعل مضارع واحد مذکر غائب) پھوٹ پڑتا ہے
تَفَجَّرَ تَفَجُّرًا (باب تفعل) پھوٹ بہنا۔
اِنْفَجَرَتْ باب انفعال (فعل ماضی واحد مؤنث غائب) پھوٹ پڑی۔
اِنْفَجَرَ اِنْفِجَارًا (باب انفعال) پھوٹ کر بہنا۔
اَلْفَجْرُ (اسم) سویرا
فَاجِرٌ (اسم فاعل واحد مذکر) گناہ گار۔ بدکار۔
فَجَرَةٌ (جمع مکسر) فاسق وفاجر لوگ
مفرد: فَاجِرٌ (ناخدا ترس لوگ)
فُجَّارٌ (جمع مکسر) بدکار لوگ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

(ناخدا ترس لوگ) مفرد: فَاجِرٌ
فُجُوْرٌ (اسم مصدر) بُرائی

ف ج و ☆

فَجْوَۃٌ معتل (اسم) کھلا حصہ
لفظی ترجمہ: درمیانی جگہ یا دو چیزوں کے درمیان کھلی اور چوڑی جگہ۔

ف ح ش ☆

فَاحِشَۃٌ (اسم فاعل واحد مؤنث)
(۱) بُرا کام
فَحُشَ یَفْحُشُ فُحْشاً (ک)
حد سے گزرا ہوا۔ نامناسب غیر معقول۔ گندہ۔ بے حیا۔ فَاحِشَۃٌ کا لفظی مطلب زیادتی۔ ناروا۔ حد ادب واخلاق سے بڑھی ہوئی بات۔
وَالَّذِیْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَۃً اَوْ ظَلَمُوْٓا (۱۳۵:۳)
اور وہ لوگ جب کوئی برا کام کریں یا ظلم کر بیٹھیں (۲) زنا۔ بدکاری۔
وَالّٰتِیْ یَاْتِیْنَ الْفَاحِشَۃَ مِنْ نِّسَآئِکُمْ (۱۵:۴)
اور تمہاری بیویوں میں سے جو زنا کی مرتکب ہوں
اَلْفَحْشَآءُ (اسم) غیر شریفانہ کام
اَلْفَوَاحِشُ (اسم جمع) غیر شریفانہ کام۔ بے حیائی کے کام۔ مفرد: فَاحِشَۃٌ

ف خ ر ☆

تَفَاخُرٌ تفاعل (اسم مصدر)
اترانا۔ فخر کرنا۔ اپنی تعریف کرنا (ماجد)۔ فطری طور پر اترانا (ابن کثیر) رقابت کرنا یا باہم حسد کرنا شہرت میں یا بڑائی میں فَاخَرَ باب مفاعلہ کی طرح۔
فَخُوْرٌ (اسم مبالغہ) بہت زیادہ شیخی خورہ
فَخَرَ یَفْخَرُ فَخْراً وَ فَخَاراً (ن)
شان دکھانا۔ شیخی بگھارنا۔
اَلْفَخَّارُ (اسم) مٹی کے برتن

ف د ی ☆

فَدَیْنَا (فعل معتل) (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے فدیہ دیا۔
فِدَاءٌ اَوْ فِدیً وَ فَدیً (ض)
فَدیٰ یَفْدِیْ
خون بہا۔ فدیہ دے کر غلام کو چھڑانا۔
وَفَدَیْنٰہُ بِذِبْحٍ عَظِیْمٍ (۱۰۷:۳۷)
اور ہم نے ایک بڑی قربانی کو ان کا فدیہ دیا۔
تُفٰدُوْا باب مفاعلہ (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم فدیہ دیتے ہو۔
فَادٰی مُفَادَاۃً وَ فِدَاءً ا
کسی کو چھڑانے کے لئے فدیہ لینا یا دینا۔
وَاِنْ یَّاْتُوْکُمْ اُسٰرٰی تُفٰدُوْھُمْ (۸۵:۲)
اور اگر وہ قید ہو کر تمہارے پاس آئیں تو فدیہ دے کر تم ان کو چھڑا بھی لیتے ہو۔

اِفْتَدیٰ۔ ب باب افتعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب) بطور فدیہ دیا۔
اِفْتَدیٰ اِفْتِدَاءً ا باب افتعال بطور فدیہ پیش کیا یا دیا۔
فَلَنْ یُّقْبَلَ مِنْ اَحَدِھِمْ مِّلْءُ الْاَرْضِ ذَھَبًا وَّلَوِ افْتَدٰی بِہٖ (۹۱:۳)
وہ اگر (نجات کے لئے) زمین بھر کا سونا دیں تو ہرگز قبول نہ کیا جائے گا۔
اِفْتَدَتْ ۔ ب باب افتعال (فعل ماضی واحد مؤنث غائب) اس عورت نے فدیہ دیا۔
اِفْتَدَوْا۔ ب باب افتعال (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے بطور فدیہ دیا۔
یَفْتَدِیْ ۔ ب باب افتعال (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ فدیہ دیتا ہے
لِیَفْتَدُوْا ۔ ب باب افتعال (لام تعلیل محذوف الآخر (فعل مضارع جمع مذکر غائب) تاکہ وہ بطور فدیہ ادا کریں۔
فِدَاۃٌ (معتل باب مفاعلہ۔ اسم مصدر) فدیہ لینا یا دینا۔
فِدْیَۃٌ (اسم) فدیہ۔
فِدْیَۃٌ دیکھئے و د ی
فَذَرُوْھَا دیکھئے و ذ ر

ف ر ت ☆

فُرَاتٌ (اسم) میٹھا (پانی)
فُرَاتاً منصوب پانی کی صفت کے طور پر استعمال ہوا ہے۔ پیاس بجھانے والا۔ (ونیم لین) یا بہت میٹھا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ف ر ث ☆

فَرْث (اسم) گوبر

ف ر ج ☆

فُرِجَتْ (فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب) وہ کھولی گئی۔
فَرَجَ يَفْرِجُ فَرْجاً (ض)
کھولنا۔ الگ کرنا۔ پھاڑنا۔ جدا جدا کرنا۔
فَرْجٌ (اسم مصدر) بطور استعارہ عصمت، عضو خاص لفظی ترجمہ: شگاف
فُرُوْجٌ (اسم جمع) اعضاء مخصوصہ (مرد یا عورت کے)

ف ر ح ☆

فَرِحَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) وہ خوش ہوا۔
فَرِحَ يَفْرَحُ فَرَحاً (س)
خوش ہونا، مسرور ہونا۔ شادمان ہونا۔ لطف اندوز ہونا۔ خوشی منانا۔ پھولے نہ سمانا۔
فَرِحُوْا (فعل ماضی جمع مذکر غائب) وہ خوش ہوئے۔
يَفْرَحُ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ خوش ہوتا ہے/ہوگا
يَفْرَحُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ خوش ہوتے ہیں۔
يَفْرَحُوْا (محذوف لآخر) منصوب کہ وہ خوش ہوں۔
فَلْيَفْرَحُوْا (۱۰:۵۸)
پس وہ خوش ہو جائیں۔
تَفْرَحُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم خوش ہوتے ہو۔
ذٰلِكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَفْرَحُوْنَ (۴۰:۷۵)
یہ اس لئے کہ تم خوشی سے پھولے نہیں سماتے تھے۔
لَا تَفْرَحْ (فعل نہی واحد مذکر حاضر) تو خوشی سے مت پھول۔
لَا تَفْرَحُوْا (فعل نہی جمع مذکر حاضر) تم خوشی سے مت پھولو۔
فَرِحٌ (اسم) خوش باش۔ مسرور
فَرِحُوْنَ (اسم جمع) خوش باش لوگ۔
فَرِحِيْنَ / الْفَرِحِيْنَ منصوب: اسم جمع۔ مفرد: فَرِحٌ

ف ر د ☆

فَرْداً (اسم) (ا) اکیلا
وَنَرِثُهٗ مَا يَقُوْلُ وَيَاْتِيْنَا فَرْدًا (۱۹:۸۰)
اور جو چیزیں یہ بتاتا ہے ہم اس کے وارث ہوں گے اور وہ اکیلا ہمارے سامنے آئے گا۔ بطور استعارہ: تنہائی۔ لاولد
رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا (۲۱:۸۹)
اے میرے پروردگار! مجھے تنہا (لاولد) نہ چھوڑ
فُرَادٰى (اسم جمع) اکیلے
مفرد: فَرْدٌ

ف ر د س

الْفِرْدَوْسُ (اسم) جنت

ف ر ر ☆

فَرَّتْ (مضاعف) (فعل ماضی واحد مؤنث غائب) وہ بھاگ گئی۔
فَرَّ يَفِرُّ فَرًّا وَ فِرَارًا وَ مَفَرًّا (ض)
بھاگنا۔ دوڑ بھاگنا۔ بھاگ جانا۔ (مِنْ) جان بچانا۔
فَرَرْتُ (فعل ماضی واحد متکلم) میں بھاگا۔
فَرَرْتُمْ (فعل ماضی جمع مذکر حاضر) تم بھاگے۔
يَفِرُّ (مضاعف) (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ بھاگے گا۔
تَفِرُّوْنَ (مضاعف) (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم بھاگتے ہو۔
فِرُّوْا (فعل امر جمع مذکر حاضر) تم بھاگو
فَفِرُّوْا اِلَى اللّٰهِ (۵۱:۵۰)
لہٰذا تم لوگ اللہ کی طرف بھاگ چلو۔
فِرَارًا منصوب۔ بھاگنا۔
الْفِرَارُ بھاگنا۔
الْمَفَرُّ (اسم ظرف) جائے فرار پناہ گاہ۔ خطرے سے بھاگ کر جہاں کوئی جا کر پناہ لے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ف ر ش ☆

فَرَشْنَا (فعل ماضی جمع متکلم)
ہم نے بچھا دیا۔
فَرَشَ یَفْرِشُ فَرْشاً وَ فِرَاشاً (ض)
بچھانا۔ پھیلانا۔ آگے بڑھانا۔
فَرْش / فَرْشاً منصوب (اسم)
چھوٹے مویشی یا اونٹ۔
لفظی ترجمہ: چھوٹے مویشی جن کا گوشت بطور خوراک استعمال ہوتا ہے۔
وَمِنَ الْاَنْعَامِ حَمُوْلَةً وَّفَرْشًا
(۱۴۲:۶)
مویشیوں میں سے (اللہ نے پیدا کئے ہیں) بار برداری کے جانور اور چھوٹے مویشی۔ (یعنی اللہ نے) بار برداری وغیرہ کے کام کے لئے اور گوشت کے لئے جانور پیدا کئے ہیں)۔
اَلْفَرَاش (اسم جمع) پتنگے۔ تتلیاں
مفرد: فَرَاشَة
یَوْمَ یَکُوْنُ النَّاسُ کَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ (۱۰۱:۴)
جس دن (یعنی قیامت کو) لوگ بکھرے ہوئے پتنگوں کی طرح ہو جائیں گے۔
فِرَاشٌ / فِرَاشاً منصوب۔ قالین دری۔ لفظی ترجمہ:۔ زمین پر بچھائی جانے والی چیز۔ کسی کے بیٹھنے یا لیٹنے کے لئے بچھائی جانے والی چیز (ولیم لین)۔
فُرُش (اسم جمع) قالین دریاں
مفرد: فِرَاش

ف ر ض ☆

فَرَضَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے فرض کر دیا۔
فَرَضَ یَفْرِضُ فَرْضاً (ض)
نیت کر لینا۔ قانون بنانا۔ تخمینہ لگانا۔ خیال کرنا، حصہ بانٹنا۔ نافذ کرنا۔ لاگو کرنا۔
فَمَنْ فَرَضَ فِیْهِنَّ الْحَجَّ
(۱۹۷:۲)
پس جو شخص ان مہینوں میں حج کی نیت کرے (۲) لاگو کرنا۔ نافذ کرنا۔
اِنَّ الَّذِیْ فَرَضَ عَلَیْکَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّکَ اِلٰی مَعَادٍ (۸۵:۲۸)
(اے پیغمبر) جس خدا نے تم پر قرآن (کے احکام) کو فرض کیا ہے وہ تمہیں بازگشت کی جگہ لوٹا دے گا۔ (آیت ۲:۶۶ بھی دیکھئے)
(۳) مقرر کر دیا۔
مَا کَانَ عَلَی النَّبِیِّ مِنْ حَرَجٍ فِیْمَا فَرَضَ اللّٰهُ لَهٗ (۳۸:۳۳)
پیغمبر پر اس کام میں کچھ تنگی نہیں جو خدا نے ان کے لئے مقرر کر دیا۔ (۴) طے کیا۔
فَرَضْتُمْ (فعل ماضی جمع مذکر حاضر) تم نے طے کیا۔ تم نے مقرر کیا۔
وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِیْضَةً
(۲۳۷:۲)
اور ان کے لئے حق مہر مقرر کر چکے ہو۔
فَرَضْنَا (فعل ماضی جمع متکلم)
ہم نے مقرر کر دیا۔
تَفْرِضُوْا (محذوف الآخر۔ منصوب فعل مضارع جمع مذکر حاضر) کہ تم مقرر کرو۔
فَرِیْضَةً (اسم) (۱) حکم
مقررہ حصہ۔
فَرِیْضَةً مِّنَ اللّٰهِ (۱۱:۴)
یہ اللہ کی طرف سے مقرر کردہ حصے ہیں۔
(۲) مقرر کرنا۔ آیت ۲:۲۳۷ بھی دیکھئے
اَلْفَرِیْضَة (۳) عہد و پیمان
وَلَا جُنَاحَ عَلَیْکُمْ فِیْمَا تَرٰضَیْتُمْ بِهٖ مِنْۢ بَعْدِ الْفَرِیْضَةِ (۲۴:۴)
اگر مقرر کرنے کے بعد آپس کی رضامندی سے مہر میں کمی بیشی کر لو تو تم پر کچھ گناہ نہیں۔
مَفْرُوْضاً منصوب (اسم مفعول واحد مذکر) طے شدہ یا مقرر کردہ۔
وَلِلنِّسَآءِ نَصِیْبٌ مِّمَّا تَرَکَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ مِمَّا قَلَّ مِنْهُ اَوْ کَثُرَ نَصِیْبًا مَّفْرُوْضًا (۷:۴)
اور جو مال ماں باپ اور رشتہ دار چھوڑ مریں اس میں عورتوں کا بھی حصہ ہے، یہ مال خواہ تھوڑا ہو یا بہت (ہر ایک کا) حصہ مقرر ہے۔
فَارِضٌ (اسم فاعل واحد مذکر)
بوڑھا بیل، بڑا موٹا تازہ۔ پوری عمر کا

ف ر ط ☆

یَفْرُطَ منصوب (فعل مضارع واحد مذکر غائب) کہ وہ جلد بازی کرے۔
فَرَطَ یَفْرُطُ فَرْطاً (ن)
کسی کے خلاف جلد بازی / زیادتی اور بے انصافی سے اقدام کرنا۔
اِنَّنَا نَخَافُ اَنْ یَّفْرُطَ عَلَیْنَا
(۴۵:۲۰)
ہمیں ڈر ہے کہ کہیں وہ ہمارے خلاف زیادتی و جلد بازی نہ کرے۔
فَرَّطْتُ باب تفعیل (فعل ماضی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

واحد متکلم) میں نے زیادتی کی۔

فَرَّطَ تفریطًا (باب تفعیل) (چوکنا کی پڑنا۔ نظر انداز کرنا۔ کوتاہی ہونا۔ حد سے تجاوز کرنا۔ فضول خرچ ہونا۔

یٰحَسْرَتٰی عَلٰی مَا فَرَّطْتُّ فِیْ جَنْۢبِ اللّٰهِ (۵۶:۳۹)

اس کوتاہی پر افسوس ہے جو میں نے خدا کے حق میں کی۔

فَرَّطْتُّمْ (فعل ماضی جمع مذکر حاضر) تم نے کوتاہی کی۔

فَرَّطْنَا (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے کوتاہی کی۔

قَالُوْا یٰحَسْرَتَنَا عَلٰی مَا فَرَّطْنَا فِیْهَا (۳۱:۶)

ہائے اس تقصیر و کوتاہی پر افسوس ہے جو ہم نے (اپنی زندگی میں) قیامت کے بارے میں کی۔

مَا فَرَّطْنَا فِی الْکِتٰبِ مِنْ شَیْءٍ (۳۸:۶)

ہم نے کتاب یعنی لوح محفوظ میں (کسی چیز کے لکھنے میں) کوئی کوتاہی نہیں کی۔

فُرُطًا (اسم مصدر، منصوب) حد سے تجاوز کرنا۔

وَکَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا (۲۸:۱۸)

اور اس کا معاملہ حد سے بڑھ گیا ہے۔

مُفْرَطُوْنَ (اسم مفعول جمع مذکر) جلد بازی (افراط و تفریط) کا شکار لوگ۔ اصل مادہ دیکھیے۔

وَاَنَّهُمْ مُفْرَطُوْنَ (۶۲:۱۶)

اور یہ دوزخ میں سب سے آگے بھیجے جائیں گے۔

ف ر ع ☆

فَرْعٌ (اسم) شاخ

وَفَرْعُهَا فِی السَّمَآءِ (۲۴:۱۴)

اور شاخیں آسمان میں ہوں۔

ف ر غ ☆

فَرَغْتَ (فعل ماضی واحد مذکر حاضر) تو فارغ ہوگیا۔

فَرَغَ یَفْرُغُ / یَفْرَغُ فُرُوْغًا وَ فَرَاغًا (ن، ف)

خالی ہونا۔ کسی کام کو ختم کرنے کے لئے فارغ ہونا۔ کسی کام سے رک جانا۔ بیکار ہونا۔ دوسری باتوں یا دوسرے (کاموں سے) فارغ ہونا۔ اپنے آپ کو منہمک اور وقف کر دینا۔

فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ (۷:۹۴)

جب آپ فارغ ہوں تو عبادت میں محنت کیا کریں۔

نَفْرُغُ ۔ لَ (فعل مضارع جمع متکلم) ہم اپنے آپ کو (اس کام کے لئے) فارغ کریں۔

سَنَفْرُغُ لَکُمْ اَیُّهَ الثَّقَلٰنِ (۳۱:۵۵)

اے دو بوجھو (جنو اور انسانو!) ہم عنقریب تمہاری طرف متوجہ ہوتے ہیں۔

فَارِغًا منصوب (اسم فاعل واحد مذکر) بے صبر۔ خالی۔ فارغ۔

وَاَصْبَحَ فُؤَادُ اُمِّ مُوْسٰی فٰرِغًا (۱۰:۲۸)

اور حضرت موسیٰؑ کی ماں کا دل بے صبر ہو گیا۔

اُفْرِغْ باب افعال۔ ساکن (فعل مضارع واحد متکلم) میں ڈالوں گا۔

اَفْرَغَ اِفْرَاغًا ڈال دینا۔

قَالَ اٰتُوْنِیْٓ اُفْرِغْ عَلَیْهِ قِطْرًا (۹۶:۱۸)

اس نے کہا: اب میرے پاس (تانبہ) لاؤ کہ میں پگھلا کر اس پر ڈال دوں۔

اَفْرِغْ باب افعال (فعل امر واحد مذکر) ڈال دے۔

اَفْرِغْ عَلَیْنَا صَبْرًا (۲۵۰:۲)

ہم پر صبر کے دہانے کھول دے۔

ف ر ق ☆

فَرَقْنَا (فعل ماضی جمع متکلم)

(۱) ہم نے الگ کیا۔

فَرَقَ یَفْرُقُ / یَفْرِقُ فَرْقًا وَ فُرْقَانًا ب و بَیْنَ

ایک دوسرے سے الگ کرنا۔ تقسیم کرنا۔ امتیاز کرنا۔ دو کے درمیان فیصلہ کرنا۔

وَاِذْ فَرَقْنَا بِکُمُ الْبَحْرَ (۵۰:۲)

اور جب ہم نے تمہارے دریا کو پھاڑ دیا

(۲) امتیاز کرنا۔ نمایاں کرنا۔

وَقُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ لِتَقْرَاَهٗ عَلَی النَّاسِ (۱۰۶:۱۷)

اور ہم نے قرآن کو جزو جزو کرکے نازل کیا ہے تاکہ تم لوگوں کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھ کر سناؤ۔

یَفْرُقُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر غائب) (۳) وہ ڈرتے ہیں۔

فَرِقَ یَفْرَقُ فَرَقًا (ف)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ڈرنا (لہر میں) غوطہ لگانا۔

لٰكِنَّهُمْ قَوْمٌ يَّفْرَقُوْنَ (۹:۵۶)

اصل یہ ہے کہ یہ ڈرپوک لوگ ہیں۔

اُفْرُقْ (فعل امر واحد مذکر حاضر) (۴) فیصلہ کر۔

فَافْرُقْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ (۲۵:۵)

سو ہمارے اور فاسق قوم کے درمیان فیصلہ کر۔

يُفْرَقُ (فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب) - فیصلہ کیا جاتا ہے۔ اسے الگ کر دیا جاتا ہے۔

فِيْهَا يُفْرَقُ كُلُّ اَمْرٍ حَكِيْمٍ (۴:۴۴)

اسی رات میں حکمت کے تمام کام فیصل کئے جاتے ہیں۔

فَرَّقْتَ باب تفعیل (فعل ماضی واحد مذکر حاضر) تم نے تفریق ڈال دی۔

فَرَّقَ تَفْرِيْقًا باب تفعیل ڈرانا' منتشر کرنا' تتر بتر کرنا - الگ الگ کرنا - تقسیم کرنا۔

يُفَرِّقُوْنَ باب تفعیل (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ تقسیم کرتے ہیں یا وہ الگ الگ کرتے ہیں۔

يُفَرِّقُوْا باب تفعیل' محذوف الآخر (فعل مضارع جمع مذکر غائب) کہ وہ تقسیم کریں۔

يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّفَرِّقُوْا بَيْنَ اللّٰهِ وَرُسُلِهٖ (۴:۱۵۰)

وہ اللہ اور اس کے رسولوں کے درمیان تفریق ڈالنا چاہتے ہیں (پکتھال)۔ وہ اللہ اور اس رسولوں کے درمیان اختلاف پیدا کرنا چاہتے ہیں (عبدالماجد دریا آبادی)

نُفَرِّقُ باب تفعیل (فعل مضارع جمع متکلم) ہم تفریق کرتے ہیں۔

لَا نُفَرِّقُ ہم تفریق نہیں کرتے

فَارِقُوْا باب مفاعلہ (فعل امر جمع مذکر حاضر) الگ کرو۔

فَارَقَ فِرَاقًا وَّ مُفَارَقَةً باب مفاعلہ الگ کرنا - اپنے آپ کو جدا کرنا - ترک کرنا - دستبردار ہونا - چھوڑنا -

اَوْ فَارِقُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ (۳:۵۶)

یا اچھی طرح الگ کرو۔

تَفَرَّقَ باب تفعّل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) وہ بکھر گیا - الگ ہو گیا

تَفَرَّقَ تَفَرُّقًا الگ ہونا - بکھرنا

وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ (۱۵۳:۶)

دوسرے راستے اختیار نہ کرو - وہ تمہیں اللہ کے راستے سے الگ کر دیں گے (عبدالماجد دریا آبادی) مبادا تم راستے سے الگ ہو جاؤ (پکتھال)۔

وَمَا تَفَرَّقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنَةُ (۴:۹۸)

اور اہل کتاب جو متفرق و مختلف ہوئے ہیں وہ دلیل واضح کے آجانے کے بعد ہوئے ہیں۔

تَفَرَّقُوْا (فعل ماضی جمع مذکر غائب) وہ متفرق و منتشر ہو گئے۔

لَا تَفَرَّقُوْا باب تفعّل' (فعل نہی جمع مذکر حاضر) ایک دوسرے سے الگ نہ ہو جاؤ۔

يَتَفَرَّقَا باب تفعّل محذوف الآخر (فعل مضارع تثنیہ مذکر غائب) وہ دو ایک دوسرے سے الگ ہوتے ہیں۔

يَتَفَرَّقُوْنَ باب تفعّل (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ الگ الگ ہو جائیں گے۔

تَفَرَّقُوْا / لَا تَتَفَرَّقُوْا (فعل امر/نہی جمع مذکر حاضر) منقسم اور متفرق نہ ہو جاؤ۔

اَنْ اَقِيْمُوا الدِّيْنَ وَلَا تَتَفَرَّقُوْا فِيْهِ (۱۳:۴۲)

یہ کہ دین کو قائم رکھنا اور اس میں پھوٹ نہ ڈالنا۔

فَرْقًا (اسم مصدر) منتشر کرنا

فِرْقٌ (اسم) حصہ

فِرْقَةٌ (اسم) پارٹی - گروپ

فَرِيْقٌ (اسم فاعل) پارٹی گروپ

فَرِيْقًا منصوب

فَرِيْقَانِ (اسم فاعل تثنیہ مذکر) دو جماعتیں یا دو گروہ

فَرِيْقَيْنِ منصوب

مُتَفَرِّقُوْنَ باب تفعّل (اسم فاعل جمع مذکر) منتشر لوگ (پکتھال)

مُتَفَرِّقُوْنَ متفرق لوگ (ماجد)

ءَاَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُوْنَ خَيْرٌ اَمِ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ (۳۹:۱۲)

بھلا کئی جدا جدا آقا اچھے یا ایک خدائے یکتا و غالب۔

مُتَفَرِّقَةٌ (اسم فاعل واحد مؤنث) مختلف

وَّادْخُلُوْا مِنْ اَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَةٍ (۶۷:۱۲)

مختلف دروازوں سے داخل ہونا۔

اَلْفُرْقَانُ (اسم) (صحیح یا غلط) معیار لفظی ترجمہ: کوئی ایسی چیز جو حق و باطل میں فرق کرے - اس کے معانی ثبوت دلیل اور عملی مظاہرہ بھی ہیں - (ولیم لین)

یہ اصطلاح قرآن کریم پر صادق آتی ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

اور اسی طرح حضرت موسیٰؑ پر نازل شدہ کتاب تورات پر بھی۔ (دیکھئے ۲:۵۳، ۱۵۸، ۳:۴، ۳۱:۴ اور ۲۱:۴۸)۔

فُرْقَانًا (منصوب) اسم امتیاز
إِنْ تَتَّقُوا اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّكُمْ فُرْقَانًا (۸:۲۹)
اگر تم خدا سے ڈرو گے تو وہ تمہارے لئے امر فارق پیدا کرے گا۔ یعنی تم کو ممتاز کرے گا۔

ف ر ہ ☆

فَارِهِيْنَ منصوب (اسم فاعل جمع مذکر) کاریگری سے ماہرانہ مفرد: فَارِهٌ ۔ کاریگر۔ ماہر۔
فَرِهَ يَفْرَهُ فَرَهًا (س) پھولے نہ سمانا۔ پھر تیلا۔ کوئی کام مہارت سے کرنا۔
وَتَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا فٰرِهِيْنَ (۲۶:۱۴۹)
اور بڑی مہارت سے تراش تراش کر پہاڑوں میں گھر بنائے۔
فَارِهِيْنَ یہاں حال واقع ہوا ہے نہ کہ بُیُوت کی صفت (ابن منظور: لسان العرب)

ف ر ی ☆

اِفْتَرٰى باب افتعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے بہتان گڑھا۔
اِفْتَرٰى اِفْتِرَاءً کسی کے خلاف جھوٹ گھڑنا۔ بہتان باندھنا۔
فَرٰى يَفْرِىْ فَرْيًا (ض) کاٹنا۔ جدا کرنا۔ پھاڑنا۔ الگ الگ کرنا۔
حرف علت ی اس وقت الف سے تبدیل ہوتا ہے جب اس فعل کے بعد کوئی متصل ضمیر آئے مثلاً: اِفْتَرٰى اِفْتَرَاهُ ہو جائے گا۔
اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا (۴۲:۲۴)
کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ پیغمبر نے اللہ پر جھوٹ باندھ لیا ہے۔
اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ (۱۰:۳۸)
کیا وہ کہتے ہیں کہ پیغمبر نے یہ اپنی طرف سے بنایا ہے؟
اِفْتَرَيْتُ باب افتعال (فعل ماضی واحد متکلم) میں نے جھوٹ باندھا۔
اِفْتَرَيْنَا (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے جھوٹ باندھا۔
يَفْتَرِىْ باب افتعال (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ جھوٹ باندھتا ہے۔
لِتَفْتَرِىَ لام تعلیل (فعل مضارع واحد مذکر حاضر) تاکہ تو جھوٹ باندھے
يَفْتَرُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ (خلاف) جھوٹ باندھتے ہیں۔
تَفْتَرُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم جھوٹ باندھتے ہو۔ لِتَفْتَرُوْا لام تعلیل تاکہ تو جھوٹ باندھے۔
لَا تَفْتَرُوْا (فعل نہی جمع مذکر حاضر) تم جھوٹ مت باندھو۔
يَفْتَرِيْنَ (فعل مضارع جمع مؤنث غائب) وہ عورتیں جھوٹ باندھتی ہیں۔
وَلَا يَاْتِيْنَ بِبُهْتَانٍ يَّفْتَرِيْنَهٗ (۶۰:۱۲)
اور (وہ عورتیں) نہ کوئی بہتان باندھ لائیں۔

يُفْتَرٰى (فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب) جھوٹ باندھا جاتا ہے۔
مَا كَانَ حَدِيْثًا يُّفْتَرٰى (۱۲:۱۱۱)
یہ قرآن ایسی بات نہیں ہے جو اپنے دل سے بنالی گئی ہے۔
مُفْتَرٍ (اسم فاعل واحد مذکر غائب) افترا باندھنے والا۔
مُفْتَرًى (اسم مفعول واحد مذکر) گھڑی ہوئی بات۔
مُفْتَرُوْنَ (اسم فاعل جمع مذکر) جھوٹ باندھنے والے (مفتری۔ جھوٹے) مفرد۔ مُفْتَرٍ
مُفْتَرِيْنَ منصوب
مُفْتَرَيَاتٌ (اسم مفعول جمع مؤنث) گھڑی ہوئی باتیں۔ مفرد: مُفْتَرَاةٌ
فَرِيًّا منصوب (اسم فاعل) ان دیکھی یا ان سنی بات۔
قَالُوْا يٰمَرْيَمُ لَقَدْ جِئْتِ شَيْئًا فَرِيًّا (۱۹:۲۷)
انہوں نے کہا: اے مریم! تو نے ایک ان سنی بات کر دی ہے۔

ف ز ز ☆

يَسْتَفِزَّ مضاعف، منصوب (فعل مضارع واحد مذکر غائب) کہ وہ بے دخل کر دے۔
اسْتَفَزَّ: اِسْتِفْزَازًا (باب استفعال) جلاوطن کرنا۔ فعال بنانا۔ دھوکا دینا۔ بے دخل کرنا۔ (خوف)
فَزَّ يَفِزُّ فَزًّا (ن) زخم سے خون کی طرح بہنا۔ ہٹانا۔ خارج

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

کر دینا-

فَاَرَادَاَنْ یَّسْتَفِزَّهُمْ مِّنَ الْاَرْضِ (۱۷:۱۰۳)

تب اس نے چاہا کہ انہیں ملک سے بے دخل کر دے-

یَسْتَفِزُّوْنَ باب استفعال (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ بے دخل کرتے ہیں-

وَاِنْ كَادُوْا لَيَسْتَفِزُّوْنَكَ مِنَ الْاَرْضِ (۱۷:۷۶)

اور قریب تھا کہ یہ لوگ تمہیں زمین (مکہ) سے بے دخل کر دیں-

اِسْتَفْزِزْ باب استفعال (فعل امر واحد مذکر حاضر) تو اُکسائے-

وَاسْتَفْزِزْ مَنِ اسْتَطَعْتَ مِنْهُمْ (۱۷:۶۴)

تو ان میں سے جسے بہکا سکے بہکا لے-

ف ز ع ☆

فَزِعَ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ ڈر گیا-

فَزِعَ يَفْزَعُ فَزَعًا (س)

ڈرنا- خوفزدہ ہونا- دہشت زدہ ہونا-

فَزِعُوْا (فعل ماضی جمع مذکر غائب) وہ دہشت زدہ ہو گئے-

وَلَوْ تَرٰى اِذْ فَزِعُوْا فَلَا فَوْتَ (۳۴:۵۱)

کاش تم دیکھو جب یہ گھبرا جائیں گے تو (عذاب سے) بچ نہیں سکیں گے-

فُزِّعَ باب تفعیل (فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب) خوف دور ہو گیا-

عَنْ - فَزَّعَ تَفْزِيْعًا (باب تفعیل) خوف دور کر دینا-

عَنْ - فَزَّعَ - عَنْ بے خوف ہو جانا/ خوف سے آزاد ہو جانا-

حَتّٰى اِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوْبِهِمْ قَالُوْا مَاذَا ۙ قَالَ رَبُّكُمْ (۳۴:۲۳)

یہاں تک کہ جب ان کے دلوں سے اضطراب دور کر دیا جائے گا تو کہیں گے کہ تمہارے پروردگار نے کیا فرمایا ہے-

فَزَعٌ (اسم مصدر) دہشت .

اَلْفَزَعُ (الْاَكْبَرُ) بڑی دہشت (قیامت کے دن میں)

ف س ح ☆

يَفْسَحُ (فعل مضارع واحد مذکر غائب (وہ جگہ بناتا ہے)-

فَسَحَ يَفْسَحُ فَسْحًا (ف) (بیٹھنے کے لئے) جگہ بنانا-

اِفْسَحُوْا (فعل امر جمع مذکر حاضر) جگہ بناؤ-

تَفَسَّحُوْا باب تفعل (فعل امر جمع مذکر حاضر) تم جگہ بناؤ-

ف س د ☆

فَسَدَتْ (فعل ماضی واحد مؤنث غائب) اس عورت نے خراب کر دیا-

اَلشَّيْطٰنُ سَوَّلَ لَهُمْ وَاَمْلٰى لَهُمْ (۲۵:۴۷)
شیطان نے یہ کام انہیں مزین کر دکھایا اور انہیں طول عمر کا وعدہ دیا-
(۲) برداشت کرنا- مہلت دینا- باگیں کھلی چھوڑنا-
اَمْلَيْتُ باب افعال- معتل (فعل ماضی واحد متکلم) میں نے برداشت کیا یا باگ ڈھیلی چھوڑ دی-
وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَمْلَيْتُ لَهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ ثُمَّ اَخَذْتُهَا (۴۸:۲۲)
اور بہت سی بستیاں ہیں کہ میں ان کو مہلت دیتا رہا اور وہ نافرمان تھیں تو پھر میں نے ان کو پکڑ لیا-
اُمْلِيْ باب افعال- معتل (فعل مضارع واحد متکلم) میں مہلت دیتا ہوں-
وَاُمْلِيْ لَهُمْ اِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ (۱۸۳:۷)
میں ان کی باگ ڈھیلی چھوڑتا ہوں یعنی میں انہیں مہلت دیتا ہوں- بلاشبہ میری تدبیر کارگر ہوتی ہے-
نُمْلِيْ معتل (فعل مضارع جمع متکلم) ہم مہلت دیتے ہیں-
مَلِيًّا ثلاثی مادہ اسم مصدر ایک لمبا/طویل عرصہ-
وَاهْجُرْنِيْ مَلِيًّا (۴۶:۱۹)
اور تو ہمیشہ کے لئے مجھ سے دور ہو جا-

م ل ی ☆

تُمْلٰى باب افعال' معتل فعل مضارع مجہول واحد مؤنث غائب (لکھوائی جاتی ہے-
اَمْلٰى اِمْلَاءً لکھوانا/لکھانا-

م ن ☆☆

مِمَّ/مِمَّا حرف بجائے مِنْ مَا
مَاتَ دیکھئے م و ت
مُمْتَحِنَةٌ دیکھئے م ح ن
مُمْتَرِيْنَ دیکھئے م ر ی
مُمِدٌّ دیکھئے م د د
مِمَّنْ بجائے مِنْ + مَنْ
مَنْ غیر منصرف ضمیر موصول
وہ جو- وہ جو (۱) حرف استفہام
وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا (۲۱:۶)
اور اس شخص سے زیادہ کون ظالم ہے جس نے خدا پر جھوٹ افتراء کیا-
(۲) وہ جو ضمیر- موصول-
وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ (۹۹:۹)
اور بعض ایسے ہیں کہ خدا پر اور روز آخرت پر ایمان رکھتے ہیں-
(۳) جو
وَمَنْ يَّقْنُتْ مِنْكُنَّ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ (۳۱:۳۳)
اور تم (عورتوں) اس سے جو کوئی اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا فرماں بردار رہے گی-
(۴) جو کوئی- شرطیہ انداز'
وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ (۸۵:۳)
اور جو شخص اسلام کے سوا کسی اور دین کا طالب ہوگا وہ اس سے ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا-
مِنْ حرف جار جو حسب ذیل باتیں ظاہر کرتا ہے- (۱) کسی چیز کی اصل
وَمِنْ ثَمَرٰتِ النَّخِيْلِ وَالْاَعْنَابِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْهُ سَكَرًا (۶۷:۱۶)
اور کھجور اور انگور کے میووں سے بھی (تم پینے کی چیزیں تیار کرتے ہو) کہ ان سے شراب بناتے ہو-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

(۲) مرکب
وَمِنَ الْاِبِلِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ (۶:۱۴۴)
اور دو دو اونٹوں میں سے اور دو دو گایوں میں سے۔ (۳) وضاحت کے لئے
فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُخْرِجْ لَنَا مِمَّا تُنْبِتُ الْاَرْضُ مِنْ بَقْلِهَا وَقِثَّائِهَا وَفُوْمِهَا وَعَدَسِهَا وَبَصَلِهَا (۲:۶۱)
اپنے پروردگار سے دعا کیجئے کہ ترکاری اور ککڑی اور گیہوں اور مسور اور پیاز وغیرہ جو نباتات زمین سے اُگتی ہیں، ہمارے لئے پیدا کرے۔
(۴) وقت کا تعین ظاہر کرنے کے لئے۔
مِنْ قَبْلِ صَلٰوةِ الْفَجْرِ وَحِيْنَ تَضَعُوْنَ ثِيَابَكُمْ مِّنَ الظَّهِيْرَةِ (۲۴:۵۸)
صبح سے پہلے۔ دوسرے گرمی کی دوپہر کو جب تم کپڑے اتار دیتے ہو اور تیسرے عشاء کی نماز کے بعد۔
جگہ کے تعین کے لئے۔
سُبْحٰنَ الَّذِيْٓ اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ لَيْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا (۱۷:۱)
وہ (ذات) پاک ہے جو ایک رات اپنے بندے کو مسجد حرام یعنی خانہ کعبہ سے مسجد اقصٰی (یعنی بیت المقدس) تک لے گیا۔
(۵) میں سے:
وَمِنْ قَوْمِ مُوْسٰى اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ يَعْدِلُوْنَ (۷:۱۵۹)
اور قوم موسیٰ میں سے کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو حق کا راستہ بتاتے ہیں اور اس کے ساتھ انصاف کرتے ہیں۔
(۶) بمقابل: (جب اس کے بعد تفضیل آئے)۔
وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ اِلَى اللّٰهِ (۴۱:۳۳)
اور اس شخص سے بات کا کون اچھا ہو سکتا ہے جو خدا کی طرف بلائے اور عمل نیک کرے۔
(۷) بوجہ، بسبب
وَمِنْ رَّحْمَتِهٖ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ (۲۸:۷۳)
اور اس نے اپنی رحمت سے تمہارے لئے رات کو اور دن کو بنایا۔
آیت کا مطلب اس کی مہربانی سے یا اس کے کرم سے، بھی ہو سکتا ہے۔
(۸) کچھ یا درمیان میں:
وَمِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مَنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِقِنْطَارٍ يُّؤَدِّهٖٓ اِلَيْكَ (۳:۷۵)
اور اہل کتاب میں سے کوئی تو ایسا ہے کہ اگر اس کے پاس روپوں کا ڈھیر امانت رکھ دو تو وہ تم کو فوراً واپس دے دے۔
(۹) فِیْ: میں۔ کے معنوں میں۔
وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاَدْبَارَ السُّجُوْدِ (۵۰:۴۰)
اور رات کے بعض اوقات میں بھی اور نماز کے بعد بھی اس کے نام کی تسبیح کیا کرو۔
(۱۰) کوئی:
وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ (۳:۶۲)
اور خدا کے سوا کوئی معبود نہیں۔
(۱۱) علی کے معنوں میں۔
بَلٰٓى اِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا وَيَاْتُوْكُمْ مِّنْ فَوْرِهِمْ (۳:۱۲۵)
ہاں! اگر دل کو مضبوط رکھو اور (خدا سے) ڈرتے رہو اور کافر تم پر جوش کے ساتھ دفعتہً حملہ کر دیں۔
(۱۲) متقابل۔ آمنے سامنے
اَوْ تُقَطَّعَ اَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ (۵:۳۳)
یا ان کے ایک ایک طرف ہاتھ اور ایک ایک طرف کے پاؤں کاٹ دیئے جائیں۔
(۱۳) مطابق:
اَسْكِنُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ سَكَنْتُمْ مِّنْ وُّجْدِكُمْ (۶۵:۶)
مطلقہ عورتوں کو ایام عدت میں اپنے مقدور کے مطابق وہیں رکھو جہاں خود رہتے ہو۔
(۱۴) بمقابل کے بدلے عن کے معنوں میں
اَرَضِيْتُمْ بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مِنَ الْاٰخِرَةِ (۹:۳۸)
کیا تم آخرت کی نعمتوں کو چھوڑ کر دنیا کی زندگی پر خوش ہو بیٹھے ہو!
(۱۵) رابط کے مفہوم کی تاکید کے لئے (لیکن منفی شکل میں)۔
وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَلَيْسَ مِنَ اللّٰهِ فِيْ شَيْءٍ (۳:۲۸)
اور جو ایسا کرے گا اس سے خدا کا کچھ (عہد) نہیں۔

اَلْمَنُّ دیکھئے م ن ن
اَلْمَمْنُوْنُ دیکھئے م ن ن
مَنَاصٌ دیکھئے ن و ص
مُنْتَهٰى دیکھئے ن ہ ی
مِنْسَاَةٌ دیکھئے ن س أ
مُنْشَاٰتٌ دیکھئے ن ش أ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

م ن ع ☆

مَنَعَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے روکا/منع کیا-

مَنَعَ یَمْنَعُ مَنْعاً (ف)

کسی کو کسی چیز دینے سے انکار کرنا- روک دینا- باز رکھنا- ممانعت کرنا-

(۱) روکنا/منع کرنا-

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللّٰہِ اَنْ یُّذْکَرَ فِیْهَا اسْمُهٗ (۲:۱۱۴)

اس سے بڑھ کر ظالم کون جو خدا کی مسجدوں میں خدا کے نام کا ذکر کئے جانے کو منع کرے-

(۲) مدافعت کرنا-

تَمْنَعُ (فعل مضارع واحد مؤنث غائب) وہ مدافعت کرتی ہے-

اَمْ لَهُمْ اٰلِهَةٌ تَمْنَعُهُمْ مِّنْ دُوْنِنَا (۲۱:۴۳)

کیا ہمارے سوا ان کے اور معبود ہیں کہ ان کو مصائب سے بچا سکیں-

(۳) حفاظت کرنا-

نَمْنَعْ ساکن (فعل مضارع جمع متکلم) ہم حفاظت کرتے ہیں-

قَالُوْٓا اَلَمْ نَسْتَحْوِذْ عَلَيْكُمْ وَنَمْنَعْكُمْ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ (۴:۱۴۱)

تو ان سے کہتے ہیں کہ کیا ہم تم پر غالب نہیں تھے اور تم کو مسلمانوں (کے ہاتھ) سے بچایا نہیں-

(۴) انکار کرنا-

مُنِعَ (فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب)- اسے منع کیا گیا- روکا گیا-

قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مُنِعَ مِنَّا الْكَيْلُ (۱۲:۶۳)

انہوں نے کہا کہ اے ہمارے باپ ہمارے لئے غلے کی بندش کر دی گئی-

مَانِعَةٌ (اسم فاعل واحد مؤنث) محافظ

مَنُوْعٌ/ مَنُوْعاً منصوب، اسم مبالغہ سخت بخیل

مَنَّاعٌ اسم مبالغہ- سخت روکنے والا

مَمْنُوْعَةٌ (اسم مفعول واحد مؤنث) منع شدہ-

م ن ن ☆

مَنَّ - عَلٰی (ن) (مضاعف)

(فعل ماضی واحد مذکر غائب) احسان کیا/ جتایا-

مَنَّ یَمُنُّ مَنًّا وَمِنَّةً

کسی کو ایذا دینے کے لئے اس پر کئے گئے احسانات جتانا، کئے گئے احسانات کے بدلے ملامت واذیت دینا- (مَنَّ اصل قطع کرنا ہے جیسا کہ لفظ مَمْنُوْنٌ سے ظاہر ہوگا- راغب کے بیان کے مطابق احسانات احتیاج کو قطع کرتے ہیں کیونکہ جب کسی پر کہیں سے احسانات کئے جاتے ہیں تو اس کی احتیاج ختم ہو جاتی ہے یوں احسان، خیرات بھوک کو قطع کرتے ہیں-

مَنَنَّا مضاعف (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے احسان کیا-

تَمُنُّ مضاعف (فعل مضارع واحد مذکر حاضر) تم احسان جتاتے ہو-

یَمُنُّ مضاعف ن (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ احسان جتاتا ہے-

یَمُنُّوْنَ (ن) (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ احسان جتاتے ہیں-

نَمُنَّ منصوب (فعل مضارع جمع متکلم) ہم احسان جتاتے ہیں

لَا تَمُنُّوْا (فعل امر جمع مذکر حاضر) احسان مت جتاؤ-

لَا تَمْنُنْ (ساکن جملہ شرطیہ) احسان نہ کرو-

اُمْنُنْ (فعل امر واحد مذکر حاضر) تو احسان کر-

اَلْمَنُّ مَنًّا (منصوب) احسان جتانا یا زیر بار احسان کرنا-

مَمْنُوْنٌ (اسم مفعول واحد مذکر) مقطوع- مَنَّ کے درج بالا معانی دیکھئے

اَلْمَنُوْنُ (اسم) وقت- قسمت

رَیْبُ الدَّهْرِ رَیْبُ الْمَنُوْنِ اور رَیْبُ الزَّمَانِ سے مراد حوادث یا بدحوادث یا ایسے اوقات جو دلوں کو پریشان کر دیتے ہیں- (ولیم لین)

اَلْمَنُّ (اسم) ایک طرح کی شبنم- ایک شیریں مائع (ماجد)

م ن ی ☆

تُمْنُوْنَ باب افعال- معتل (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) - تم منی نکالتے ہو/ خارج کرتے ہو-

اَمْنٰی یُمْنِیْ اِمْنَاءً

خون گرانا، منی خارج کرنا-

نوٹ:- اس فعل کی آخری (ی) مضارع میں جمع کے صیغے میں (و) سے بدل گئی لہذا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

اب گردان یوں ہوگی: یُمْنٰی ' تُمْنٰی ' یُمْنَوْنَ ' تُمْنَوْنَ ' اُمْنٰی ' نُمْنٰی

یُمْنٰی باب افعال' معتل (فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب) منی خارج کی جاتی ہے۔

تُمْنٰی باب افعال۔ معتل (فعل مضارع مجہول واحد مؤنث غائب) منی خارج کی جاتی ہے۔

مَنِیٌّ (اسم) مادہ منی

یُمَنِّی باب تفعیل' معتل (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ خواہش ابھارتا ہے۔

مَنّٰی تَمْنِیَۃً خواہش بیدار کرنا۔ توقع کو معقول بتانا۔ کسی کو امید دلانا۔

یَعِدُهُمْ وَیُمَنِّیهِمْ (۴:۱۲۰)

شیطان انہیں وعدے دیتا' اور امید دلاتا ہے۔

لَأُمَنِّیَنَّ لام تاکید نون ثقیلہ باب تفعیل' معتل (فعل مضارع واحد متکلم) میں ضرور خواہش پوری کروں گا۔

وَلَأُضِلَّنَّهُمْ وَلَأُمَنِّیَنَّهُمْ (۴:۱۱۹)

میں ضرور انہیں گمراہ کرتا رہوں گا اور امیدیں دلاتا رہوں گا۔

تَمَنّٰی باب تفعل' معتل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے تلاوت کی۔ اس نے تمنا کی۔

تَمَنّٰی تَمَنِّیًا باب تفعل۔ خواہش کرنا امید پیدا کرنا۔ پڑھنا یا تلاوت کرنا۔

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِیٍّ اِلَّآ اِذَا تَمَنّٰٓی اَلْقَی الشَّیْطٰنُ فِیْٓ اُمْنِیَّتِهٖ (۲۲:۵۲)

اور ہم نے تم سے پہلے کوئی رسول اور نبی نہیں بھیجا مگر اس کا یہ حال تھا کہ وہ جب کوئی آرزو کرتا تھا تو شیطان اس کی آرزو میں (وسوسہ) ڈال دیتا تھا۔

نوٹ:۔ تَمَنّٰی کے لفظی معنی اس نے خواہش کی' ہے اور اُمْنِیَّتِهٖ کا مطلب: اس کی خواہش ہے۔ لیکن اس آیت میں رازی۔ طبری۔ زمخشری اور دوسرے مفسرین کے بیان کے مطابق کلمات کے معنی بالترتیب اس نے تلاوت کی' اور تلاوت ہے۔

تَمَنَّوْا باب تفعل۔ معتل (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے تمنا کی۔

تَتَمَنَّوْنَ باب تفعل۔ معتل (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم تمنا کرتے ہو۔

تَمَنَّوْنَ بجائے تَتَمَنَّوْنَ ہے' دو ت' اکٹھی آنے سے ایک "ت" گر گئی۔

یَتَمَنَّوْنَ باب تفعل۔ معتل (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ تمنا کرتے ہیں۔

لَا یَتَمَنَّوْنَهٗ ' وہ ہرگز اس کی تمنا نہ کریں گے۔

تَمَنَّوْا باب تفعل۔ معتل (فعل امر جمع مذکر حاضر) تم آرزو/تمنا کرو۔

اُمْنِیَّۃٌ (۱) تلاوت (۲) خواہش آرزو کرنا۔ خواہش کرنا۔

اَمَانِیُّ (اسم' جمع) خواہشات آرزوئیں۔ مفرد: اُمْنِیَّۃٌ

مَنَاۃُ ایک قدیم عربی معبود (بت)

م ھ د ☆

یَمْهَدُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ تیاری کرتے ہیں۔ خوراک فراہم کرتے ہیں۔

مَهَدَ یَمْهَدُ مَهْدًا (ف)

بڑھانا۔ کھولنا۔ بچھانا/پھیلانا' برابر کرنا۔ ہموار کرنا۔ تیار کرنا۔

اَلْمَاهِدُوْنَ (اسم فاعل جمع مذکر) بچھانے/پھیلانے والے

مَهَّدْتُّ باب تفعیل (فعل مضارع واحد متکلم) میں نے ہموار کیا۔

تَمْهِیْدًا (منصوب) باب تفعیل اسم مصدر۔ تیاری' ہموار کرنا۔

اَلْمَهْدُ (۱) جھولا پنگھوڑا ماں کی گود

وَیُكَلِّمُ النَّاسَ فِی الْمَهْدِ (۳:۴۶)

اور ماں کی گود میں لوگوں سے گفتگو کرے گا۔

(۲) بستر بچھونا

اَلَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا (۴۳:۱۰)

جس نے تمہارے لئے زمین کو بچھونا بنایا

اَلْمِهَادُ/ مِهَادًا منصوب (اسم) پھیلاؤ' وسعت' آرام گاہ جو پھیلی ہوئی ہو۔

م ھ ل ☆

مَهِّلْ باب تفعیل (فعل امر واحد مذکر حاضر) مہلت کر/تو تھوڑا سا صبر کر۔

مَهَّلَ تَمْهِیْلًا باب تفعیل

اَمْهَلَ اِمْهَالًا باب افعال

(۱) مہلت دینا (۲) شرافت سے پیش آنا

مَهَلَ یَمْهَلُ مَهْلًا وَ مَهْلَةً (ف)

صبر وسکون سے کام کرنا۔

اَمْهِلْ باب افعال (فعل امر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

واحد مذکر حاضر) مہلت دے۔

اَلْمُهْلُ (اسم) تلچھٹ۔گاد

م ہ م ا

مَهْمَا (حرف) جوکچھ

م ہ ن ☆

مَهِيْنٌ (اسم فاعل واحد مذکر)

(۱) حقیر

مَهَنَ يَمْهُنُ مَهَانَةً (ک)
حقیر ہونا۔کمزور ہونا۔دبلا کرنا۔

ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ (۳۲:۸)

پھر اس کی نسل خلاصے سے یعنی حقیر پانی سے پیدا کی۔

(۲) ایسے قبیلے یا نسل سے تعلق رکھنا جسے حقیر و بے قدر جانا جاتا ہو۔

اَمْ اَنَا خَيْرٌ مِّنْ هٰذَا الَّذِيْ هُوَ مَهِيْنٌ (۴۳:۵۲)

بیشک میں اس شخص سے کہیں بہتر ہوں جو کچھ عزت نہیں رکھتا۔

(۳) شرمناک۔

یعنی وہ شخص جو اپنی بدعادت کی وجہ سے حقیر اور شرمناک سمجھا جاتا ہو۔

وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِيْنٍ (۶۸:۱۰)

اور کسی قسمیں اٹھانے والے اور شرمناک کی بات نہ مانیں۔

م و ت ☆

مَاتَ معتل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) وہ مر گیا۔

مَاتَ يَمُوْتُ مَوْتًا (ن)
مرنا۔فوت ہونا۔صیغہ حاضر = مِتَّ ، مُتَّ صیغہ متکلم مُتُّ

اَفَائِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ (۳:۱۴۴)

بھلا اگر یہ مرجائیں یا مارے جائیں تو تم الٹے پاؤں پھر جاؤ یعنی مرتد ہو جاؤ۔

مَاتُوْا معتل (فعل ماضی جمع مذکر غائب)۔وہ مر گئے۔

مِتُّمْ معتل (فعل ماضی جمع مذکر حاضر) تم مر گئے

اِذَا مِتُّمْ جب تم مرجاؤ

مِتُّ معتل۔(فعل ماضی واحد متکلم) میں مر گیا۔

قَالَتْ يٰلَيْتَنِيْ مِتُّ قَبْلَ هٰذَا (۱۹:۲۳)

کہنے لگیں کہ کاش میں اس سے پہلے مرچکتی

مِتْنَا (فعل ماضی جمع متکلم) ہم مر گئے

اِذَا مِتْنَا جب ہم مرجائیں

يَمُوْتُ معتل (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ مرتا ہے/مرے گا

يَمُتْ ساکن (فعل مضارع واحد مذکر غائب) کہ وہ مرے۔

تَمُوْتَ معتل (منصوب) (فعل مضارع واحد مؤنث غائب) وہ مرتی ہے یا مرے گی۔

تَمُتْ ساکن لَمْ تَمُتْ وہ نہیں مری

لَا تَمُوْتُنَّ (فعل مضارع منفی مؤکد بہ نون ثقیلہ معتل جمع مذکر حاضر) تم ہرگز مت مرو۔

يَمُوْتُوْنَ معتل (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ مرتے ہیں/مریں گے۔

تَمُوْتُوْنَ معتل۔منصوب (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم مرتے ہو/مرو گے۔

يَمُوْتُوْا معتل منصوب (فعل مضارع جمع مذکر غائب)

اَمُوْتُ معتل (فعل مضارع واحد متکلم) میں مرتا ہوں/مروں گا

نَمُوْتُ معتل (فعل مضارع جمع متکلم) ہم مرتے ہیں/مریں گے۔

مُوْتُوْا معتل (فعل امر جمع مذکر حاضر) تم مرو

اَلْمَوْتُ (اسم مصدر) موت۔مرگ

اَلْمَوْتَةُ (اسم) موت

اختتامی (ۃ) سے مراد عمل کا ایک یونٹ ہے جسے گرامر کی اصطلاح میں اسم المرۃ کہتے ہیں۔

مَيْتٌ / مَيْتًا منصوب۔مردہ۔لاش نعش۔مردار

اَمْوَاتٌ / اَلْمَوْتٰى (اسم جمع) مرے ہوئے لوگ۔مردے

اَلْمَيِّتُ (اسم) مردہ بے جان۔

مَيِّتُوْنَ (اسم جمع) بے جان یا مردہ لوگ مَيِّتِيْنَ منصوب

اَلْمَمَاتُ (مصدر میمی) موت

اَلْمَيْتَةُ (اسم) مردہ جانور

(مردار) یعنی وہ جانور جو شریعت اسلامی کے مطابق ذبح نہ کئے گئے ہوں۔

اَمَاتَ باب افعال۔معتل۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

(فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے مارا
اَمَتَّ باب افعال-معتل (فعل ماضی واحد مذکر حاضر) تو نے مارا
یُمِیْتُ باب افعال (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ مارتا ہے۔
اُمِیْتُ باب افعال-معتل فعل مضارع واحد متکلم) میں مارتا ہوں
نُمِیْتُ باب افعال-معتل- (فعل مضارع جمع متکلم) ہم مارتے ہیں

م و ج ☆

یَمُوْجُ معتل (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ موجیں مارتا ہے۔
مَاجَ یَمُوْجُ مَوْجاً (ن)
ہیجان میں آنا- تکلیف میں ہونا- ورم ہونا-موج زن ہونا-ٹھاٹھیں مارنا-(سمندر کا یا لوگوں کے ہجوم کا)
اَلْمَوْجُ (اسم) پانی کی لہر

م و ر ☆

تَمُوْرُ معتل (فعل مضارع واحد مذکر غائب) حرکت کرنا-چلنا
مَارَ یَمُوْرُ مَوْراً (ن)
ایک طرف سے دوسری طرف حرکت کرنا-چلنا-
مَوْراً معتل (اسم مصدر) کانپنا ہلنا-

م و ل ☆

اَلْمَالُ / مَالاً منصوب (اسم) مال و دولت-
مَالِیَهْ مرکب لفظ مال+ ی حرف تانیث
مَآ اَغْنٰی عَنِّیْ مَالِیَهْ (۶۹:۲۸)
(آج) میرا مال میرے کسی کام نہ آیا-
اَمْوَالٌ (اسم جمع) مال و دولت خوراک

م و ہ ☆

مَآءٌ / مَاءً منصوب (اسم) پانی آب-

م ی د ☆

تَمِیْدَ معتل (فعل مضارع واحد مؤنث غائب) وہ ہل پڑے-
مَادَ یَمِیْدُ مَیْداً (ض)
ہلنا-حرکت کرنا-ہیجان میں آنا-(کپڑے یا دسترخوان کا) بچھانا-
وَجَعَلْنَا فِی الْاَرْضِ رَوَاسِیَ اَنْ تَمِیْدَ بِهِمْ (۲۱:۳۱)
اور ہم نے زمین میں پہاڑ بنائے تاکہ لوگوں کے بوجھ سے) ہلنے-اور (جھکنے) نہ لگے
مَآئِدَةٌ (اسم) (اسم فاعل واحد مؤنث) بچھا ہوا دسترخوان کھانوں سے سجا ہوا دسترخوان-بطور استعارہ: خوراک

م ی ر ☆

نَمِیْرُ معتل (فعل مضارع جمع متکلم) ہم غلہ لائیں گے-
مَارَ یَمِیْرُ مَیْراً (ض)
غلہ فراہم کرنا (زمخشری) مِیْـرَةٌ: غلہ اس کا فعل اسم سے مشتق ہے بمعنی فراہم کرنا-

م ی ز ☆

یَمِیْزَ (منصوب) (فعل مضارع واحد مذکر غائب) معتل-فرق کرنا-تمیز کرنا-
مَازَ یَمِیْزُ مَیْزاً (ض)
معلوم کرنا-الگ کرنا-پہچاننا-فرق کرنا
حَتّٰی یَمِیْزَ الْخَبِیْثَ مِنَ الطَّیِّبِ (۳:۱۷۹)
جب تک (خدا) ناپاک کو پاک سے الگ نہ کردے-
تَمَیَّزُ معتل-(باب تفعل) (فعل مضارع واحد مؤنث غائب) وہ پھوٹ پڑتی ہے-
تَمَیَّزَ تَمَیُّزاً باب تفعل-الگ کرنا
تَمَیَّزُ مِنَ الْغَیْظِ غصے سے پھٹ پڑنا
اِمْتَازُوْا باب افتعال (فعل امر جمع مذکر) الگ ہو جاؤ-
اِمْتَازَ اِمْتِیَازاً (باب افتعال) الگ ہونا-نمایاں ہونا-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

م ی ل ☆

فَيَمِيْلُوْنَ عَلَىٰ منصوب معتل (فعل مضارع جمع مذکر غائب) تو وہ حملہ کریں گے۔

مَالَ يَمِيْلُ مَيْلاً (ض)

ناموافق و ناساعد ہونا لفظی ترجمہ: وہ ناساعد ہوں۔بطور استعارہ: جھپٹ گرانا۔ اچانک حملہ کرنا۔

وَدَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ تَغْفُلُوْنَ عَنْ اَسْلِحَتِكُمْ وَاَمْتِعَتِكُمْ فَيَمِيْلُوْنَ عَلَيْكُمْ مَّيْلَةً وَّاحِدَةً (۴:۱۰۲)

کافر اس گھات میں ہیں کہ تم ذرا اپنے ہتھیاروں اور سامانوں سے غافل ہو جاؤ تو تم پر یکبارگی حملہ کردیں (ماجد)۔

وہ تم پر آخری (فیصلہ کن) حملہ کریں۔(پکتھال)

نوٹ:۔جس طرح شکاری جانور اپنے شکار پر جھپٹا ہے اسی طرح وہ تم پر جھپٹنا اور مار گرانا چاہتے ہیں۔

لَاتَمِيْلُوْا معتل (فعل نہی جمع مذکر حاضر) مت جھکو

مَيْلاً / اَلْمَيْلَ معتل (اسم مصدر) جھکنا۔پھرنا

مَيْلَةً (اسم) جھکاؤ حملہ کرنا۔

جھپٹنا۔(۱) جھکنا۔

فَلَا تَمِيْلُوْا كُلَّ الْمَيْلِ (۴:۱۲۹)

تو سارا جھکاؤ ایک ہی طرف نہ کرنا۔

(۲) بھٹک کر دور جا پڑنا۔

وَيُرِيْدُ الَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الشَّهَوٰتِ اَنْ تَمِيْلُوْا مَيْلاً عَظِيْمًا (۴:۲۷)

اور جو لوگ اپنی خواہشوں کے پیچھے چلتے ہیں وہ چاہتے ہیں کہ تم سیدھے راستے سے بھٹک کر دور جا پڑو۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ن: قرآن کی سورۃ القلم (۶۸)
کا پہلا حرف-
جسے 'نون' کرکے پڑھا جاتا ہے' بمعنی
مچھلی' ذالنون' مچھلی والا' حضرت یونس نبی
کا لقب ہے-
وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا
(۸۷:۲۱)
اور ذوالنون کو (یاد کرو) جب وہ (اپنی قوم
سے) ناراض ہوکر غصے کی حالت میں چل
دیئے-
نَا (ضمیر متصل) ہمارا' ہمیں
یہ ایک غیر منفصل ضمیر ہے جس کا ترجمہ اگر
اسم کے بعد آئے تو ہمارا ہے مثلاً: کِتَابُنَا
"ہماری کتاب" اور اگر فعل کے بعد آئے تو
ہمیں' ہے مثلاً: اَطْعَمَنَا اس نے ہمیں
کھلایا- یا جب حرف ربط کے بعد آئے تو
مِنَّا ہم سے' ہوگا- اور جب حرف ناصب
اَنَّ یا اِنَّ کے بعد آئے تو اسے اِنَّا اور اَنَّا
پڑھا جاتا ہے بمعنی "بے شک ہم"
اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ (۱۵۶:۲)
ہم خدا ہی کا مال ہیں اور اسی کی طرف لوٹ
کر جانے والے ہیں- یا اَنَّا بطور بیان:
وَاَنَّا كُنَّا نَقْعُدُ مِنْهَا مَقَاعِدَ
لِلسَّمْعِ (۹:۷۲)
اور یہ کہ پہلے ہم وہاں بہت سے مقامات
میں (خبریں) سننے کے لئے بیٹھا کرتے
تھے- یا اَنَّنَا-
وَاشْهَدْ بِاَنَّنَا مُسْلِمُوْنَ (۱۱۱:۵)
اور شاہد رہیو کہ ہم فرماں بردار ہیں-
نَادَتْ دیکھئے ن د ا

ن ا ی ☆

نَاٰی مہموز (فعل ماضی واحد
مذکر غائب) مُڑ کر دور ہوا-
نَاٰی یَنْاٰی نَاْیًا (ف)
ریٹائر ہونا- دور ہو جانا- عَنْ بہت دور چلے
جانا-
یَنْاَوْنَ مہموز (فعل مضارع
جمع مذکر غائب) وہ بہت دور جاتے ہیں-

ن ب أ ☆

نَبَّاَ باب تفعیل (فعل ماضی
واحد مذکر غائب) اعلان کیا- خبر دی-
نَبَّاَ باب تفعیل وَ اَنْبَاَ باب افعال
ب- اعلان کرنا- واضح کرنا- مانوس ہونا-
اطلاع دینا-
نَبَاَ يَنْبَاُ نَبْئًا وَ نُبُوْءًا (ف)
بلند ہونا-
قَدْ نَبَّاَنَا اللّٰهُ مِنْ اَخْبَارِكُمْ
(۹۴:۹)
خدا نے ہم کو پہلے ہی تمہارے سب حالات
بتا دیئے ہیں-
(۲) باخبر ہوئے- آگاہ ہوئے-
فَلَمَّا نَبَّاَهَا بِهٖ قَالَتْ مَنْ اَنْبَاَكَ
هٰذَا قَالَ نَبَّاَنِيَ الْعَلِيْمُ الْخَبِيْرُ
(۳:۶۶)
تو جب وہ ان کو جتائی تو پوچھنے لگیں کہ آپ کو
یہ کس نے بتایا انہوں نے کہا کہ مجھے اس
نے بتایا ہے جو جاننے والا خبردار ہے-

نَبَّاَتْ (فعل ماضی واحد مؤنث
غائب) اس (عورت) نے اعلان کیا'
آگاہ کیا-
نَبَّاْتُ (فعل ماضی واحد متکلم)
میں نے اعلان کیا- اطلاع دی اور آگاہ کیا
یُنَبِّئُ (فعل مضارع واحد
مذکر غائب)- وہ آگاہ کرتا ہے-
اُنَبِّئُ (فعل مضارع واحد متکلم)
میں آگاہ کرتا ہوں-
سَاُنَبِّئُكَ میں تمہیں آگاہ کروں گا
نُنَبِّئُ باب تفعیل (فعل مضارع
جمع متکلم) ہم آگاہ کرتے ہیں-
نُنَبِّئَهُمْ (منصوب) کہ ہم
ان کو آگاہ کریں-
تُنَبِّئُ باب تفعیل (فعل مضارع
واحد مذکر حاضر) تو آگاہ کرتا ہے-
تُنَبِّئُوْنَ باب تفعیل (فعل مضارع
جمع مذکر حاضر) تم آگاہ کرتے ہو-
لَتُنَبِّئُنَّ باب تفعیل (لام تاکید
ونون ثقیلہ) تم ضرور آگاہ کروگے-
لَنُنَبِّئَنَّ باب تفعیل (لام تاکید
ونون ثقیلہ) ہم ضرور آگاہ کریں گے-
یُنَبَّاْ ساکن (فعل مضارع مجہول واحد
مذکر غائب) وہ آگاہ کیا جائے گا-
اَمْ لَمْ یُنَبَّاْ بِمَا فِیْ صُحُفِ مُوْسٰی
(۳۶:۵۳)
کیا جو باتیں موسیٰ کے صحیفوں میں ہیں ان
کی اس کو خبر نہیں پہنچی-
یُنَبَّؤُ باب تفعیل' مرفوع- مہموز
(فعل مضارع مجہول) آگاہ کیا جائے گا-
لَتُنَبَّؤُنَّ باب تفعیل مہموز ونون ثقیلہ
جمع مذکر حاضر) تمہیں ضرور آگاہ کیا جائے گا-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

نَبِّئْ باب تفعیل مہموز (فعل امر واحد مذکر حاضر) تو آگاہ کر۔
نَبِّئْهُمْ تو انہیں آگاہ کر۔
نَبِّئُوْا باب تفعیل مہموز (فعل امر جمع مذکر حاضر) تم آگاہ کرو۔
نَبِّئُوْنِیْ تم مجھے آگاہ کرو
اَنْبَاَ باب افعال۔مہموز (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے آگاہ کیا
اَنْبِئْ باب افعال مہموز (فعل امر واحد مذکر حاضر) تو اطلاع دے۔بتا۔آگاہ کر۔
اَنْبِئْهُمْ انہیں بتا۔انہیں آگاہ کر
اَنْبِئُوْا باب افعال۔مہموز (فعل امر جمع مذکر حاضر) تم آگاہ کرو۔
اَنْبِئُوْنِیْ تم مجھے بتادو۔
یَسْتَنْبِئُوْنَ باب استفعال مہموز (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ پوچھتے ہیں۔
نَبَاٌ (اسم مصدر) (۱) کہانی۔ خبر۔قصہ۔
وَاتْلُ عَلَیْهِمْ نَبَاَ ابْنَیْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ (۵:۲۷)
اور (اے محمدؐ!) ان کو آدم کے دو بیٹوں (ہابیل و قابیل) کے حالات (جو بالکل سچے (ہیں) پڑھ کر سنادو۔
قُلْ هُوَ نَبَؤٌا عَظِیْمٌ (۳۸:۶۷)
کہہ دو کہ یہ ایک بڑی (ہولناک چیز کی) خبر ہے۔(۲) اعلان۔
عَمَّ یَتَسَآءَلُوْنَ عَنِ النَّبَاِ الْعَظِیْمِ (۷۸:۱'۲)
یہ لوگ کس کی نسبت پوچھتے ہیں۔ (کیا) بڑی خبر کی نسبت؟ (یعنی قیامت کی نسبت) صرف خبر اور اعلان نہیں بلکہ اس سے مراد کسی بڑی افادیت، واہمیت کا اعلان ہے جس کے نتیجے میں یا علم حاصل ہو یا ایک رائے کی فوقیت اور سچی (ولیم لین)
(۴) پیشن گوئی۔
لِکُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ (۶:۶۷)
ہر خبر کے لئے ایک وقت مقرر ہے۔یعنی جس کی پیشین گوئی کی جاتی ہے۔
(۵) سچ۔
وَلَتَعْلَمُنَّ نَبَاَهٗ بَعْدَ حِیْنٍ (۳۸:۸۸)
تم کو اس کا حال ضرور ایک وقت کے بعد معلوم ہو جائے گا۔
اَنْبَآءُ (اسم جمع) کہانیاں داستانیں۔ خبریں۔ اطلاعات۔ پیشن گوئیاں اور اعلانات۔
نَبِیٌّ / اَنْبِیًّا منصوب النَّبِیُّ پیغمبر
نَبِیُّهُمْ ان کا پیغمبر النَّبِیُّوْنَ (اسم جمع مرفوع)۔النَّبِیِّیْنَ (منصوب) پیغمبر
الْاَنْبِیَآءُ (جمع مکسر)۔النُّبُوَّةُ (اسم) نبوت، پیغمبری

ن ب ت ☆

تَنْبُتُ (فعل ماضی واحد مؤنث غائب) اُگتی ہے۔
نَبَتَ یَنْبُتُ نَبْتًا وَ نَبَاتًا (ن) ب (درخت) اگانا پودے وغیرہ اگنا
اَنْبَتَ باب افعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے اگایا
اَنْبَتَ اِنْبَاتًا باب افعال۔اُگانا
وَاللّٰهُ اَنْبَتَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ نَبَاتًا (۷۱:۱۷)
اور خدا ہی نے تم کو زمین سے پیدا کیا ہے۔
وَاَنْبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا (۳:۳۷)
اور اسے اچھی طرح پرورش کیا۔
اَنْۢبَتَتْ باب افعال (فعل ماضی واحد مؤنث غائب) اس عورت نے اگایا
اَنْۢبَتْنَا باب افعال (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے پھوٹ نکالا
یُنْۢبِتُ باب افعال (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ اگاتا ہے
تُنْۢبِتُ باب افعال (فعل مضارع واحد مؤنث غائب)
تُنْۢبِتُوْا باب افعال۔منصوب ن ساقط۔(فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم اگاتے ہو۔
نَبَاتٌ / نَبَاتًا منصوب (اسم) پیداوار
وَالْبَلَدُ الطَّیِّبُ یَخْرُجُ نَبَاتُهٗ بِاِذْنِ رَبِّهٖ (۷:۵۸)
جو زمین پاکیزہ ہے اس میں سے سبزہ بھی پروردگار کے حکم سے (نفیس ہی) نکلتا ہے۔

ن ب ذ ☆

نَبَذَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) پھینک دیا۔
نَبَذَ یَنْبِذُ نَبْذًا (ض)
اپنے سامنے یا اپنے پیچھے چیزیں پھینکنا یا پٹخنا چھوڑ دینا۔پھینک دینا۔
نَبَذَ فَرِیْقٌ مِّنَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْکِتٰبَ کِتٰبَ اللّٰهِ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ (۲:۱۰۱)
تو جن لوگوں کو کتاب دی گئی تھی ان میں سے ایک جماعت نے خدا کی کتاب کو پیٹھ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

پیچھے پھینک دیا یعنی انہوں نے خدائی احکام کو نظر انداز کر دیا اور ان کی تعمیل نہ کی۔
نَبَذُوْهُ (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے پھینک دیا۔
نَبَذْتُ (فعل ماضی واحد متکلم) میں نے پھینک دیا۔
نَبَذْنَا (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے پھینک دیا۔
انْبِذْ (فعل امر واحد مذکر حاضر) تو پھینک۔
نُبِذَ (فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب) وہ پھینکا گیا۔
لَنُبِذَ بِالْعَرَآءِ (۴۹:۶۸)
تو وہ ضرور چٹیل میدان میں ڈال دیے جاتے
لَيُنْبَذَنَّ لام تاکید ونون ثقیلہ (فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب) وہ ضرور پھینکا جائے گا۔
كَلَّا لَيُنْبَذَنَّ فِي الْحُطَمَةِ (۴:۱۰۴)
ہرگز نہیں! وہ ضرور حطمہ میں ڈالا جائے گا۔
انْتَبَذَتْ باب افتعال (فعل ماضی واحد مؤنث غائب) وہ الگ ہو کر چلی گئی۔

ن ب ز ☆

(لَا) تَنَابَزُوْا باب تفاعل (فعل نہی جمع مذکر حاضر) ایک دوسرے کو توہین آمیز طریقے سے نہ بلاؤ۔
نَبَزَ يَنْبِزُ نَبْزًا (ض)
گالیاں دینا۔ لعن طعن کرنا۔
تَنَابَزَ (باب تفاعل) ایک دوسرے کی توہین کرنے کے لئے بُرے ناموں سے پکارنا۔
لَا تَنَابَزُوْا بِالْأَلْقَابِ (۱۱:۴۹)
ایک دوسرے کو بُرے القابات سے نہ پکارو

ن ب ط ☆

يَسْتَنْبِطُوْنَ باب استفعال (فعل مضارع جمع مذکر غائب)۔ وہ دریافت کرتے ہیں۔
نَبَطَ يَنْبُطُ نَبْطًا وَ نُبُوْطًا (ض)
اُبل پڑنا۔ بہہ نکلنا۔
اِسْتَنْبَطَ باب (استفعال) کوئی چیز دریافت کرنا/ایجاد کرنا۔

ن ب ع ☆

يَنْبُوْعًا (اسم) پانی کا چشمہ سرچشمہ۔
نَبَعَ يَنْبَعُ نَبْعًا وَ نُبُوْعًا (ض، ف)
پانی کا پھوٹنا۔ پھوٹ پڑنا۔ یا بہہ نکلنا۔
يَنَابِيْعَ (اسم جمع) چشمے

ن ت ق ☆

نَتَقْنَا (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے اوپر کھڑا کیا۔
نَتَقَ يَنْتُقُ نَتْقًا (ن)
اٹھانا۔ کھینچنا۔ کھڑا کرنا۔ باہر پھیلانا یا اوپر کھڑا کرنا۔

ن ث ر ☆

اِنْتَثَرَتْ باب افتعال (فعل ماضی واحد مؤنث غائب) منتشر ہو گئی۔ تتر بتر ہو گئی
مَنْثُوْرًا (اسم مفعول واحد مذکر) منتشر۔ بکھرا ہوا۔

ن ج د ☆

النَّجْدَيْنِ (اسم مثنیٰ مجرور) دو شاہراہیں۔ یعنی نیک و بد
النَّجْدُ (اسم) پہاڑی راستہ

ن ج س ☆

نَجَسٌ (اسم) ناپاک
نَجِسَ يَنْجَسُ نَجَسًا وَ نَجْسًا (س)
ناپاک ہونا۔ ناپاک۔ پلید ہونا
اَلْاِنْجِيْلُ (اسم) انجیل، کتاب مقدس۔
(قرآن کریم میں جس انجیل کا ذکر ہے وہ بالکل یہ انجیل نہیں جو مسیحی چرچ نے عہد نامہ عتیق یا اناجیل رابعہ کے نام سے جاری کی ہے۔ اسلامی تعلیمات کے مطابق انجیل وہ کتاب تھی جو حضرت عیسیٰ پر نازل ہوئی تھی نہ کہ ان سے متعلق اطلاعات اور حکایات کا وہ مجموعہ جسے مشکوک تاریخوں میں ایسے غیر معروف اشخاص نے جمع کیا جن کا حضرت مسیح کے دور نبوی میں کہیں نام و

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

نشان نہیں ملتا (عبدالماجد دریا آبادی بحوالہ انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا ج ۳ ص ۵۱۳)

مسیحی عقیدے کے مطابق عہد نامہ جدید جو بطور وحی نازل شدہ کلمہ الٰہی سے کہیں دور کی چیز ہے ایک ایسی کتاب ہے جس کا مقصد اس کی اشاعت اور تعداد بڑھانا ہے اس میں جملوں کے جملے مختصر کردیئے گئے ہوں گے یا تعبیر یعنی اسلوب بیان ہی بدل دیا گیا ہوگا- جب حضرت مسیح کے فرمودات یا ان کے کارناموں کا ذکر پہلی بار تحریری شکل میں مرتب کیا گیا ہوگا تو یہ کتب مقدسہ کے مشابہ صورت تھی- بعد میں جن لوگوں نے ان مجموعوں کو نقل کیا شاید بغیر نیت کی خرابی کے اس مجموعے کو وسعت دینے یا اپنی شنید کے مطابق تفصیلات کو بدلنے کا رجحان پیدا ہوگیا ہے-

ن ج م ☆

النَّجْمُ (اسم) (۱) بحیثیت مجموعی ستارے

نَجَمَ يَنْجُمُ نُجُوْمًا (ن)
ظاہر ہونا- طلوع ہونا-

وَعَلٰمٰتٍ وَ بِالنَّجْمِ هُمْ يَهْتَدُوْنَ (۱۶:۱۶)

اور (راستوں میں) نشانات بنادیئے اور لوگ ستاروں سے بھی رستے معلوم کرتے ہیں-

(۲) تارا

وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى (۵۳:۱)

تارے کی قسم جب غائب ہونے لگے-

بعض مفسرین کے بیان کے مطابق یہاں النجم لفظ کے معنی بھی مجموعی طور پر ستارے ہیں- جسے اسم جنس کہتے ہیں-

النُّجُوْمُ (اسم جمع) ستارے

وَالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدٰنِ (۵۵:۶)

اور بوٹیاں اور درخت سجدہ کررہے ہیں-

ن ج و ☆

نَجَا معتل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے نجات پائی- بچ گیا-

نَجَا يَنْجُوْ نَجْوًا وَ نَجَاءً اَوْ نَجَاةً (ن)
نجات دینا - بچ جانا - بچالینا - بچ نکلنا - چھوٹ جانا-

نَجَا يَنْجُوْ نَجْوًا وَ نَجْوٰى وَنَاجٰى مُنَاجَاةً
(باب مفاعلہ) کسی سے راز کی بات پوشیدہ کہنا-

نَجَوْتَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) تو نے نجات پائی-

نَجّٰى (معتل باب تفعیل) نجات دی- حوالے کیا-

فعل نُجّٰى کی (ی) کو اس فعل کے کسی ضمیر کے ساتھ ملنے کی صورت میں الف سے لکھا جاتا ہے مثلاً: نَجّٰكُمْ ' نَجّٰنَا ' نَجّٰهُمْ

نَجَّيْنَا معتل باب تفعیل (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے نجات دی-

نُنَجِّىْ معتل باب تفعیل (فعل مضارع جمع متکلم) ہم نجات دیتے ہیں/ دیں گے-

لَنُنَجِّيَنَّ (معتل باب تفعیل) لام تاکید و نون ثقیلہ (فعل مضارع جمع متکلم) ہم ضرور نجات دیں گے-

نَجِّ معتل باب تفعیل (فعل امر واحد مذکر) نجات دے-
کسی ضمیر کے ساتھ ملنے کی صورت میں نَجِّنِىْ مجھے نجات دے- نَجِّنَا ہمیں نجات دے-

نُجِّىَ معتل باب تفعیل (فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب) اسے نجات دی گئی

اَنْجٰى معتل باب افعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے نجات دی- ضمیر کے ساتھ ملنے کی صورت میں- اَنْجٰنَا اس نے ہمیں نجات دے دی- اَنْجٰكُمْ اس نے تمہیں نجات دی وغیرہ-

اَنْجَيْتَ معتل باب افعال (فعل ماضی واحد مذکر حاضر) تو نے نجات دی-

نَجِيًّا معتل- منصوب (اسم فاعل) باہم مشورہ کرنے کا عمل-

النَّجْوٰى معتل (اسم مصدر) (خفیہ) مشورہ کرنا- سرگوشی

مُنَجُّوْ ن ساقط معتل (اسم فاعل جمع مذکر) نجات دینے والے-

اِنَّا مُنَجُّوْكَ (۲۹:۳۳)
بے شک ہم آپ کو بچالیں گے-

ن ح ب ☆

نَحْبٌ (اسم مصدر) نذر- قلم

نَحَبَ يَنْحَبُ نَحْبًا (ض)
رونا- چیخنا- نذر ماننا-

قَضٰى نَحْبَهٗ (۳۳:۲۳)

وہ اپنی نذر سے فارغ ہوگیا (یعنی خدا کی راہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

میں اپنی جان قربان کر کے
بطور استعارہ: اس نے موت قبول کر لی-

ن ح ت ☆

تَنْحِتُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم تراشتے ہو-
نَحَتَ يَنْحِتُ / يَنْحُتُ / نَحِتَ يَنْحَتُ نَحْتاً (ن، ض، س)
کاٹنا- تراشنا- (پتھر وغیرہ کو) تراشنا- شکل دینا- (لکڑی) کا کام کرنا- کمزور کرنا-
يَنْحِتُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ تراشتے ہیں-
وَكَانُوْا يَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا اٰمِنِيْنَ (۸۲:۱۵)
اور وہ پہاڑوں کو تراش تراش کر گھر بناتے تھے-

ن ح ر ☆

اِنْحَرْ (فعل امر واحد مذکر حاضر) تو قربانی کر-
نَحَرَ يَنْحَرُ نَحْراً وَتَنْحَاراً (ف)
ذبح کرنا- (جانور) قربان کرنا- گلے کی رگ کاٹ دینا-

ن ح س ☆

نَحْسٍ (اسم مصدر) آفت- مصیبت
نَحِسَ يَنْحَسُ نَحْساً / نَحُسَ نُحُوْسَةً (س، ک)
بدنصیب ہونا- نامبارک- مہلک- بدآدمی-
نَحِسَاتٌ (اسم جمع) نامبارک منحوس-
نُحَاسٌ (اسم) دھواں
بغیر شعلے کے دھواں جو بہت بلند ہوتا ہے اور اس کی گرمی وحدت کم ہوتی ہے-

ن ح ل ☆

النَّحْلُ (اسم) شہد کی مکھی
نِحْلَةً (اسم مصدر) ایک تحفہ
نَحَلَ يَنْحَلُ نَحْلاً (ف)
تحفہ دینا- عورت کو جہیز دینا- شادی کا تحفہ دینا- مترادف بمعنی عام تحفہ (ابن قیم)
وَاٰتُوا النِّسَآءَ صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً (۴:۴)
اور عورتوں کو ان کے مہر خوشی سے دیا کرو- (اس میں قدیم دور کی رسم و رواج کے مطابق دلہن کی قیمت کے ساتھ گڈمڈ نہیں کرنا چاہیے)-

ن خ ر ☆

نَخِرَةٌ (اسم مفرد) ریزہ ریزہ کیا ہوا- بوسیدہ ہڈیاں-
نَخِرَ يَنْخَرُ نَخَراً (س)
گل سڑ جانا- بوسیدہ ہونا- (ہڈی یا لکڑی کا) فرسودہ ہونا-

ن خ ل ☆

النَّخْلَةُ (اسم) کھجور کا درخت-
جمع: نَخِيْلٌ نَخْلٌ
النَّخْلُ (اسم جمع) کھجور کے درخت
نَخْلاً (منصوب) کھجور کے درخت- گٹھلی
نَخِيْلٌ کھجور کے درخت

ن د د ☆

أَنْدَاداً (اسم جمع) برابر- ایک جیسا- یکساں- برابر کا جوڑ- مفرد: نِدٌّ
نَدَّ يَنِدُّ نَدّاً (ض)
(مضاعف) دوڑنا (اونٹ کا بھاگنا)
جو خدا کی خدائی سے بھاگ سکے اور اللہ کے حکم کے خلاف اپنا اقتدار قائم کر سکے
بطور استعارہ: بُت (لسان وغیرہ)

ن د م ☆

نَادِمِيْنَ (اسم فاعل جمع مذکر) پشیمان- مفرد: نَادِمٌ
نَدِمَ يَنْدَمُ نَدْماً وَ نَدَامَةً (س)
گناہ کے نتیجہ میں عذر خواہی کرنا-
لسان اور ابن قیم کے بیان کے مطابق گناہ کے ارتکاب کے بعد دو میں سے ایک تکلیف دہ احساس پیدا ہوتا ہے: ایک تو پشیمانی لیکن اس میں کوئی خوبی نہیں ہوتی-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

اور دوسرا توبہ - توبہ پشیمانی نہیں ہوتا جیسا کہ بعض مصنفوں نے ترجمہ میں لکھا ہے-

ن د ی ☆

نَادٰی (معتل باب مفاعلہ)
(فعل ماضی واحد مذکر غائب)
(۱) باہر بلایا - پکارا-
نَادٰی یُنَادِیْ مُنَادَاۃً
کسی کو دوسرے کے ساتھ محفل میں بلانا-
نوٹ:- ان معنوں میں لفظ اپنی ثلاثی شکل میں استعمال نہیں ہوتا-
وَنَادٰی نُوْحُ ابْنَہٗ (۴۲:۱۱)
(اس وقت) نوح نے اپنے بیٹے کو (جو کشتی سے الگ تھا) پکارا-
(۲) چیخا - فریاد کی-
اِذْ نَادٰی رَبَّہٗ نِدَآءً خَفِیًّا (۱۹:۳)
جب انہوں نے اپنے پروردگار کو دبی آواز سے پکارا-
مضمون اگر آخرت سے متعلق ہو تو ماضی کا صیغہ مستقبل کے معنی دیتا ہے - مثلاً:
وَنَادٰی اَصْحٰبُ الْجَنَّۃِ اَصْحٰبَ النَّارِ (۷:۴۴)
اور اہل بہشت دوزخیوں سے پکار کر کہیں گے-
نَادَانَا (مرکب لفظ)
نَادٰی + نَا = نَادَانَا
اس نے ہمیں پکارا
نَادَاھَا (مرکب لفظ)
نَادٰی + ھَا = نَادَاھَا
نَادٰھُمَا (مرکب لفظ)
نَادٰی + ھُمَا = نَادَاھُمَا

نَادَتْ باب تفعیل - معتل
(فعل ماضی واحد مؤنث غائب) اس عورت نے پکار کر کہا
نَادَوْا باب تفعیل، معتل (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے پکارا
نَادَیْتُمْ باب تفعیل، معتل
(فعل ماضی جمع مذکر حاضر) تم نے پکارا
اِذْ نَادَیْتُمْ جب تم نے پکارا
نَادَیْنَا باب تفعیل، معتل
(فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے پکارا
یُنَادِیْ (باب تفعیل معتل)
(فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ پکارتا ہے-
یُنَادِ (ی) معتل جب اشارہ آخرت کی طرف ہو تو ترجمہ "وہ پکارے گا" ہوگا-
نَادُوْا باب تفعیل معتل
(فعل امر جمع مذکر) تم پکارو-
نُوْدِیَ باب تفعیل، معتل
(فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب) پکارا گیا-
نُوْدُوْا باب تفعیل، معتل
(فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب) وہ پکارے گئے - آخرت کے بارے میں ہو تو "وہ پکارے جائیں گے"
یُنَادَوْنَ باب تفعیل، معتل
(فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب) وہ پکارے جائیں گے-
تَنَادَوْا باب تفعیل، معتل
(فعل ماضی، جمع مذکر غائب) انہوں نے ایک دوسرے کو پکارا-
اَلْمُنَادِ (ی) معتل (اسم فاعل واحد مذکر) پکارنے والا-

مُنَادِیًا معتل - منصوب
نِدَاءً معتل (اسم مصدر) پکارنا بلانا-
نَادِیَ معتل (اسم جمع) چوپال بیٹھک - مجلس
نَدِیًّا معتل - منصوب (اسم جمع) ساتھی - رفیق - ارباب مجلس
اَلتَّنَادُ باب تفاعل (اسم مصدر) ایک دوسرے کو پکارنا-
یَوْمَ التَّنَادِ (۴۰:۳۲)
قیامت کا دن جب لوگ ایک دوسرے کو پکاریں گے-

ن ذ ر ☆

نَذَرْتُ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) میں نے نذر مانی-
نَذَرَ یَنْذُرُ / یَنْذِرُ نَذْرًا وَ نُذُوْرًا (ن، ض)
وقف کرنا - بطور نذر خدا کے لئے وقف کر دینا-
نَذَرْتُمْ (فعل ماضی جمع مذکر حاضر) تم نے نذر مانی-
نَذْرٌ (اس مصدر) نذر ماننا، وقف کرنا
نُذُوْرٌ (اسم جمع) نذریں - اوقاف
ثُمَّ لْیَقْضُوْا تَفَثَهُمْ وَلْیُوْفُوْا نُذُوْرَھُمْ (۲۲:۲۹)
پھر چاہئے کہ لوگ اپنا میل کچیل صاف کریں اور نذریں پوری کریں-
نوٹ:- نذر کا پورا کرنا بھی واجب ہے چاہے وہ نفلی ہو یا واجب شرعی ہو (زمخشری)
اَنْذَرَ باب افعال (فعل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ماضی واحد مذکر غائب) اس نے ڈرایا
أَنْذَرَ إِنْذَارًا باب افعال ڈرانا
انتباہ کرنا- آنے والے خطرے کا احساس
دلانا- ثلاثی فعل ان معنوں میں استعمال
نہیں ہوتا لیکن قرآن کریم میں ثلاثی ابواب
سے مشابہت رکھنے والے اسمائے مصدر
استعمال ہوئے ہیں- مثلاً: نُذُرٌ
أَنْذَرْتَ باب افعال (فعل ماضی
واحد متکلم) تم نے ڈرایا-
أَنْذَرْتُ (فعل ماضی واحد متکلم)
میں نے ڈرایا-
أَنْذَرْنَا (فعل ماضی جمع متکلم)
ہم نے ڈرایا-
يُنْذِرُ باب افعال (فعل
مضارع واحد مذکر غائب) وہ ڈراتا ہے-
لِيُنْذِرَ باب افعال لام تعلیل
تاکہ وہ ڈرائے-
يُنْذِرُوْنَ باب افعال (فعل
مضارع جمع مذکر غائب) وہ ڈراتے ہیں
لِيُنْذِرُوْا باب افعال- لام تعلیل
تاکہ وہ ڈرائیں
لِتُنْذِرَ باب افعال لام تعلیل
تاکہ تو ڈرائے-
تُنْذِرَ باب افعال ساکن
کہ تو ڈرائے-
ءَ اَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ (۲:۶)
تم انہیں ڈراؤ یا نہ ڈراؤ-
أَنْذِرْ باب افعال (فعل امر
واحد مذکر حاضر)- تو ڈرا
أَنْذِرُوْا باب افعال (فعل امر
جمع مذکر حاضر)- تم ڈراؤ
أُنْذِرُوْا باب افعال (فعل ماضی
مجہول جمع مذکر غائب)- وہ ڈرائے گئے-
لِيُنْذَرُوْا باب افعال- لام
تعلیل (فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب)
تاکہ انہیں ڈرایا جائے- یا چاہے کہ وہ ڈرائے
جائیں-
يُنْذَرُوْنَ باب افعال (فعل مضارع
مجہول جمع مذکر غائب)- وہ ڈرائے جاتے ہیں-
اِذَا مَا يُنْذَرُوْنَ (۲۱:۴۵)
وہ پکار کو سنتے ہی نہیں-
نُذُرًا باب افعال- منصوب
(اسم مصدر) ڈرانا-
نُذُرِ (ی) میرے ڈراوے
(ی ساقط)
نَذِيْرٌ اسم فاعل (۱) ڈرانے والا
فَقَدْ جَآءَكُمْ بَشِيْرٌ وَّنَذِيْرٌ
(۵:۱۹)
سو اب تمہارے پاس خوشخبری اور ڈر سنانے
والے آگئے ہیں- (۲) انتباہ
درج ذیل آیت میں (ی) ساقط ہوگئی ہے-
فَسَتَعْلَمُوْنَ كَيْفَ نَذِيْرِ (۶۷:۱۷)
سو تم عنقریب جان لوگے کہ میرا ڈرانا کیسا
ہے-
مُنْذِرٌ باب افعال (اسم فاعل
واحد مذکر) ڈر سنانے والا-
مُنْذِرُوْنَ باب افعال- مرفوع
(اسم فاعل جمع مذکر) ڈر سنانے والے
مُنْذِرِيْنَ باب افعال منصوب
(اسم فاعل جمع مذکر)
مُنْذَرِيْنَ باب افعال- منصوب
(اسم مفعول جمع مذکر) ڈرانے جانے والے
نَزْدَادُ دیکھئے ز و د

ن ز ع ☆

نَزَعَ (فعل ماضی واحد مذکر
غائب) اس نے کھینچ لیا-
نَزَعَ يَنْزِعُ نَزْعًا (ض) وَ نَزَّعَ
کھینچ لینا- لے جانا- توڑ ڈالنا- نکال لینا-
چھیننا- ہٹانا- کاٹ دینا- پھاڑ ڈالنا-
وَنَزَعَ يَدَهٗ فَاِذَا هِيَ بَيْضَآءُ
لِلنّٰظِرِيْنَ (۷:۱۰۸)
اور اس نے اپنا ہاتھ باہر نکالا تو اسی دم دیکھنے
والوں کی نگاہوں میں سفید براق (تھا)
نَزَعْنَا (فعل ماضی جمع متکلم)
ہم نے نکال لیا-
وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ
(۷:۴۳)
اور جو کینے ان کے دلوں میں ہوں گے ہم
سب نکال لیں گے-
(۲) نکال لینا-
وَنَزَعْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا
(۲۸:۷۵)
اور ہم ہر امت میں سے گواہ نکال لیں گے-
(۳) چھین لینا- واپس لینا-
وَلَئِنْ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً ثُمَّ
نَزَعْنٰهَا مِنْهُ اِنَّهٗ لَيَئُوْسٌ كَفُوْرٌ
(۱۱:۹)
اور اگر ہم انسان کو اپنے پاس سے نعمت
بخشیں پھر اس سے اس کو چھین لیں تو ناامید
(اور) ناشکرا (ہو جاتا ہے)-
يَنْزِعُ (فعل مضارع واحد مذکر
غائب) اتروانا-
كَمَآ اَخْرَجَ اَبَوَيْكُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

يَنْزِعُ عَنْهُمَا لِبَاسَهُمَا (۷:۲۷)
جس طرح تمہارے ماں باپ کو بہکا کر بہشت سے نکلوا دیا اور ان سے ان کے کپڑے اتروا دیے۔
تَنْزِعُ (فعل مضارع واحد مذکر حاضر) تو چھینتا ہے۔
لَنَنْزِعَنَّ (لام تاکید) ہم ضرور کھینچ نکالیں گے۔
يُنَازِعُنَّ باب مفاعلہ مؤکد بہ نون ثقیلہ (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ ضرور جھگڑیں گے۔
نَازَعَ مُنَازَعَةً وَ نِزَاعاً تنازعہ لڑنا جھگڑا کرنا۔
لِكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا هُمْ نَاسِكُوْهُ فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِي الْأَمْرِ (۲۲:۶۷)
ہم نے ہر ایک امت کے لئے ایک شریعت مقرر کر دی ہے جس پر وہ چلتے ہیں تو یہ لوگ تم سے اس امر میں جھگڑا نہ کریں۔
تَنَازَعُوْا باب تفاعل (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے تنازعہ کیا یا آپس میں مباحثہ کیا۔
تَنَازَعَ تَنَازُعاً باب تفاعل۔ جھگڑنا ایک دوسرے سے لڑنا۔
تَنَازَعْتُمْ (فعل ماضی جمع مذکر حاضر) تم نے تنازعہ کیا۔
لَا تَنَازَعُوْا (فعل نہی جمع مذکر حاضر) ایک دوسرے سے جھگڑا نہ کرو۔
يَتَنَازَعُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ تنازعہ کرتے ہیں۔
إِذْ يَتَنَازَعُوْنَ بَيْنَهُمْ أَمْرَهُمْ (۱۸:۲۱)

اس وقت لوگ ان کے بارے میں جھگڑا کرنے لگے۔ (۲)
ایک دوسرے سے چھینتے تھے۔
يَتَنَازَعُوْنَ فِيْهَا كَأْسًا (۵۲:۲۳)
وہاں وہ ایک دوسرے سے جام شراب جھپٹ لیا کریں گے۔
نَزَّاعَةٌ (اسم مبالغہ) مشتاق
نَزَّاعَةً لِّلشَّوٰى کھال ادھیڑنے والی
النّٰزِعٰتِ (اسم فاعل جمع مؤنث) کھینچنے والیاں۔ یعنی اللہ کے حکم سے جسموں سے روح قبض کرنے والے۔
بطور استعارہ: فرشتے۔

ن ز غ ☆

نَزَغَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) جھگڑا ڈالنا۔
نَزَغَ يَنْزَغُ نَزْغاً (ف)
برائی پر اکسانا۔ درمیان میں اختلاف پیدا کرنا۔ جھگڑا پیدا کرنا۔ اختلافات کا بیج بونا۔
يَنْزَغُ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) اختلاف کا بیج بوتا ہے۔
إِنَّ الشَّيْطٰنَ يَنْزَغُ بَيْنَهُمْ (۱۷:۵۳)
بے شک شیطان ان میں (بری باتوں سے) فساد ڈلوا دیتا ہے۔
يَنْزَغَنَّ نون ثقیلہ تاکید (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ وسوسہ پیدا کرتا ہے۔
وَإِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ (۷:۲۰۰)
اور اگر شیطان کی طرف سے تمہارے دل میں کسی طرح کا وسوسہ پیدا ہو تو خدا سے پناہ مانگو۔

نَزْغٌ (اسم مصدر) وسوسہ

ن ز ف ☆

يُنْزَفُوْنَ (فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب) انہیں پاگل بنایا جاتا ہے۔
نَزَفَ يَنْزِفُ نَزْفاً (ض)
حد درجہ خستہ ہونا۔
نُزِفَ يُنْزَفُ أَنْزَفَ إِنْزَافاً
باب افعال (ماضی مجہول، مضارع مجہول) حواس کھو بیٹھنا۔ شراب پی کر مست ہونا۔ لاجواب ہو جانا۔
لَا يُنْزِفُوْنَ باب افعال (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ بے ہوش (مست) نہیں ہوں گے۔

ن ز ل ☆

نَزَلَ (فعل ماضی واحد مذکر غائب) وہ اترا۔
نَزَلَ يَنْزِلُ نُزُوْلاً وَ مَنْزِلاً (ض)
نیچے اترنا۔
يَنْزِلُ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ اترتا ہے۔
نَزَّلَ باب تفعیل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے نازل کیا / اتارا
نَزَّلَ تَنْزِيْلاً باب تفعیل۔ نازل کرنا / اتارنا۔ وحی کرنا
نَزَّلْنَا باب افعال (فعل ماضی جمع متکلم) (۱) ہم نے نازل کیا۔
نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا (۲:۲۳)
ہم نے اپنے بندے پر نازل کیا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

(۲) اُتارنا-

وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ كِتٰبًا (۶:۷)

اور اگر ہم تم پر کتاب نازل کرتے-

بتدریج تھوڑا تھوڑا کر کے نازل کرنا-

وَقُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ لِتَقْرَاَهٗ عَلَى النَّاسِ عَلٰى مُكْثٍ وَّ نَزَّلْنٰهُ تَنْزِيْلًا (۱۷:۱۰۶)

اور ہم نے قرآن کو جز جز کر کے نازل کیا ہے تاکہ تم لوگوں کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھ کر سناؤ اور ہم نے اس کو آہستہ آہستہ اتارا ہے-

يُنَزَّلُ منصوب باب تفعیل (فعل مضارع مجہول واحد مذکر)- نازل کیا جاتا ہے-

يُنَزِّلُ باب تفعیل (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ نازل کرتا ہے-

تُنَزِّلَ منصوب باب تفعیل فعل مضارع واحد مذکر غائب) تو' نازل کرتا ہے-

نُنَزِّلُ باب تفعیل (فعل مضارع جمع متکلم) ہم نازل کرتے ہیں

لَمْ يُنَزِّلْ باب تفعیل (ساکن) اس نے نازل نہیں کیا-

نُزِّلَ باب تفعیل (فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب) نازل کیا گیا- عَلٰی- نازل کیا گیا ہے-

نُزِّلَتْ (فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب) نازل کی گئی-

يُنَزَّلُ (فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب) نازل کیا جاتا ہے-

اَنْ يُنَزَّلَ کہ نازل کیا جائے یا (اس کی طرف) وحی بھیجی جائے-

تَنْزِيْلٌ باب تفعیل (اسم مصدر) قرآن کریم-وحی

تَنْزِيْلًا منصوب (باب تفعیل) اسم مصدر-نازل کرنا

اَنْزَلَ باب افعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے نازل کیا-

اَنْزَلْتُ باب افعال (فعل ماضی واحد متکلم) میں نے نازل کیا-

اَنْزَلْتُمْ باب افعال (فعل ماضی جمع مذکر حاضر) تم نے نازل کیا

اَنْزَلْنَا باب افعال (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے نازل کیا-

سَاُنْزِلُ باب افعال (فعل مضارع واحد متکلم) میں عنقریب نازل کروں گا-سَ مستقبل کا مفہوم ادا کرنے کے لئے ہے-

اَنْزِلْ باب افعال (فعل امر واحد مذکر) نازل کر-

اُنْزِلَ: باب افعال (فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب) نازل کیا گیا-

اُنْزِلَتْ باب افعال (فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب) نازل کی گئی واحد مؤنث یا جمع مکسر کے لئے-

تَنَزَّلَتْ باب تفعل (فعل ماضی واحد مؤنث غائب) نازل ہوئی-

وَمَا تَنَزَّلَتْ بِهِ الشَّيٰطِيْنُ (۲۶:۲۱۰)

اور اس (قرآن) کو شیطان لے کر نازل نہیں ہوئے-

تَتَنَزَّلُ باب تفعل (فعل مضارع واحد مؤنث غائب) وہ نازل ہوتی/ ہوتے ہیں-

نوٹ:- تَتَنَزَّلُ صیغہ مؤنث ہے لیکن جمع کے لئے (بطور گروہ) کے لئے استعمال ہوا ہے-

تَنَزَّلُ باب تفعل (فعل مضارع واحد مؤنث غائب) نازل ہوتی ہے- (سہولت نطق کے لئے مضارع کی پہلی ت ساقط ہوگئی اسے اصطلاح میں تخفیف کہتے ہیں-

يَتَنَزَّلُ باب تفعل (فعل مضارع واحد مذکر غائب) نازل ہوتا ہے-

نُزُلٌ (اسم) سامان مہمانداری ضیافت- نُزُلًا (منصوب) آسائش و تفریح رہائش-خورد و نوش

نَزْلَةً (اسم مرہ) ایک بار کا اُترنا

وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى (۵۳:۱۳)

اور انہوں نے اس کو ایک اور بار بھی دیکھا ہے-

وَالنَّزْلَةُ : اَلْمَرَّةُ مِنَ النُّزُوْلِ وَ تَقُوْلُ فَعَلْتُ ذٰلِكَ نَزْلَةً اَيْ مَرَّةً

یعنی نَزْلَةٌ نزول سے اسم وحدت ہے اس سے مراد ایک دفعہ بھی ہے-

مَنَازِلَ منصوب (اسم ظرف جمع مذکر) پڑاؤ-منزلیں-مفرد: مَنْزِلٌ

مُنَزِّلٌ باب تفعیل (اسم فاعل واحد مذکر) نازل کرنے والا

مُنَزَّلٌ باب تفعیل (اسم مفعول واحد مذکر) نازل شدہ

مُنْزِلُوْنَ مرفوع باب افعال (اسم فاعل جمع مذکر) (۱) نازل کرنے والے-

اِنَّا مُنْزِلُوْنَ عَلٰى اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ (۲۹:۳۴)

ہم اس بستی کے رہنے والوں پر آسمان سے عذاب نازل کرنے والے ہیں-

اَلْمُنْزِلِيْنَ منصوب باب افعال اسم فاعل جمع مذکر) نازل کرنے والے/

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ٹھہرانے والے/ میزبان۔
اَلَا تَرَوْنَ اَنِّیۤ اُوْفِی الْكَیْلَ وَاَنَا خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ (۱۲:۵۹)
کیا تم نہیں دیکھتے کہ میں ماپ بھی پوری پوری دیتا ہوں اور مہمانداری بھی خوب کرتا ہوں۔
مُنْزَلاً (اسم مفعول واحد مذکر)
اُترنے کی جگہ
وَقُلْ رَّبِّ اَنْزِلْنِیْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا (۲۳:۲۹)
اور (یہ بھی) دعا کرنا کہ اے میرے پروردگار! مجھے مبارک جگہ اتاریو۔
اَلْمُنْزِلِیْنَ (اسم مفعول جمع مذکر)
نازل شدہ لوگ/ اتارے گئے لوگ۔

ن س أ ☆

اَلنَّسِیْٓءُ مہموز (اسم مصدر) التواء
نَسَأَ یَنْسَأُ نَسْأً وَ نَسِیًّا (ف) وَ اَنْسَأَ مہموز
تاخیر کرنا۔ التواء میں ڈالنا
کسی ماہ حرام کو دوسرے ماہ سے بدلنا عرب بت پرستوں کی اختراع (بدعت) تھی اس کے ذریعے وہ حسب ضرورت کسی ماہ حرام کے تقدس کو بالائے طاق رکھ دیتے اور اس ماہ حرام کے بدلے کسی اور مہینے کو ماہ حرام بنا لیتے مثلاً: محرم کو ملتوی کر کے صفر کو اس کے بدلے ماہ حرام بنا لیتے (بیضاوی)
مِنْسَأَةٌ مہموز۔ اسم آلہ۔ عصا

ن س ب ☆

نَسَبًا منصوب (اسم مصدر)
نسب۔ قرابت داری۔
نَسَبَ یَنْسِبُ نَسَبًا وَ نِسْبَةً (ض)
کسی کا شجرہ نسب بتانا یا پوچھنا۔
اِلٰی منسوب کرنا۔
اَنْسَابٌ (اسم جمع) رشتہ داریاں
مفرد: نَسَبٌ

ن س خ ☆

یَنْسَخُ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) منسوخ کرتا ہے۔
نَسَخَ یَنْسَخُ نَسْخًا (ف)
قلمزن کرنا۔ کالعدم قرار دینا۔ نقل کرنا۔
نَنْسَخْ (ساکن) (فعل مضارع جمع متکلم) ہم منسوخ کرتے ہیں۔
نَسْتَنْسِخُ باب استفعال (فعل مضارع جمع متکلم) ہم لکھتے ہیں۔
كُنَّا نَسْتَنْسِخُ ہم لکھا کرتے تھے۔
نُسْخَةٌ (اسم) نسخہ۔ تحریر دستاویز
وَفِیْ نُسْخَتِهَا هُدًى وَّرَحْمَةٌ (۷:۱۵۴)
اور جو کچھ ان میں لکھا تھا وہ ان لوگوں کے لئے جو اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں ہدایت اور رحمت تھی۔

☆ ☆ ☆ ☆

نَسْرًا منصوب اسم معرفہ نَسْر
نَسْر: گدھ دیوتا جو حمیر کا بت تھا عربوں کی گدھ پوجا کی تائید! Adda کے سُریانی عقیدے سے ہوتی ہے (عبدالماجد دریا آبادی)

ن س ف ☆

یَنْسِفُ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) بکھیر دے گا۔ منتشر کرے گا
نَسَفَ یَنْسِفُ نَسْفًا (ض)
جڑ سے اکھاڑنا۔ پیس کر میدہ کرنا۔ تتر بتر کرنا۔
لَنَنْسِفَنَّ لام تاکید و نون ثقیلہ (فعل مضارع جمع متکلم) ہم ضرور بکھیر دیں گے۔
نُسِفَتْ (فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب) پیس کر میدہ کر دی گئی
نَسْفًا منصوب (اسم مصدر) بکھیرنے کا عمل یا پیس کر میدہ کرنے کا عمل

ن س ک ☆

نُسُکٌ (اسم) رُکن حج
جانور ذبح کر کے قربانی کرنا۔
نَسَکَ یَنْسُکُ نُسُکًا وَ مَنْسَکًا (ن)
درویشانہ زندگی بسر کرنا۔ پاکباز ہونا۔
(ن) ساقط۔ اسم فاعل مضاف بہ ضمیرہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

نَاسِكُوْهُ (اسم فاعل جمع مذکر)
اس پر عمل کرنے والے۔(نَاسِكُوْنَ + هُ)
لِكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا هُمْ
نَاسِكُوْهُ (۶۷:۲۲)
ہم نے ہر ایک امت کے لئے ایک شریعت
مقرر کر دی ہے جس پر وہ چلتے ہیں۔
مَنْسَكًا منصوب (مصدر میمی)
قربانی کی رسم۔
مَنَاسِكُ (اسم ظرف) جمع
قربان گاہیں جہاں حج کے دوران قربانی کی
جاتی ہے اور بالعموم حج کی رسوم

ن س ل ☆

يَنْسِلُوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر
غائب (وہ نکل دوڑتے ہیں۔
نَسَلَ يَنْسِلُ نَسْلاً (ن)
پیدا کرنا۔افزائش نسل میں مفید ہونا۔
نَسَلَ يَنْسِلُ نَسَلَانًا (ن)
جلدی/تیزی کرنا۔
النَّسْلُ (اسم مصدر) مویشی
وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ
(۲۰۵:۲)
کھیتی کو برباد کرے اور انسانوں اور حیوانوں
کی نسل کو نیست و نابود کرے۔
ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ
مَّهِيْنٍ (۸:۳۲)
پھر اس کی نسل خلاصے سے (یعنی) حقیر پانی
سے پیدا کی۔

ن س و ☆

نِسْوَةٌ (اسم جمع) عورتیں اس
مادے سے اس لفظ کا مفرد صیغہ نہیں ہے۔
النِّسَاءُ (اسم جمع) عورتیں۔

ن س ی ☆

نَسِيَ معتل (فعل ماضی واحد مذکر
غائب) وہ بھول گیا۔
نَسِيَا معتل (فعل ماضی تثنیہ مذکر
غائب) وہ دو بھول گئے۔
نَسُوْا معتل (فعل ماضی جمع مذکر
غائب) وہ بھول گئے۔
نَسِيْتَ معتل (فعل ماضی واحد
مذکر حاضر) تو بھول گیا۔
نَسِيْتُ معتل (فعل ماضی واحد
متکلم) میں بھول گیا۔
نَسِيْتُمْ معتل (فعل ماضی جمع
مذکر حاضر) تم بھولے۔
نَسِيْنَا معتل (فعل ماضی جمع متکلم)
ہم بھول گئے۔
يَنْسٰى معتل (فعل مضارع واحد
مذکر غائب) وہ بھولتا ہے۔
تَنْسٰى معتل (فعل مضارع
واحد مذکر حاضر) تو بھولتا ہے۔
تَنْسَوْنَ معتل (فعل مضارع
جمع مذکر حاضر) تم بھولتے ہو۔
لَا تَنْسَ معتل ن ساقط (فعل
نہی واحد مذکر حاضر) تو مت بھول

لَا تَنْسَوُا معتل (فعل نہی جمع
مذکر حاضر) تم مت بھولو۔
نَنْسٰى معتل (فعل مضارع
جمع متکلم) ہم بھولتے ہیں۔
نَنْسَاهُمْ ہم ان کو بھولتے ہیں
نَنْسَاكُمْ ہم تمہیں بھولتے ہیں
تُنْسٰى (فعل مضارع مجہول
واحد مذکر حاضر) تم بھلائے جاتے ہو
أَنْسَوْا (كُمْ) باب افعال۔ معتل
فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے
تمہیں فراموش کرا دیا۔
أَنْسَا (نِيْهِ) باب افعال معتل
(فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے
مجھے وہ فراموش کرا دیا۔ (یہ لفظ مرکب
ہے) أَنْسَا + نِيْ + هِ اس نے + مجھے +
وہ + فراموش کرا دیا۔
أَنْسَاهُ اس نے اسے فراموش کرا دیا
أَنْسَاهُمْ اس نے انہیں فراموش
کرا دیا
نُنْسِيْ (هَا) باب افعال۔ معتل (فعل
مضارع جمع متکلم) ہم اسے فراموش
کرا دیتے ہیں۔
يُنْسِيَنَّ ن تاکید۔ معتل (فعل
مضارع واحد مذکر غائب) وہ ضرور فراموش
کرا دے گا۔
يُنْسِيَنَّكَ وہ تمہیں ضرور فراموش
کرا دے گا۔
نَسْيًا منصوب، معتل (اسم مصدر)
بھولا ہوا۔
مَنْسِيًّا منصوب، معتل۔ (اسم مفعول)
فراموش شدہ۔ فراموش کیا ہوا۔
نَسِيًّا منصوب۔ معتل (اسم فاعل)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

بہت فراموش کرنے والا/ بہت زیادہ بھولنے والا۔

ن ش أ ☆

نَاشِئَةٌ مہموز (اسم فاعل واحد مؤنث) ابھرنے والی (اسم مصدر کے معنوں میں)

نَشَأَ يَنْشَأُ / نَشُوَ يَنْشُوُ نَشْأً وَ نُشُوْءًا وَ نَشَاءَةً (ف،ک)

(بچے کا) نشوونما پانا۔ زندہ رہنا۔ تخلیق کرنا۔ چڑھنا۔ پیدا کرنا۔

نُشِّيَ وَ أُنْشِيَ پالا پوسا جانا۔

النَّشْأَةُ نشوونما

يُنَشَّأُ مہموز باب تفعیل (فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب) نشوونما پاتا ہے۔

أَنْشَأَ مہموز باب افعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے پیدا کیا۔

أَنْشَأْتُمْ مہموز باب افعال (فعل ماضی جمع مذکر حاضر) تم نے اگایا/ تم نے پیدا کیا۔

أَنْشَأْنَا مہموز باب افعال (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے اگایا۔ ہم نے پیدا کیا۔

يُنْشِئُ مہموز باب افعال (فعل مضارع واحد مذکر غائب) اٹھاتا ہے/ پیدا کرتا ہے۔

نُنْشِئُ مہموز باب افعال (فعل مضارع جمع متکلم) ہم اٹھاتے ہیں۔ لاتے ہیں۔

إِنْشَاءً منصوب مہموز۔ باب افعال (اسم مصدر) پیدائش۔ تخلیق۔

الْمُنْشِئُوْنَ مہموز باب افعال (اسم فاعل جمع مذکر) اُگانے والے۔ پیدا کرنے والے۔

الْمُنْشَآتُ مہموز باب افعال (اسم مفعول جمع مؤنث) ایستادہ، کھڑے کئے ہوئے بادبان

وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنْشَئٰتُ فِي الْبَحْرِ كَالْأَعْلَامِ (۲۴:۵۵)

اور اونچے بادبانوں والے جہاز بھی اسی کے ہیں جو سمندر میں پہاڑوں کی طرح کھڑے ہیں۔

ن ش ر ☆

نُشِرَتْ (فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب) دھری ہوئی

نَشَرَ يَنْشُرُ نَشْرًا وَ نُشُوْرًا (ن)

پھیلانا۔ دوبارہ جان ڈالنا۔ مردے کو زندہ کرنا، پھیل جانا۔ کھلا رکھنا۔ کھولنا۔

يَنْشُرُ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ پھیلائے گا۔

أَنْشَرَ باب افعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب) زندہ کیا۔ زندگی بخشی

ثُمَّ إِذَا شَآءَ أَنْشَرَهُ (۲۲:۸۰)

پھر جب چاہے گا اسے اٹھا کھڑا کرے گا۔

أَنْشَرْنَا باب افعال (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے زندہ کیا۔

يُنْشِرُوْنَ باب افعال (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ مردوں کو کھڑا کر دیتے ہیں۔

أَمِ اتَّخَذُوْا اٰلِهَةً مِّنَ الْأَرْضِ هُمْ يُنْشِرُوْنَ (۲۱:۲۱)

بھلا لوگوں نے جو زمین کی چیزوں سے (بعض کو) معبود بنالیا ہے (تو کیا) وہ ان کو (مرنے کے بعد) اٹھا کھڑا کریں گے۔

تَنْتَشِرُوْنَ باب افتعال (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم منتشر ہوتے ہو/ تم پھیلتے ہو۔

فَانْتَشِرُوْا باب افتعال مرکب لفظ (ف + انْتَشِرُوْا) فعل امر جمع مذکر) پس تم منتشر ہو جاؤ۔

النَّاشِرَاتُ (اسم فاعل جمع مؤنث) پھیلانے والیاں۔

وَالنّٰشِرٰتِ نَشْرًا (۳:۷۷)

اور قسم ہے ان ہواؤں کی جو (بادلوں کو) پھاڑ پھیلا دیتی ہیں۔

نَشْرًا منصوب (اسم مصدر) پھیلا کر

النُّشُوْرُ، نُشُوْرًا (اسم مصدر) قیامت

مَنْشُوْرٌ (اسم مفعول واحد مذکر) کھلا ہوا۔

مَنْشُوْرًا منصوب، (اسم مفعول)

مُنَشَّرَةً باب تفعیل (اسم مفعول واحد مؤنث) کھلا۔ پھیلا ہوا۔

مُنْشَرِيْنَ باب افعال، منصوب (اسم مفعول جمع مذکر) اٹھائے گئے۔ اٹھائے جانے والے۔

مُنْتَشِرٌ باب افتعال (اسم مفعول واحد مذکر) خود پھیلا ہوا۔

ن ش ز ☆

انْشُزُوْا (فعل امر جمع مذکر حاضر) اٹھ کھڑے ہو جاؤ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

نَشَزَ يَنْشُزُ نَشْزاً (ن)
بلند ہونا–اونچا اٹھایا جانا–اٹھنا–
نُنْشِزُ باب افعال (فعل مضارع جمع متکلم) ہم کھڑا کرتے ہیں–
نُشُوْزٌ (اسم مصدر) بدمزگی
میاں بیوی کی باہم بے رخی
نَشَزَ يَنْشُزُ/ يَنْشِزُ نُشُوْزاً (ن' ض)
نفرت کرنا–بغاوت کرنا–

ن ش ط ☆

اَلنّٰشِطٰتُ (اسم فاعل جمع مؤنث)
کھول دینے والیاں–
نَشَطَ يَنْشُطُ نَشْطاً (ن)
ایک جگہ سے باہر چلے جانا–ایک ہی دفعہ ڈول کھینچنا–
اَلنَّشْطُ تیزی اور آسانی سے کھینچنے کا عمل–
نَشْطاً منصوب (اسم مصدر) کھول دینا–رہا کرنا–
وَالنّٰشِطٰتِ نَشْطًا (۷۹:۲)
شیطان تمہیں غربت وناداری کا ڈراوا دیتا ہے۔

عِدْ معتل (فعل امر واحد مذکر حاضر) تو وعدہ کر۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَعَدَهُمْ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا (۱۷:۶۴)
ان سے وعدہ کوتا رہ- شیطان جو ان سے وعدے کرتا ہے- محض فریب ہیں-

وُعِدَ معتل (فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب) اسے وعدہ دیا گیا/ اس سے وعدہ کیا گیا-

وُعِدْنَا معتل (فعل ماضی مجہول جمع متکلم) ہم سے وعدہ کیا گیا-

یُوْعَدُوْنَ معتل (فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب) انہیں ڈرایا جاتا ہے

تُوْعَدُوْنَ معتل (فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر) تم سے وعدہ کیا جاتا ہے-

نوٹ:- سیاق کلام کے مطابق لفظ کا ترجمہ وعدہ کرنا یا ڈرانا کیا گیا ہے-

وَعْدٌ (اسم) وعدہ قول وقرار

وَعْدًا منصوب' یہ ایک وعدہ ہے

وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا (۹:۱۱۱)
یہ سچا وعدہ ہے-

وَعَدَهٗ وَعْدًا حَقًّا اس نے سچا وعدہ کیا ابن ہشام جیسے دوسرے مفسرین کی رائے ہے کہ یہ جملہ جواب شرط نہیں ہے بلکہ تاکید کے لئے یہ عربی زبان کا ایک اسلوب ہے-

اَلْمَوْعُوْدُ معتل (اسم مفعول واحد مذکر) جسے وعدہ دیا گیا ہو یا جس سے وعدہ کیا گیا ہو-

تُوْعَدُوْنَ معتل (فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر) تمہیں دھمکی دی جاتی ہے-

اَوْعَدَ یُوْعِدُ اِیْعَادًا (باب افعال) ڈرانا' دھمکانا-

وَاعَدْنَا (معتل باب مفاعلہ) (فعل مضارع جمع متکلم) ہم نے مقرر کیا

وَاعَدَ یُوَاعِدُ مِیْعَادًا
کسی کے لئے طے شدہ وقت یا جگہ مقرر کرنا- کسی سے اعتماد واعتبار کا وعدہ کرنا-

وَاِذْ وٰعَدْنَا مُوْسٰٓى اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً (۲:۵۱)
جب ہم نے موسیٰ سے چالیس راتوں کے مقرر کرنے کا وعدہ کیا-
(۲) ہم نے معاہدہ کیا-

وَوٰعَدْنٰكُمْ جَانِبَ الطُّوْرِ الْاَيْمَنَ (۲۰:۸۰)
اور ہم نے تمہیں (تورات دینے کے لئے) طور کی دائیں جانب مقرر کی-
حضرت موسیٰ کے دائیں ہاتھ کی طرف (طبری)
بعض دوسرے مفسرین کے مطابق الاء یمن' سے مراد بابرکت اور مقدس ہے-

تَوَاعَدْتُّمْ معتل باب تفاعل (فعل ماضی جمع مذکر حاضر) تم نے باہم قول و قرار کرلیا-

لَا تُوَاعِدُوْا (معتل باب تفاعل فعل نہی' جمع مذکر حاضر) باہم قول وقرار کرلو

لَا تُوَاعِدُوْهُنَّ سِرًّا اِلَّآ اَنْ تَقُوْلُوْا قَوْلًا مَّعْرُوْفًا (۲:۲۳۵)
لیکن کوئی خفیہ قول وقرار نہ کرو سوائے اس کے کہ تم دستور کے مطابق بات کرو-

اَلْوَعِيْدُ معتل (اسم فاعل واحد مذکر) ڈراوا- دھمکی-

مَوْعِدٌ (معتل اسم ظرف)
کسی پیشن گوئی کے پورا ہونے کا وقت یا جگہ- ملاقات کے لئے وعدہ یا دھمکی- ایک وعدہ

اَلْمِيْعَادُ (معتل) بجائے مِوْعَادٌ (اسم ظرف) ملاقات کا وقت یا ملاقات کی جگہ

و ع ظ ☆

اَلْوَاعِظِيْنَ معتل (اسم فاعل جمع مذکر) وعظ کرنے والے-

وَعَظَ يَعِظُ وَعْظًا وَعِظَةً (ض)
انتباہ کرنا- نصیحت کرنا - نیکی کی ترغیب دینا- تبلیغ کرنا- سرزنش کرنا-

نوٹ:- قرآن کریم میں و ع ظ ثلاثی مادے سے ماضی کا صیغہ استعمال نہیں ہوا ہے-

يَعِظُ معتل (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ وعظ کرتا ہے/ نصیحت کرتا ہے-

وَاِذْ قَالَ لُقْمٰنُ لِابْنِهٖ وَهُوَ يَعِظُهٗ (۳۱:۱۳)
اور جب لقمان نے اپنے بیٹے کو نصیحت کرتے ہوئے کہا-
(۲) سرزنش کرنا-

اِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا يَعِظُكُمْ بِهٖ (۴:۵۸)
خدا تمہیں بہت خوب نصیحت کرتا ہے-

اَعِظُ معتل (فعل مضارع واحد متکلم) میں وعظ/ سرزنش کرتا ہوں-

تَعِظُوْنَ معتل (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم سرزنش کرتے ہو-

عِظْ معتل (فعل امر واحد مذکر حاضر) تو سرزنش/ نصیحت کر-

فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَعِظْهُمْ (۴:۶۳)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

تم ان کی باتوں کا کچھ خیال نہ کرو اور انہیں نصیحت کرو۔

عِظُوْا معتل (فعل امر جمع مذکر حاضر) تم مرد نصیحت کرو۔

يُوْعَظُ معتل (فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب) اسے نصیحت کی جاتی ہے۔

نوٹ:- ترہیب و ترغیب (ہر دو) براہ راست منصبی وظائف نبوی ہیں۔

يُوْعَظُوْنَ معتل (فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب) انہیں نصیحت کی جاتی ہے۔

مَوْعِظَةٌ (اسم) نصیحت/سرزنش

أَوْعَظْتَ (معتل-باب افعال) تو نے نصیحت کی۔

أَوْعَظَ إِيْعَاظًا (باب افعال) رسائی کرنا-تبلیغ کرنا-ترغیب دینا-سرزنش کرنا (ماضی کا صیغہ بنانے کے لئے ثلاثی کے باب افعال استعمال ہوا ہے۔

و ع ی ☆

تَعِيَ منصوب، معتل (فعل مضارع واحد مؤنث غائب) وہ یاد رکھتی ہے۔

وَعَى يَعِيْ وَعْيًا (ض) یاد رکھنا- محتوی ہونا- ذہن میں رکھنا- حافظے میں رکھنا۔

لِنَجْعَلَهَا لَكُمْ تَذْكِرَةً وَّ تَعِيَهَآ أُذُنٌ وَّاعِيَةٌ (۱۲:۶۹)

تاکہ اس کو تمہارے لئے یادگار بنائیں اور یاد رکھنے والے کان اس کو یاد رکھیں۔

وَاعِيَةٌ معتل (اسم فاعل واحد مؤنث) حافظے میں محفوظ رکھنے والی

أَوْعَى معتل باب افعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے روک لیا- اس نے دولت جمع کی۔

وَجَمَعَ فَأَوْعَى (۱۸:۷۰)

اس نے جمع کیا اور سنبھال رکھا۔

يُوْعُوْنَ معتل (باب افعال) وہ چھپا رکھتے ہیں- وہ دل میں محفوظ رکھتے ہیں۔

وَاللّٰهُ أَعْلَمُ بِمَا يُوْعُوْنَ (۲۳:۸۴)

اور خدا ان باتوں کو جو یہ اپنے دلوں میں چھپاتے ہیں خوب جانتا ہے۔

وِعَاءٌ (اسم) چھپانے کی جگہ- تھیلا۔

أَوْعِيَةٌ (اسم جمع) تھیلے-شلیتے

مفرد:- وِعَاءٌ

و ف د ☆

وَفْدًا منصوب-معتل (اسم مصدر) بطور مہمان- شاہی دربار میں حاضری کا عمل۔

وَفَدَ يَفِدُ وَفْدًا وَ وُفُوْدًا (ض) معتل- بطور سفیر بادشاہ کے حضور باریابی

و ف ر ☆

مَوْفُوْرًا معتل (اسم مفعول واحد مذکر) وافر- کافی- بھرپور

وَفَرَ يَفِرُ فِرَةً (ض) وافر مقدار میں ہونا۔

و ف ض ☆

يُوْفِضُوْنَ معتل باب افعال (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ تیزی سے جا رہے ہیں۔

وَفَضَ يَفِضُ (ض) وَ أَوْفَضَ باب افعال- تیزی سے جانا- دوڑنا۔

و ف ق ☆

وِفَاقًا (منصوب باب مفاعلہ) (اسم مصدر) مناسبت و موافقت کا عمل۔

وَفِقَ يَفِقُ وَ فْقًا (ح) مفید اور مناسب پانا

وَافَقَ يُوَافِقُ وِفَاقًا متفق ہونا- اتفاق کرنا- مطیع ہونا- منشا کے مطابق ہونا- مناسب اور موزوں ہونا۔

يُوَفِّقُ معتل- باب تفعیل (فعل مضارع واحد مذکر غائب) دو افراد یا جماعتوں میں موافقت کراتا ہے۔

اِنْ يُّرِيْدَآ اِصْلَاحًا يُّوَفِّقِ اللّٰهُ بَيْنَهُمَا (۳۵:۴)

وہ اگر صلح کرا دینا چاہیں تو خدا ان میں موافقت پیدا کر دے گا۔

تَوْفِيْقًا منصوب تَوْفِيْقٌ باب تفعیل اسم مصدر- دو فریقوں کے درمیان موافقت۔

ثُمَّ جَآءُوْكَ يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ اِنْ اَرَدْنَآ اِلَّآ اِحْسَانًا وَّ تَوْفِيْقًا (۶۲:۴)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

پھر وہ تمہارے پاس بھاگے آتے ہیں اور قسمیں کھاتے ہیں کہ واللہ ہمارا مقصد تو بھلائی اور موافقت تھا۔
(۲) کام میں کامیابی۔
حسب منشا کام خدا کی توفیق۔
وَمَا تَوْفِيْقِيْٓ اِلَّا بِاللّٰهِ (۱۱:۸۸)
مجھے توفیق کا ملنا خدا ہی (کے فضل) سے ہے۔
نوٹ:- انگریزی زبان میں توفیق کا مفہوم ادا کرنے کے لئے کوئی موزوں لفظ نہیں اس لئے مترجموں نے قرآنی مفہوم سے قریب تر ترجمے کئے ہیں۔

و ف ی ☆

أَوْفٰى / الْاَوْفٰى (اسم تفضیل)
(۱) بہترین وفا کرنے والا۔
وَفٰى يَفِيْ وَفَآءً ا (ض) وَ أَوْفٰى اِيْفَآءً ا ـ ب
اپنے وعدے کا پاس کرنا۔ اپنا تعلق نبھانا۔ قرض ادا کرنا۔
وَمَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ مِنَ اللّٰهِ (۹:۱۱۱)
اور خدا سے زیادہ اپنا وعدہ پورا کرنے والا کون ہے؟
(۲) بھرپور۔ پورا پورا۔
ثُمَّ يُجْزٰىهُ الْجَزَآءَ الْاَوْفٰى (۵۳:۴۱)
پھر اس کو اس کا پورا پورا بدلہ دیا جائے گا۔
وَفّٰى معتل باب تفعیل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) پورا کیا۔
وَفّٰى يُوَفِّيْ تَوْفِيَةً (باب تفعیل) کسی کو اس کا پورا حق دینا۔ پورا قرض ادا کر دینا۔ مکمل طور پر ذمہ داری نبھانا۔
وَاِبْرٰهِيْمَ الَّذِيْ وَفّٰى (۵۳:۳۷)
اور ابراہیم کی جنہوں نے (حق طاعت و رسالت) پورا کیا۔
(۲) پورا پورا حساب چکایا۔
حَتّٰٓى اِذَا جَآءَهٗ لَمْ يَجِدْهُ شَيْئًا وَّ وَجَدَ اللّٰهَ عِنْدَهٗ فَوَفّٰىهُ حِسَابَهٗ (۲۴:۳۹)
یہاں تک کہ جب اس کے پاس آئے تو اسے کچھ بھی نہ پائے۔ اور خدا ہی کو اپنے پاس دیکھے تو وہ اس کا پورا پورا حساب چکا دے۔
نوٹ:- جیسا کہ اکثر موقعوں پر دیکھا گیا ہے کہ مفہوم ادا کرنے کے لئے ماضی کا ترجمہ حال یا مستقبل میں کرنا پڑتا ہے۔ یہی صورتحال مذکورہ بالا آیت اور اس کے ترجمہ میں پیش آئی ہے۔
يُوَفِّيْ معتل (باب تفعیل) (فعل مضارع واحد مذکر غائب) پورا پورا ادا کرے گا/ کرتا ہے۔
لَيُوَفِّيَنَّ معتل باب تفعیل لام تاکید و نون ثقیلہ (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ ضرور پورا پورا واپس ادا کرے گا۔
وُفِّيَتْ معتل باب تفعیل (فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب) اس عورت کو پورا پورا دیا گیا۔
تُوَفّٰى معتل باب تفعیل (فعل مضارع مجہول واحد مؤنث غائب) پورا پورا دیا جائے گا۔
تُوَفَّوْنَ معتل باب تفعیل (فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر) تمہیں پورا پورا دیا جائے گا۔
يُوَفَّ معتل باب تفعیل (فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب) اسے پورا پورا دیا جائے گا۔
مُوَفُّوْا معتل باب تفعیل (اسم فاعل جمع مذکر) پورا پورا ادا کرنے والے۔
وَاِنَّا لَمُوَفُّوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ غَيْرَ مَنْقُوْصٍ (۱۱:۱۰۹)
اور ہم ان کو ان کا حصہ پورا پورا بلا کم و کاست دینے والے ہیں۔
أَوْفٰى معتل باب افعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے پورا کیا۔
أَوْفٰى يُوْفِيْ اِيْفَآءً۔ ب۔ باب افعال وعدہ یا معاہدہ پورا کرنا۔
نوٹ:- آیت ۹:۱۱۱ اور ۵۳:۴۱ جس میں ثلاثی وزن سے اسم تفضیل یعنی سب سے زیادہ پورا کرنے والا آیا ہے کا مقابلہ اس آیت ۳:۷۶ سے کیجئے جہاں اس فعل کے باب افعال سے فعل ماضی استعمال ہوا ہے۔ جس کے معنی ہیں: اس/عورت یا مرد نے پورا کیا۔
بَلٰى مَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ وَاتَّقٰى فَاِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ (۳:۷۶)
ہاں جو شخص اپنے اقرار کو پورا کرے اور (خدا سے) ڈرے تو خدا ڈرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔
أُوْفِ معتل باب افعال یٰ ساقط۔ (فعل مضارع واحد متکلم) کہ میں پورا کروں گا۔
أُوْفِيْ معتل باب افعال (فعل مضارع واحد متکلم) میں پورا کرتا ہوں/ کروں گا۔
يُوْفُوْنَ معتل باب افعال (فعل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

مضارع جمع مذکر غائب) وہ پورا کرتے ہیں
لِيُوْفُوْا معتل باب افعال لام امر
(فعل امر غائب جمع مذکر غائب) وہ پورا
کریں۔
وَلْيُوْفُوْا نُذُوْرَهُمْ (۲۹:۲۲)
وہ اپنی نذریں پوری کریں
اَوْفِ معتل باب افعال
(فعل امر واحد مذکر حاضر) تو پورا کر
اَوْفُوْا معتل باب افعال
(فعل امر جمع مذکر حاضر) تم پورا کرو۔
الْمُوْفُوْنَ معتل باب افعال
(اسم فاعل جمع مذکر) اپنا وعدہ یا عہد پورا
کرنے والے۔
تَوَفّٰی معتل باب تفعل (فعل
ماضی واحد مذکر غائب) اٹھالیا۔ پورا پورا
وصول کیا۔
اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَفّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ
اَنْفُسِهِمْ (۴:۹۷)
جو لوگ اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیں جب
فرشتے ان کی جان قبض کرنے لگتے ہیں۔
تَوَفَّتْ معتل باب تفعیل
(فعل ماضی واحد مؤنث غائب) اٹھالیا۔
حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ
تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا (۶:۶۱)
یہاں تک کہ جب تم میں سے کسی کو موت
آتی ہے تو ہمارے فرشتے اس کی روح قبض
کر لیتے ہیں۔
تَوَفَّيْتَ معتل باب تفعیل (فعل ماضی
واحد مذکر حاضر) تو نے اٹھالیا۔
فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ
عَلَيْهِمْ (۵:۱۱۷)
جب تو نے مجھے (دنیا سے) اٹھالیا تو تو

ان کا نگران تھا۔
تَتَوَفّٰی معتل باب تفعل (فعل
مضارع واحد مؤنث غائب) اٹھالیتی ہے۔
موت دیتی ہے۔ (فرشتے موت دیتے ہیں
یا اٹھالیتے ہیں)۔
يَتَوَفّٰی معتل باب تفعل (فعل
مضارع واحد مذکر غائب) وہ مارتا ہے۔
يَتَوَفَّوْنَ معتل باب تفعل
(فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ مارتے
ہیں۔
تَوَفَّ معتل باب تفعل
(فعل امر واحد مذکر حاضر) مار دیا مرنے دو
وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ (۳:۱۹۳)
ہمیں نیکوکاروں کے ساتھ موت نصیب کر۔
تَوَفَّنِيْ مجھے موت دے۔
يُتَوَفّٰی معتل باب تفعل (فعل
مضارع مجہول واحد مذکر غائب) اسے
موت دی جاتی ہے۔
يُتَوَفَّوْنَ معتل باب تفعل (فعل
مضارع مجہول جمع مذکر غائب) انہیں موت
دی جاتی ہے۔
مُتَوَفِّيْ معتل باب تفعل (اسم فاعل
واحد مذکر) مارنے والا۔ وفات دینے والا۔
اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسٰٓى اِنِّيْ
مُتَوَفِّيْكَ وَرَافِعُكَ اِلَيَّ (۳:۵۵)
جب خدا نے فرمایا: اے عیسیٰ! میں تمہاری
دنیا میں رہنے کی مدت پوری کر کے تم کو اپنی
طرف اٹھالوں گا۔
يَسْتَوْفُوْنَ معتل باب استفعال
(فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ پورا پورا
لیتے ہیں۔
اِسْتَوْفَى الشَّيْءَ اس نے پوری پوری

چڑ لی۔

و ق ب ☆

وَقَبَ معتل (فعل ماضی
واحد مذکر غائب) وہ چھا گیا۔
وَقَبَ يَقِبُ وَقْبًا وَّ وُقُوْبًا (ض)
(سورج کا) غروب ہونا۔ اوپر آنا۔ چھا جانا۔
(سورج کا یا چاند کا) غائب ہو جانا۔
مِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ (۱۱۳:۳)
(میں) شب تاریک کی برائی سے جب اس
کا اندھیرا چھا جائے پروردگار کی پناہ مانگتا
ہوں۔

و ق ت ☆

الْوَقْتُ (اسم) وقت
الْوَقْتُ الْمَعْلُوْمُ (۱۵:۳۸)
وقت مقرر یعنی قیامت کے دن تک (یعنی
جو اللہ تعالیٰ کے علم غیب میں ہے)۔
مِيْقَاتٌ بجائے مِوْقَاةٌ (اسم ظرف)
معینہ وقت یا مقام۔
مَوَاقِيْتُ (اسم ظرف، جمع)
مقرر وقت۔ مفرد: مِيْقَاتٌ
مَوْقُوْتٌ (اسم مفعول واحد مذکر)
جس کا وقت متعین ہو۔
اُقِّتَتْ باب تفعیل (فعل ماضی
مجہول واحد مؤنث غائب) اسے وقت دیا
گیا۔
وَقَّتَ تَوْقِيْتًا اُقِّتَ تَوْقِيْتًا
وقت مقرر کرنا۔ ملاقات کا وقت دینا
وَاِذَا الرُّسُلُ اُقِّتَتْ (۷۷:۱۱)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

جب پیغمبر فراہم کئے جائیں گے۔

و ق د ☆

وَقُوْدٌ (اسم) ایندھن

وَقَدَ يَقِدُ وَقْدًا وَ وُقُوْدًا (ض)

وَاَوْقَدَ اِيْقَادًا باب افعال

آگ جلانا۔روشنی کرنا۔

اَوْقَدُوْا معتل باب افعال

(فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے آگ جلائی/روشن کی۔

لفظی ترجمہ: انہوں نے آگ روشن کی۔

يُوْقِدُوْنَ معتل باب افعال

(فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ روشنی جلاتے ہیں۔

تُوْقِدُوْنَ معتل باب افعال

(فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم آگ روشن کرتے ہو۔

اَوْقِدْ معتل باب تفعل (فعل امر واحد مذکر) تو آگ روشن کر۔

يُوْقَدُ معتل باب افعال

(فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب روشن کیا جاتا ہے۔

اَلْمُوْقَدَةُ معتل باب افعال

(اسم مفعول واحد مؤنث) جلائی ہوئی/روشن آگ۔

اِسْتَوْقَدَ معتل باب استفعال

(فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے آگ روشن کی۔

اِسْتَوْقَدَ مانند ثلاثی مجرد۔

و ق ذ ☆

اَلْمَوْقُوْذَةُ معتل (اسم مفعول واحد مؤنث) چوٹ لگنے سے مری ہوئی۔ مار مار کر ختم کرنا۔سخت مارنا۔

و ق ر ☆

وَقْرٌ (اسم مصدر) بہرہ پن گراں گوشی۔

وَقَرَ يَقِرُ وَقْرًا (ض) معتل

ثقل سماعت۔بہرہ ہونا' کان میں بھاری پن۔

وِقْرًا منصوب وِقْرٌ (بارش/پانی کا) بوجھ۔

وَقَارًا منصوب وَقَارٌ معتل

(اسم مصدر) وقار۔عظمت۔بڑائی۔

وَقَرَ يَقِرُ وَقَارًا وَ وَقَارَةً (ض)

شرافت۔شان دار۔بہت محترم۔(لسان) (ولیم لین)

نوٹ:۔مفسرین کی ایک کثیر تعداد کا خیال ہے کہ وقار کا مفہوم جلالت و عظمت ہے لیکن یوسف علی نے اس کا ترجمہ مہربانی اور طویل مشقت لکھا ہے۔

مَالَكُمْ لَا تَرْجُوْنَ لِلّٰهِ وَقَارًا

(۱۳:۷۱)

تمہیں کیا تکلیف ہے کہ تم خدائے جلیل سے توقعات وابستہ نہیں کرتے (عبدالماجد دریا آبادی) خدا نے وقار نہیں مانگے (پکتھال)

تمہیں کیا ہوا ہے کہ تم مہربانی اور طول مشقت کے لئے خدا سے امیدیں نہیں رکھتے۔(یوسف علی)

تمہیں کیا ہوا ہے کہ تم خدا کی عظمت کا اعتقاد نہیں رکھتے (فتح محمد جالندھری)

تُوَقِّرُوْا معتل باب تفعیل

(فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم بہت عزت کرتے ہو۔

وَقَّرَ تَوْقِيْرًا

(باب تفعیل) عزت و احترام کرنا۔

و ق ع ☆

وَقَعَ معتل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) وہ گر گیا۔

وَقَعَ يَقَعُ وُقُوْعًا (ف) عَلٰى

گرنا۔نیچے گر پڑنا۔گرانا۔عَلٰى گزرنا۔موکد ہونا۔یقینی ہونا۔

وَلَمَّا وَقَعَ عَلَيْهِمُ الرِّجْزُ

(۱۳۴:۷)

اور جب ان پر عذاب واقع ہوتا۔

(۲) چھا گیا۔انتقام

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ (۱۱۸:۷)

پھر تو حق ثابت ہو گیا (چھا گیا) اور جو کچھ فرعونی کرتے تھے باطل ہو گیا۔

(۳) پورا ہو کر رہا۔عَلٰى

وَوَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ بِمَا ظَلَمُوْا

(۸۵:۲۷)

اور ان کے ظلم کے سبب ان کے حق میں وعدہ (عذاب) پورا ہو کر رہا۔

وَقَعَتْ معتل (فعل ماضی واحد مؤنث غائب) واقع ہو گئی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

تَقَعُ معتل (فعل مضارع واحد مؤنث غائب) واقع ہوتی ہے/ پوری ہوتی ہے۔
قَعُوْا معتل (فعل امر جمع مذکر حاضر) آن گرو یا گر پڑو۔
فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ (۲۹:۱۵)
جب میں اس صورت انسانیہ کو درست کرلوں اور اس میں اپنی بے بہا چیز (یعنی) روح پھونک دوں تو اس کے آگے سجدے میں گر پڑنا۔
وَاقِعٌ معتل (اسم فاعل واحد مذکر) (۱) گرنے والا۔ گرنے کے قریب
وَظَنُّوْٓا اَنَّهٗ وَاقِعٌۢ بِهِمْ (۱۷۱:۷)
اور انہوں نے خیال کیا کہ وہ ان پر گرتا ہے۔
(۲) گر کر رہے گا۔
تَرَى الظّٰلِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا كَسَبُوْا وَهُوَ وَاقِعٌۢ بِهِمْ (۲۲:۴۲)
تم دیکھو گے کہ ظالم اپنے اعمال (کے وبال) سے ڈر رہے ہوں گے اور وہ ان پر پڑے گا۔
(۳) آ کر رہے گا۔
اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ (۷:۵۲)
بے شک تمہارے پروردگار کا عذاب آ کر رہے گا۔
وَقْعَةٌ (اسم المرۃ) ہونی۔ ہونی ہوگزرنا۔
لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ (۲:۵۶)
اس کے واقع ہونے میں کچھ جھوٹ نہیں
الْوَاقِعَةُ (اسم فاعل واحد مؤنث) وہ واقعہ یا ہونی جو یقیناً ہوکر رہے گی۔ آخرت کا اٹل دن۔

اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ (۱:۵۶)
جب واقع ہونے والی واقع ہو جائے۔
يُوْقِعَ معتل باب افعال (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ ڈال دیتا ہے
اَوْقَعَ يُوْقِعُ اِيْقَاعًا (باب افعال) ۔ ڈلوا دیتا ہے۔ دشمنی ابھارتا ہے۔
اِنَّمَا يُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّوْقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ (۹۱:۵)
شیطان تو یہ چاہتا ہے کہ شراب اور جوئے کے سبب تمہارے آپس میں رنجش اور دشمنی ڈلوا دے۔
مُوَاقِعُوْا ن ساقط باب افعال (اسم فاعل جمع مذکر) گر پڑنے والے۔
مَوَاقِعُ (اسم ظرف، جمع) جگہیں
مَوَاقِعُ النُّجُوْمِ ستارے کی جگہیں یا غروب ہونے کے اوقات

و ق ف ☆

وُقِفُوْا معتل (فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب) وہ روکے گئے۔
وَقَفَ يَقِفُ وُقُوْفًا (ض) کھڑے ہونا۔ کھڑے رکھنا۔
قِفُوْا معتل (فعل امر جمع مذکر حاضر) کھڑے رہو۔
قِفُوْهُمْ انہیں کھڑے رکھو۔
مَوْقُوْفُوْنَ معتل (اسم مفعول جمع مذکر) جنہیں روکا گیا ہو/ کھڑے رکھا گیا ہو۔

و ق ی ☆

وَقٰى معتل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے بچایا۔ محفوظ رکھا۔ خراب ہونے سے بچانا۔ مدافعت کی
وَقٰى يَقِيْ وِقَايَةً وَ وَقْيًا (ض) بچانا۔ محفوظ رکھنا۔ دشمنوں سے بچانا (پکھال)
فَوَقٰىهُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِ مَا مَكَرُوْا (۴۵:۴۰)
غرض خدا سے (موسیٰ کو) ان لوگوں کی تدبیروں کی برائیوں سے محفوظ رکھا۔
تَقِيْ معتل (فعل مضارع واحد مؤنث غائب) بچاتی ہے۔
وَجَعَلَ لَكُمْ سَرَابِيْلَ تَقِيْكُمُ الْحَرَّ وَسَرَابِيْلَ تَقِيْكُمْ بَاْسَكُمْ (۸۱:۱۶)
اور تمہارے لئے کرتے بنائے جو تم کو گرمی سے بچائیں اور ایسے کرتے بھی جو تم کو اسلحہ جنگ کے اثر سے محفوظ رکھیں۔
تَقِ معتل ی ساقط (فعل مضارع واحد مذکر حاضر) تو بچاتا ہے۔
وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ (۹:۴۰)
اور جس کو تو اس روز عذابوں سے بچالے گا تو بیشک اس پر مہربانی فرمائی۔
قِ معتل (فعل امر واحد مذکر) بچا، محفوظ رکھ۔
وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ (۲۰۱:۲)
اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے محفوظ رکھیو
قُوْا معتل (فعل امر جمع مذکر) بچاؤ۔ محفوظ رکھو۔
قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا (۶:۶۶)
اپنے آپ کو اور اپنے اہل وعیال کو جہنم کی آگ سے بچاؤ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

يُوْقَ معتل ی ساقط (فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب) جو بچا جاتا ہے یا بچایا جائے۔

وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ (۹:۵۹)

اور جو شخص حرص نفس سے بچالیا گیا تو ایسے ہی لوگ مراد پانے والے ہیں۔

وَاقٍ (معتل) بجائے وَاقِيْ (اسم فاعل واحد مذکر) محافظ بچانے والا

اتَّقٰى معتل باب افتعال (فعل مضارع واحد مذکر غائب) جس نے تقویٰ اختیار کیا۔

اتَّقٰى يَتَّقِيْ اِتِّقَاءٌ باب افتعال ڈرنا۔ نیک ہونا۔ شر سے بچ رہنا۔ خدا کو یاد رکھنا۔ خدا کے فرائض کو ادا کرنا۔

اتَّقَوْا معتل باب افتعال (فعل ماضی ماضی جمع مذکر غائب) وہ خدا سے ڈرے۔

اِتَّقَيْتُنَّ معتل باب افتعال (فعل ماضی جمع مؤنث حاضر) تم متقی ہو یا تم نیکوکار ہو۔

اِنِ اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ (۳۲:۳۳)

اگر تم پرہیزگار رہنا چاہتی ہو تو اجنبی شخص سے نرم نرم باتیں نہ کرو۔

تَتَّقُوْنَ معتل باب افتعال (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم خدا سے ڈرتے ہو۔

لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ (۲۱:۲)

تا کہ تم اس کے عذاب سے بچو۔

تَتَّقُوْا معتل باب افتعال ن ساقط (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) کہ تم خدا سے ڈرو۔

وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰهَ عُرْضَةً لِّاَيْمَانِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْا وَتَتَّقُوْا (۲:۲۲۴)

اور خدا (کے نام) کو اس بات کا حیلہ نہ بنانا کہ اس کی قسمیں کھا کھا کر حسن سلوک کرنے اور لوگوں میں صلح و سازی کرانے سے رک جاؤ۔

لِيَتَّقِ معتل باب افتعال لام امر (فعل مضارع واحد مذکر غائب) اسے ڈرنا چاہیے۔

يَتَّقِهِ وہ اس سے ڈرے

يَتَّقُوْا معتل باب افتعال (فعل مضارع جمع مذکر غائب) کہ وہ ڈرتے ہیں۔

فَلْيَتَّقُوا اللّٰهَ پس وہ اللہ سے ڈریں

يَتَّقِيْ معتل باب افتعال (فعل مضارع واحد مذکر غائب) ٹکرائے گا یا بچائے گا۔

اَفَمَنْ يَّتَّقِيْ بِوَجْهِهٖ سُوْٓءَ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ (۲۴:۳۹)

بھلا جو شخص قیامت کے دن اپنے چہرے سے بُرے عذاب کو روکتا ہو (کیا وہ ویسا ہوسکتا ہے جو چین میں ہو)؟

اتَّقِ معتل باب افتعال (فعل امر واحد مذکر) ڈر۔ خوف کر

اتَّقِ اللّٰهَ: اللہ سے ڈر۔

اتَّقُوْا معتل باب افتعال (فعل امر جمع مذکر حاضر) تم ڈرو، خوف کرو۔

فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْ وَقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ (۲۴:۲)

تو اس آگ سے ڈرو جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہوں گے۔

اتَّقُوْنِ مرکب لفظ از اتَّقُوْ + ن بجائے نِيْ۔ بمعنی میرے لئے۔

اتَّقِيْنَ معتل باب افتعال (فعل امر جمع مؤنث حاضر) عورتو! ڈرو

اتَّقِيْنَ اللّٰهَ۔ عورتو! اللہ سے ڈرو

الْمُتَّقُوْنَ مرفوع، معتل (اسم فاعل جمع مذکر) متقی لوگ

الْمُتَّقِيْنَ منصوب معتل (اسم فاعل جمع مذکر) متقی یا پرہیزگار لوگ

الْاَتْقٰي / اَتْقٰى (اسم تفضیل) سب سے زیادہ متقی۔

اَتْقٰكُمْ تم میں سے متقی ترین

تَقِيًّا منصوب تَقِيٌّ (اسم فاعل واحد مذکر)

تُقَاةٌ (اسم مصدر) ڈرنا خوف کرنا۔

اِتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ (۱۰۲:۳)

خدا سے ڈرو جیسا کہ اس سے ڈرنے کا حق ہے۔

تَقْوٰى / التَّقْوٰى بچاؤ۔ خوف

قرآن کی مخصوص اصطلاح کے طور پر یہ لفظ مختلف سیاق وسباق میں استعمال ہوا ہے اور اس کا اسی لحاظ سے اس کے مختلف ترجمے کیے گئے ہیں۔ قرآن کے مترجمین نے اپنی اپنی رائے اور نقطہ نظر کے مطابق اس لفظ کا صحیح ترجمہ پیش کرنے کی کوشش کی ہے جس کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

خدا ترس، خدا آگاہ یا خدا شناس۔ شر سے بچنا۔ نیکوکاری۔ راستبازی۔ خدا کی اطاعت۔ برائیوں سے بچنا۔ اور ڈرنا وغیرہ۔

سیاق وسباق لفظ کا ذیل میں ترجمہ کیا گیا ہے:۔ (۱) پرہیزگاری

وَتَزَوَّدُوْا فَاِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى (۱۹۷:۲)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

اور زادراہ (یعنی رستے کا خرچ) ساتھ لے جاؤ کیونکہ بہتر (فائدہ) زادراہ (کا) پرہیزگاری ہے۔

(۲) نیکوکاری۔

وَاَنْ تَعْفُوْا اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى
(۲:۲۳۷)

اور اگر تم مرد لوگ ہی اپنا حق چھوڑ دو تو یہ پرہیزگاری کی بات ہے/ نیکوکاری ہے۔

(۳) ڈر۔خوف

هُوَ اَهْلُ التَّقْوٰى وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ
(۷۴:۵۶)

وہی ڈرنے کے لائق اور بخشش کا مالک ہے

(۴) شر سے بچاؤ۔

وَالَّذِيْنَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى وَّاٰتٰهُمْ تَقْوٰهُمْ (۴۷:۱۷)

اور جو لوگ ہدایت یافتہ ہیں' ان کو وہ ہدایت مزید بخشا اور پرہیزگاری عنایت کرتا ہے۔
تقویٰ کی شرح مختلف طریقوں سے کی گئی ہے مثلاً: زندگی کے ہر معاملے میں احکام الٰہی کی پابندی کرنا۔ (عبدالماجد دریاآبادی)

و ک أ ☆

اَتَوَكَّأُ مہموز معتل باب تفعل (فعل مضارع واحد متکلم) میں جھکتا ہوں
اس مادے کا ثلاثی وزن "وَكَأَ" استعمال نہیں کیا گیا۔
وَاتَّكَأَ باب افتعال اُوْكَأَ باب افعال وَتَوَكَّأَ باب تفعل جھکنا' سہارا لینا
مُتَّكِئُوْنَ باب افتعال (مہموز ومعتل) (اسم فاعل جمع مذکر)
مُتَّكِئِيْنَ (منصوب) سہارا لئے ہوئے لوگ۔

مُتَّكَأً (باب افتعال مہموز ومعتل اور اسم ظرف) صوفہ۔تکیہ

و ک د ☆

تَوْكِيْدٌ (معتل باب تفعیل اسم مصدر) پختہ کرنا۔تاکید کرنا
وَكَدَ يَكِدُ (ض) وَ وَكَّدَ تَوْكِيْدًا (باب تفعیل) ثابت قدم رہنا۔تاکید کرنا۔ پکا کرنا۔

و ک ز ☆

وَكَزَ معتل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) مُکا مارنا۔
وَكَزَ يَكِزُ وَكْزًا (ض) مکے سے مارنا

و ک ل ☆

وَكَّلْنَا معتل باب تفعیل (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے تفویض کیا
وَكَّلَ تَوْكِيْلًا (باب تفعیل) وکیل مقرر کرنا۔یا سرپرست مقرر کرنا۔کسی کو کسی چیز کی نگرانی سونپنا۔
وَكَلَ يَكِلُ وَكْلًا (ض) اِلٰى معتل کسی پر اعتماد کرنا۔ اپنے معاملات کسی کے ذمے لگانا۔
وُكِّلَ ۔ ب معتل باب تفعیل (فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب) ذمہ لگایا گیا۔

قُلْ يَتَوَفّٰكُمْ مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِىْ وُكِّلَ بِكُمْ (۳۲:۱۱)

کہہ دو کہ موت کا فرشتہ جو تم پر مقرر کیا گیا ہے تمہاری روحیں قبض کرلیتا ہے۔

تَوَكَّلْتُ معتل باب تفعل (فعل ماضی واحد متکلم) میں نے توکل کیا۔
تَوَكَّلَ تَوَكُّلًا (باب تفعل) خدا پر بھروسہ کرنا۔
تَوَكَّلْنَا معتل باب تفعل (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے خدا پر بھروسہ کیا۔
تَوَكَّلْ معتل باب تفعل (فعل امر واحد مذکر) تو توکل کر۔
تَوَكَّلُوْا معتل باب تفعل (فعل امر جمع مذکر حاضر) تم توکل کرو
يَتَوَكَّلْ ساکن' معتل' باب تفعل (فعل مضارع واحد مذکر غائب) کہ وہ توکل کرتا ہے۔

وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ (۸:۴۹)

اور جو شخص خدا پر بھروسہ رکھتا ہے تو خدا غالب حکمت والا ہے۔

لِيَتَوَكَّلْ لام امر' معتل باب تفعل (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ توکل کرے۔

وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ
(۳:۱۶۰)

اور مومنوں کو چاہئے کہ خدا پر بھروسہ رکھیں

نَتَوَكَّلُ معتل باب تفعل (فعل مضارع جمع متکلم) ہم توکل کرتے ہیں
الْمُتَوَكِّلُوْنَ معتل باب تفعل (اسم فاعل جمع مذکر) وہ جو خدا پر توکل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

کرتے ہیں۔

الْوَكِيْلُ معتل (اسم فاعل واحد مذکر) جو کسی دوسرے کی چیز کا دھیان کرے امین/ ضامن/ لین دین میں گواہ۔ سرپرست کارساز۔

وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا (۴:۸۱)

اور خدا ہی کافی کارساز ہے۔

ول ت ☆

يَلِتْ ساکن۔ معتل (فعل مضارع واحد مذکر غائب) کم کرے گا

وَلَتَ يَلِتُ وَلْتًا (ض)

روکنا۔ کم کرنا۔

وَاِنْ تُطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَا يَلِتْكُمْ مِّنْ اَعْمَالِكُمْ شَيْئًا (۴۹:۱۴)

اگر تم خدا اور اس کے رسول ﷺ کی فرماں برداری کرتے رہو گے تو خدا تمہارے اعمال میں سے کچھ کم نہیں کرے گا۔

ول ج ☆

يَلِجُ معتل (فعل مضارع واحد مذکر غائب) گزرے گا۔ داخل ہوگا۔

وَلَجَ يَلِجُ وُلُوْجًا (ض) فی معتل داخل ہونا۔ گھس جانا۔ درمیان میں سے گزرنا

يُوْلِجُ معتل باب افعال (فعل مضارع واحد مذکر غائب) داخل کرتا ہے۔

تُوْلِجُ معتل باب افعال (فعل مضارع واحد مذکر حاضر) تو داخل کرتا ہے۔

وَلِيْجَةً معتل (اسم فاعل واحد مؤنث) بے تکلف دوست۔ شناسا ساتھی

ول د ☆

وَلَدَ معتل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے جنا۔

وَلَدَ يَلِدُ وِلَادَةً وَ وِلَادًا وَ مَوْلِدًا (ض)

پیدا کرنا۔ جننا (بچہ یا بچی)

اَلَاۤ اِنَّهُمْ مِّنْ اِفْكِهِمْ لَيَقُوْلُوْنَ وَلَدَ اللّٰهُ ۙ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ (۳۷:۱۵۱-۱۵۲)

دیکھو یہ اپنی جھوٹ بنائی ہوئی (بات) کہتے ہیں کہ اللہ کی اولاد ہے کچھ شک نہیں کہ یہ جھوٹے ہیں۔

وَلَدْنَ معتل (فعل ماضی جمع مؤنث غائب) ان عورتوں نے جنا

وَلَدْنَهُمْ ان عورتوں نے انہیں جنا

وُلِدَ معتل (فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب) وہ جنا گیا۔

وُلِدْتُ معتل (فعل ماضی مجہول واحد متکلم) میں جنا گیا۔

يَلِدُ ساکن معتل (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ جنتا ہے۔

لَمْ يَلِدْ اس نے نہیں جنا

يَلِدُوْا منصوب معتل (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ جنیں گے۔

لَا يَلِدُوْا وہ نہیں جنیں گے۔

اَلِدُ معتل (فعل مضارع واحد متکلم) میں جنوں گا۔

ءَ اَلِدُ وَاَنَا عَجُوْزٌ (۱۱:۷۲)

کیا میں بچہ جنوں گی؟ میں تو بڑھیا ہوں

يُوْلَدُ ساکن۔ معتل (فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب) جنا جاتا ہے۔

لَمْ يُوْلَدْ جنا نہیں گیا۔

وَلَدٌ (اسم) (۱) بچہ

قَالَتْ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ وَلَدٌ وَّلَمْ يَمْسَسْنِيْ بَشَرٌ (۳:۴۷)

مریم نے کہا میرے پروردگار! میرے بچہ کیسے ہوگا کہ کسی انسان نے مجھے ہاتھ تو لگایا نہیں۔

(۲) بیٹا۔

اِنْ كَانَ لَهٗ وَلَدٌ فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلَدٌ (۴:۱۱)

بشرطیکہ میت کے اولاد ہو تو اگر اس کے اولاد نہ ہو۔

(۳) بچے (بطور اسم جمع)

اِنْ تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ مِنْكَ مَالًا وَّوَلَدًا (۱۸:۳۹)

اگر تم مال و اولاد میں مجھے اپنے سے کمتر دیکھتے ہو۔

الْاَوْلَادُ/ اَوْلَادًا منصوب (اسم جمع) بچے۔ اولاد۔

وَالِدٌ (اسم فاعل واحد مذکر) باپ۔ جننے والا۔

وَالِدَةٌ (اسم فاعل واحد مؤنث) ماں

الْوَالِدَانِ / الْوَالِدَيْنِ والدین ماں باپ۔

وَالِدَيْكَ تیرے ماں باپ

وَالِدَيْهِ اس کے ماں باپ

وَالِدَيَّ میرے ماں باپ

وِلْدَانٌ (اسم جمع) بچے لڑکے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ (۱۷:۵۶)

نوجوان خدمت گزار جو ہمیشہ ایک ہی حالت میں رہیں گے ان کے آس پاس پھریں گے۔

وَلِيْدٌ (اسم مفعول واحد مذکر) بچہ

مَوْلُوْدٌ/ اَلْمَوْلُوْدُ (اسم مفعول واحد مذکر) جنا ہوا بچہ۔

مَوْلُوْدٌ لَّهٗ باپ جس کا جنا ہوا بچہ ہو۔

و ل ی ☆

يَلُوْنَ معتل (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ قریب (ہوتے) ہیں

وَلِيَ يَلِيْ وَ وَلِيَ يَلِيْ وَلْيًا وَ وِلَايَةٌ (ح' ض) معتل

قریب ہونا۔ قریب، پیروی کرنا۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَاتِلُوا الَّذِيْنَ يَلُوْنَكُمْ مِّنَ الْكُفَّارِ (۹:۱۲۳)

اے اہل ایمان اپنے نزدیک رہنے والے کافروں سے جنگ کرو۔

وَلّٰى معتل باب تفعیل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) وہ مڑا۔

وَلّٰى يُوَلِّيْ تَوْلِيَةً عَنْ باب تفعیل معتل (۱) کسی سے مڑ جانا۔ واپس مڑنا

(۲) فعل متعدی۔ موڑنا۔

(۳) ایک چیز کو دوسری کے قریب رکھنا۔

وَلّٰى مُدْبِرًا وَّلَمْ يُعَقِّبْ (۲۷:۱۰)

پیٹھ پھیر کر بھاگے اور پیچھے مڑ کر نہ دیکھا۔

وَلّٰى مُسْتَكْبِرًا (۳۱:۷)

تو اکڑ کر منہ پھیر لیتا ہے۔

(۲) عَنْ: فعل متعدی پھیر دیا۔

سَيَقُوْلُ السُّفَهَآءُ مِنَ النَّاسِ مَا وَلّٰىهُمْ عَنْ قِبْلَتِهِمُ (۲:۱۴۲)

احمق لوگ کہیں گے کہ مسلمان جس قبیلے پر (پہلے سے چلے آتے) تھے (اب) اس سے کیوں منہ پھیر بیٹھے۔

وَلَّيْتَ معتل باب تفعیل (فعل ماضی واحد مذکر حاضر) تو نے موڑا/ پھیرا

لَوِ اطَّلَعْتَ عَلَيْهِمْ لَوَلَّيْتَ مِنْهُمْ فِرَارًا (۱۸:۱۸)

اگر تم ان کو جھانک کر دیکھتے تو پیٹھ پھیر کر بھاگ جاتے۔

وَلَّوْا۔ اِلٰى معتل باب تفعیل (فعل ماضی جمع مذکر غائب) انہوں نے منہ پھیرا۔

لَوْ يَجِدُوْنَ مَلْجَاً اَوْ مَغٰرٰتٍ اَوْ مُدَّخَلًا لَّوَلَّوْا اِلَيْهِ وَهُمْ يَجْمَحُوْنَ (۹:۵۷)

اگر ان کو کوئی بچاؤ کی جگہ جیسے (قلعہ) یا غار و مغاک یا (زمین کے اندر) گھسنے کی جگہ مل جائے تو اسی طرف رسیاں تڑاتے ہوئے بھاگ جائیں۔

وَلَّيْتُمْ معتل باب تفعیل (فعل ماضی جمع مذکر حاضر) تم نے منہ موڑا۔

يُوَلِّيْ معتل باب تفعیل (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ منہ پھیرتا ہے۔

وَمَنْ يُّوَلِّهِمْ يَوْمَئِذٍ دُبُرَهٗ (۸:۱۶)

اور جو شخص جنگ کے روز ان سے پیٹھ پھیرے گا۔

يُوَلُّنَّ لام تاکید ونون ثقیلہ معتل باب تفعیل۔ وہ منہ پھیریں گے

وَلَئِنْ نَّصَرُوْهُمْ لَيُوَلُّنَّ الْاَدْبَارَ (۵۹:۱۲)

اور اگر مدد کریں گے تو پیٹھ پھیر کر بھاگ جائیں گے۔

يُوَلُّوْنَ (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ منہ پھیریں گے۔

لَا يُوَلُّوْنَ وہ منہ نہیں پھیریں گے

يُوَلُّوْا معتل باب تفعیل ن ساقط (فعل مضارع جمع مذکر غائب) کہ وہ منہ پھیریں گے۔

تُوَلُّوْنَ معتل باب تفعیل (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم منہ پھیرو گے

تُوَلُّوْا معتل باب تفعیل ن ساقط کہ تم منہ پھیرو گے۔

لَا تُوَلُّوْا معتل باب تفعیل (فعل امر جمع مذکر) منہ مت پھیرو۔

نُوَلِّيْ معتل باب تفعیل (فعل مضارع جمع متکلم) (۱) ہم مسلط کریں گے۔

وَكَذٰلِكَ نُوَلِّيْ بَعْضَ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضًا (۶:۱۲۹)

اور اسی طرح ہم ظالموں کو ایک دوسرے پر مسلط کریں گے۔

(۲) ہم منہ پھیریں گے۔ (فعل متعدی)

لَنُوَلِّيَنَّ لام تاکید ونون ثقیلہ معتل و باب تفعیل (فعل مضارع و جمع متکلم) ہم ضرور ان کے منہ پھیریں گے۔

فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰهَا (۲:۱۴۴)

سو ہم تم کو اسی قبلہ کی طرف جس کو تم پسند کرتے ہو منہ کرنے کا حکم دیں گے۔

(۳) ہم پیروی کرنے دیں گے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰی (۴:۱۱۵)
تو جدھر وہ چلتا ہے ہم اسے ادھر ہی چلنے دیں گے۔

وَلِّ معتل باب تفعیل (فعل امر واحد مذکر) تو منہ پھیر۔

وَلُّوا معتل باب تفعیل (فعل امر جمع مذکر حاضر) تم منہ پھیرو۔

نوٹ:۔فعل وَلّٰی سے مراد ''منہ پھیر لینا'' ہے جب اس کا مفعول مباشر ہو یا اس حالت میں عن صلہ ہو راغب اصفہانی کی رائے کے مطابق عن کو مقدر مانا جاتا ہے دوسرے مفعول کی طرف متعدی ہونے کی صورت میں اس فعل وَلّی سے مراد قریب ہونا ہے۔

تَوَلّٰی معتل باب تفعل
(فعل ماضی واحد مذکر غائب) (۱) اس نے منہ پھیر لیا یا وہ پھر گیا۔
تَوَلّٰی تَوَلِّیًا مڑنا۔لوٹ کر جانا۔
وَاِذَا تَوَلّٰی سَعٰی فِی الْاَرْضِ لِیُفْسِدَ فِیْهَا (۲:۲۰۵)
اور جب پیٹھ پھیر کر چلا جاتا ہے تو زمین میں دوڑتا پھرتا ہے تا کہ اس میں فتنہ انگیزی کرے۔
(۲) ذمہ لینا۔بوجھ اٹھانا۔
وَالَّذِیْ تَوَلّٰی کِبْرَهٗ مِنْهُمْ (۲۴:۱۱)
اور جس نے ان میں سے بہتان کا بڑا بوجھ اٹھایا ہے۔
(۳) اِلٰی ایک طرف مڑنا
ثُمَّ تَوَلّٰی اِلَی الظِّلِّ (۲۸:۲۴)
پھر سائے کی طرف چلے گئے۔
(۴) دوست بنایا
کُتِبَ عَلَیْهِ اَنَّهٗ مَنْ تَوَلَّاهُ فَاَنَّهٗ یُضِلُّهٗ (۲۲:۴)
جس کے بارے میں لکھ دیا گیا ہے کہ جو اسے دوست رکھے گا تو وہ اسے گمراہ کر دے گا۔

تَوَلَّوْا معتل باب تفعیل
(فعل ماضی جمع مذکر غائب) (۱) وہ منہ پھیر کر چلے گئے۔
وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا هُمْ فِیْ شِقَاقٍ (۲:۱۳۷)
اور اگر منہ پھیریں (اور نہ مانیں) تو وہ (تمہارے) مخالف ہیں۔
(۲) وہ دوست بناتے ہیں۔
اِنَّمَا یَنْهٰکُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِیْنَ قٰتَلُوْکُمْ فِی الدِّیْنِ وَاَخْرَجُوْکُمْ مِّنْ دِیَارِکُمْ وَظٰهَرُوْا عَلٰٓی اِخْرَاجِکُمْ اَنْ تَوَلَّوْهُمْ (۶۰:۹)
خدا ان ہی لوگوں سے تم کو دوستی سے منع کرتا ہے جنہوں نے تم سے دین کے بارے میں لڑائی کی اور تم کو تمہارے گھروں سے نکالا اور تمہارے نکالنے میں اوروں کی مدد کی۔

تَوَلَّیْتُمْ معتل باب تفعیل
(فعل ماضی جمع مذکر حاضر) تم منہ پھیر کر چلے گئے۔

یَتَوَلّٰی معتل باب تفعیل
(فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ منہ پھیرتا ہے (گروہ کی صورت میں) وہ منہ پھیرتے ہیں۔
ثُمَّ یَتَوَلّٰی فَرِیْقٌ مِّنْهُمْ وَهُمْ مُّعْرِضُوْنَ (۳:۲۳)
تو ان میں سے ایک فریق کج ادائی کے ساتھ منہ پھیر لیتا ہے۔
(۲) بطور استعارہ: بچاتا ہے۔دفاع کرتا ہے۔لفظی ترجمہ: دوستی کا معاملہ کرتا ہے۔
وَهُوَ یَتَوَلَّی الصّٰلِحِیْنَ (۷:۱۹۶)
وہی نیک لوگوں کا دوستدار ہے۔

یَتَوَلَّ معتل باب تفعیل
(مَنْ کے بعد یتولی کا آخری حرف ساقط ہو گیا)۔(فعل مضارع واحد مذکر غائب (۱) دوست بنائے۔
وَمَنْ یَّتَوَلَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا فَاِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغٰلِبُوْنَ (۵:۵۶)
اور جو شخص خدا اور اس کے پیغمبر اور مومنوں سے دوستی کرے گا (تو وہ خدا کی جماعت میں داخل ہو گا) اور خدا کی جماعت ہی غلبہ پانے والی ہے۔
(۲) پیٹھ پھیرتا ہے۔روگردانی کرتا ہے۔
وَمَنْ یَّتَوَلَّ یُعَذِّبْهُ عَذَابًا اَلِیْمًا (۴۸:۱۷)
اور جو روگردانی کرے گا اسے بُرے دکھ کی سزا دے گا۔

یَتَوَلَّوْنَ معتل باب تفعیل
(فعل مضارع جمع مذکر غائب (۱) وہ روگردانی کرتے ہیں۔
ثُمَّ یَتَوَلَّوْنَ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِکَ وَمَآ اُولٰٓئِکَ بِالْمُؤْمِنِیْنَ (۵:۴۳)
پھر اس کے بعد اس سے پھر جاتے ہیں اور یہ لوگ ایمان ہی نہیں رکھتے۔
(۲) وہ دوست بناتے ہیں۔
تَرٰی کَثِیْرًا مِّنْهُمْ یَتَوَلَّوْنَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا (۵:۸۰)
تم ان میں سے بہتوں کو دیکھو گے کہ کافروں سے دوستی رکھتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

یَتَوَلَّوْا معتل باب تفعیل
ن ساقط (فعل مضارع جمع مذکر) وہ لوٹ جاتے ہیں-

وَاِنْ تُصِبْکَ مُصِیْبَةٌ یَّقُوْلُوْا قَدْ اَخَذْنَآ اَمْرَنَا مِنْ قَبْلُ وَیَتَوَلَّوْا وَّھُمْ فَرِحُوْنَ (۹:۵۰)

اور اگر کوئی مشکل آ پڑتی ہے تو کہتے ہیں ہم نے پہلے ہی اپنا کام درست کرلیا تھا اور خوشیاں مناتے لوٹ جاتے ہیں-

(۲) وہ دوست بناتے ہیں

اِنَّمَا سُلْطٰنُهٗ عَلَى الَّذِیْنَ یَتَوَلَّوْنَهٗ وَالَّذِیْنَ هُمْ بِهٖ مُشْرِكُوْنَ (۱۶:۱۰۰)

اس کا زور انہی لوگوں پر چلتا ہے جو اس کو رفیق بناتے ہیں اور اس کے (وسوسے کے) سبب (خدا کے ساتھ) شریک مقرر کرتے ہیں-

تَتَوَلَّوْا معتل باب تفعل
ن ساقط (فعل مضارع جمع مذکر حاضر (اگر) تم پیٹھ پھیرو-

تَوَلَّ معتل باب تفعل (فعل امر واحد مذکر حاضر) منہ موڑو- پھر جاؤ-

لَا تَتَوَلَّوْا معتل باب تفعل
(فعل امر جمع مذکر) منہ مت موڑو-

وَالٍ معتل- فعل ثلاثی
(آخری حرف ساقط) (اسم فاعل واحد مذکر)- مددگار- والی- محافظ- دوست

مَالَھُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّالٍ (۱۳:۱۱)

اور خدا کے سوا ان کا کوئی مددگار نہیں ہوتا-

وَلِیٌّ/ وَلِیًّا منصوب اَلْوَلِیُّ
(۱) محافظت کرنے والا- دوست مدافعت کرنے والا-

اَللّٰهُ وَلِیُّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا (۲:۲۵۷)

جو لوگ ایمان لائے ہیں ان کا دوست خدا ہے-

وَکَفٰی بِاللّٰهِ وَلِیًّا (۴:۴۵)

اور خدا ہی کافی کارساز ہے-

وَھُوَ الْوَلِیُّ الْحَمِیْدُ (۴۲:۲۸)

اور وہ کارساز اور سزاوار تعریف ہے-

(۲) وارث یا جانشین

وَکَانَتِ امْرَاَتِیْ عَاقِرًا فَھَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْکَ وَلِیًّا (۱۹:۵)

اور میری بیوی بانجھ ہے تو مجھے اپنے پاس سے ایک وارث عطا فرما

(۳) سرپرست-

فَلْیُمْلِلْ وَلِیُّهٗ بِالْعَدْلِ (۲:۲۸۲)

تو جو اس کا ولی ہو وہ انصاف کے ساتھ مضمون لکھوائے-

(۴) وارث

وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُوْمًا فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِیِّهٖ سُلْطٰنًا (۱۷:۳۳)

اور جو شخص ظلم سے قتل کیا جائے ہم نے اس کے وارث کو اختیار دیا ہے-

اَوْلِیَآءُ (اسم جمع) محافظ- دوست ساتھی- وارث- مفرد وَلِیٌّ

اَلْوِلَایَةُ (اسم مصدر)

ھُنَالِکَ الْوَلَایَةُ لِلّٰهِ الْحَقِّ (۱۸:۴۴)

یہاں (سے ثابت ہوا کہ) حکومت سب خدائے برحق ہی کی ہے-

(۲) وارثت

وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ یُهَاجِرُوْا مَا لَکُمْ مِّنْ وَّلَایَتِهِمْ مِّنْ شَیْءٍ (۸:۷۲)

اور جو لوگ ایمان تو لے آئے لیکن ہجرت نہیں کی تو جب تک وہ ہجرت نہ کریں تم کو ان کی رفاقت سے کوئی سروکار نہیں-

یہاں لفظ ولایۃ' کا لفظی ترجمہ' حفاظت' بھی کیا جا سکتا تھا جس طرح کہ دوسرے مفسرین نے کیا ہے جب کہ طبری کی رائے یہ ہے کہ یہ اصطلاح ان مہاجرین کے لئے استعمال ہوئی ہے جو مکہ سے مدینہ ہجرت کرکے آئے جہاں انصار مدینہ نے ان کا گرم جوشی سے استقبال کیا- انہیں دوسری مہمان نوازی اور سہولتیں دی گئیں- انہیں وراثت میں بھی حصہ دیا گیا اب ظاہر ہے کہ یہ سہولت ان کو نہیں دی جا سکتی تھی جنہوں نے مہاجرین کی طرح اسلام کی خاطر اپنا گھر بار نہیں چھوڑا-

اَوْلٰی معتل (اسم تفضیل)
(۱) زیادہ قریب- بہت زیادہ قریب-

اِنَّ اَوْلَی النَّاسِ بِاِبْرٰھِیْمَ لَلَّذِیْنَ اتَّبَعُوْهُ (۳:۶۸)

ابراہیمؑ سے قرب رکھنے والے تو وہ لوگ ہیں جو ان کی پیروی کرتے ہیں-

(۲) قریب ترین

اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ (۳۳:۶)

پیغمبر مومنوں پر ان کی جانوں سے بھی زیادہ حق رکھتے ہیں-

(۳) لَ

اَوْلٰی لَکَ فَاَوْلٰی ثُمَّ اَوْلٰی لَکَ فَاَوْلٰی (۷۵:۳۴'۳۵)

افسوس ہے تجھ پر پھر افسوس ہے تجھ پر
نیز دیکھئے (۴۷:۲۰)

اَلْاَوْلَیٰنِ معتل (اسم تفضیل مثنی)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

قریب ترین دو۔
مَوْلیٰ / الْمَوْلیٰ معتل باب افعال
(اسم فاعل واحد مذکر) (۱) سرپرست
ذٰلِکَ بِاَنَّ اللّٰہَ مَوْلَی الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا
(۱۱:۴۷)
یہ اس لئے کہ جو مومن ہیں ان کا خدا کارساز ہے۔
(۲) دوست
یَوْمَ لَا یُغْنِیْ مَوْلًی عَنْ مَّوْلًی شَیْئًا (۴۱:۴۴)
جس دن کوئی دوست کسی دوست کے کچھ کام نہیں آئے گا۔
(۳) مالک
اَحَدُھُمَآ اَبْکَمُ لَا یَقْدِرُ عَلٰی شَیْءٍ وَّھُوَ کَلٌّ عَلٰی مَوْلٰہُ (۷۶:۱۶)
ایک ان میں سب سے گونگا ہے (اور دوسرے کی ملک ہے بے اختیار و ناتوان) کہ کسی چیز پر قدرت نہیں رکھتا اور اپنے مالک کو دوبھر ہو رہا تھا۔ (۴) محافظ، مالک، دوست، مہربان
اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ (۲۸۶:۲)
تو ہی ہمارا مالک ہے اور ہم کو کافروں پر غالب فرما۔
مَوَالِیَ / الْمَوَالِیْ (اسم جمع) وارث
مفرد: مَوْلیٰ
وَلِکُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِیَ مِمَّا تَرَکَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ (۳۳:۴)
اور جو ماں باپ اور رشتہ دار چھوڑ مریں (تو حقداروں میں تقسیم کردو) کہ ہم نے ہر ایک کے حق دار مقرر کر دیے ہیں۔
(۲) رشتہ دار
وَاِنِّیْ خِفْتُ الْمَوَالِیَ مِنْ وَّرَآءِیْ (۵:۱۹)
اور میں اپنے بعد اپنے بھائی بندوں سے ڈرتا ہوں۔
(۳) تعلق دار۔ شریک کار۔
فَاِنْ لَّمْ تَعْلَمُوْٓا اٰبَآءَھُمْ فَاِخْوَانُکُمْ فِی الدِّیْنِ وَمَوَالِیْکُمْ
(۳۳:۵)
اگر تم کو ان کے باپوں کے نام معلوم نہ ہوں تو دین میں تمہارے بھائی اور دوست ہیں۔
مُوَلِّیْ معتل باب تفعیل (اسم فاعل واحد مذکر) کسی کی طرف منہ کرنے والا۔
وَلِکُلٍّ وِّجْھَۃٌ ھُوَ مُوَلِّیْھَا
(۱۴۸:۲)
اور ہر ایک (فرقے) کے لئے ایک سمت (مقرر) ہے جس طرف کو (عبادت کے وقت) منہ کیا کرتے ہیں۔

و ن ی ☆

لَا تَنِیَا معتل (فعل نہی تثنیہ مذکر حاضر) تم دوستی مت کرنا۔
وَنیٰ یَنِیْ وَنیاً (ض) فِیْ معتل سست یا لاپرواہ ہونا۔
اِذْھَبْ اَنْتَ وَاَخُوْکَ بِاٰیٰتِیْ وَلَا تَنِیَا فِیْ ذِکْرِیْ (۴۲:۲۰)
تو تم اور تمہارا بھائی دونوں ہماری نشانیاں لے کر جاؤ اور میری یاد میں سستی نہ کرنا

و ہ ب ☆

وَھَبَ معتل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے بخشش کی۔
وَھَبَ یَھَبُ وَھْباً وَّ ھِبَۃً (ف)
بخشنا۔ بطور تحفہ دینا۔ نذر کرنا۔ بطور ہدیہ پیش کرنا۔ عنایت کرنا۔
وَھَبَتْ معتل (فعل ماضی واحد مؤنث غائب) اس نے ہبہ کر دیا / بخش دیا
وَامْرَاَۃً مُّؤْمِنَۃً اِنْ وَّھَبَتْ نَفْسَھَا
(۵۰:۳۳)
اور کوئی مومن عورت اگر اپنے تئیں پیغمبر کو بخش دے۔
وَھَبْنَا معتل (فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے بخش دیا
یَھَبُ معتل (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ بخشتا ہے۔
اَھَبُ معتل (فعل مضارع واحد متکلم) میں بخشتا ہوں۔
لِاَھَبَ لَکِ غُلٰمًا زَکِیًّا (۱۹:۱۹)
تا کہ تمہیں پاکیزہ لڑکا بخشوں۔
ھَبْ معتل (فعل امر واحد مذکر حاضر) بخش۔ عطا کر۔
وَھَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْکَ رَحْمَۃً (۸:۳)
اور ہمیں اپنے ہاں سے نعمت عطا فرما۔
الْوَھَّابُ اسم مبالغہ۔ بخشنے والا
اسمائے حسنیٰ میں سے ایک نام۔

و ہ ج ☆

وَھَّاجاً (منصوب اسم مبالغہ) تخت۔ چمکدار۔
وَھَجَ یَھِجُ وَھْجاً (ف) معتل بھڑکنا۔ جلانا۔ چمکنا۔ چندھیانا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

و ہ ن ☆

وَهَنَ معتل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے کمزور کیا/ وہ کمزور ہوگیا

وَهَنَ يَهِنُ وَهْناً/ وَهُنَ يَوْهُنُ وَهْناً (ض ' ک)

معتل۔کمزور ہونا۔لاغر ہونا۔بے ہوش ہونا غیر مستحکم ہونا۔پژمردہ ہونا۔سست ہونا۔

قَالَ رَبِّ اِنِّی وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّی (۱۹:۴)

اس نے کہا کہ اے میرے پروردگار میری ہڈیاں بڑھاپے کے سبب کمزور ہوگئی ہیں۔

وَهَنُوا معتل (فعل ماضی جمع مذکر غائب) وہ کمزور ہوگئے۔

فَمَاوَهَنُوْا لِمَآ اَصَابَهُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ (۳:۱۴۶)

تو جو مصیبتیں ان پر راہ خدا میں واقع ہوئیں ان کے سبب انہوں نے نہ تو ہمت ہاری

لَا تَهِنُوْا معتل (فعل نہی جمع مذکر حاضر) لوگو! کمزور نہ ہو جاؤ۔

وَهْنٌ/ وَهْناً (منصوب اسم مصدر) کمزوری

وَهْنًا عَلٰى وَهْنٍ (۳۱:۱۴)

تکلیف پر تکلیف

اَوْهَنُ (اسم تفضیل) کمزور ترین

مُوْهِنُ (معتل باب افعال) (اسم فاعل واحد مذکر) کمزور کرنے والا

و ہ ی ☆

وَاهِيَةٌ معتل (اسم فاعل واحد مؤنث) پھٹی ہوئی۔بوسیدہ

وَهٰى/ وَهِیَ يَهِیْ وَهْياً (ض ' ح)

کمزور ہونا۔لاغر ہونا۔پھٹ پڑنا۔پھاڑنا۔چیرنا۔

و ی ☆ ☆

وَیْ: حرف تاسف جسے امام بیضاوی کی طرح بعض مفسرین نے وَیْلٌ کا مخفف مانا ہے جس کا مطلب ہے: "افسوس ہے" اس لفظ کے بعد ہمیشہ ضمیر مخاطب ک آتی ہے اور اس کا ترجمہ یوں کیا جاتا ہے کہ: "افسوس ہے تجھ پر"

مستند قرآنی رسم خط میں اسے ایک ہی لفظ کی طرح وَیْكَاَنَّ لکھا جاتا ہے۔اس صورت میں اسے وَیْ بمعنی آہ یا اوہ اور كَاَنَّ بمعنی گویا بعض کے نزدیک وَیْكَ اِعْلَمْ کے مساوی ہے جس کے معنی ہیں جان لے

وَیْكَاَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ (۲۸:۸۲)

ہائے شامت! خدا ہی تو اپنے بندوں میں سے جس کے لئے چاہتا ہے رزق فراخ کر دیتا ہے۔

و ی ل ☆

وَیْلٌ (حرف تاسف)

(۱) افسوس! (بہت بڑی بدقسمتی کے اظہار کے لئے) بالعموم ل کے ساتھ لکھا جاتا ہے مثلاً: وَیْلٌ لَكَ تجھ پر افسوس ہے' یا اسے براہ راست ضمیر مخاطب کے ساتھ ملا کر لکھا جاتا ہے مثلاً: وَيْلَكَ بمعنی "تجھ پر افسوس و حسرت ہے"۔

فَوَیْلٌ لِّلَّذِیْنَ يَكْتُبُوْنَ الْكِتٰبَ بِاَيْدِيْهِمْ ثُمَّ يَقُوْلُوْنَ هٰذَامِنْ عِنْدِ اللّٰهِ (۲:۷۹)

توان لوگوں پر افسوس ہے جو اپنے ہاتھ سے تو کتاب لکھتے ہیں اور کہتے یہ ہیں کہ یہ خدا کے پاس سے (آئی) ہے۔

(۲) بعض اوقات ضمیر سے پہلے ل تاکید کے لئے آتا ہے مثلاً:

وَلَكُمُ الْوَيْلُ مِمَّا تَصِفُوْنَ (۲۱:۱۸)

اور جو باتیں تم بناتے ہو ان سے تمہاری ہی خرابی ہے۔

وَيْلَكَ (مرکب لفظ) وَیْلٌ + ک تجھ پر افسوس۔یا حسرت ہے تم پر۔

يَاوَيْلَنَا حسرت ہے ہم پر

وَيْلَكُمْ حسرت ہے تم پر

وَيْلَتِیْ حسرت ہے مجھ پر

اسے وَيْلَةٌ + ی = وَيْلَتِیْ بھی پڑھا جاتا ہے یعنی

يَاوَيْلَتِیْ (۱۱:۷۲)

یعنی ہائے میری خرابی!

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ی: یاء (۱) ضمیر متکلم کی حالت اضافی مثلاً رَبِّی میرا پروردگار صَلَاتِی میری نمازیں
(۲) فعل کے بعد ضمیر مفعولی یا حالت نصبی کے لئے ی سے پہلے ن آتا ہے مثلاً هَدَانِی اس نے میری رہنمائی کی
(۳) بعض اوقات ی کو زبر ( ) دے کر متحرک کیا جاتا ہے مثلاً: مَحْيَایَ
(۴) جب ی سے پہلے جملے کے آخر میں ن آئے تو ی حذف ہوجاتی ہے درج ذیل آیت میں یہ ساری صورتیں موجود ہیں۔
اِنَّ مَعِیَ رَبِّیْ سَیَهْدِیْنِ (۶۲:۲۶)
بے شک میرا پروردگار میرے ساتھ ہے وہ مجھے رستہ بتائے گا۔

ی أ س ☆

یَئِسَ (معتل ومہموز) (فعل ماضی واحد مذکر غائب) وہ مایوس ہوا
یَئِسَ یَیْأَسُ وَ یَیْئِسُ یَأْساً وَ یَأَسَةً (س' ح)
مایوس ہونا۔ آس ختم ہونا۔ سن یاس میں داخل ہونا۔
یَئِسُوْا (معتل ومہموز) فعل ماضی جمع مذکر غائب) وہ مایوس ہوگئے
یَئِسْنَ (معتل ومہموز) (فعل ماضی جمع مؤنث غائب) وہ مایوس ہوگئیں
وَالّٰٓـئِیْ یَئِسْنَ مِنَ الْمَحِیْضِ (۴:۶۵)
اور تمہاری مطلقہ عورتیں جو حیض سے ناامید ہوچکی ہوں

یَیْأَسُ (معتل ومہموز) (فعل مضارع واحد مذکر غائب) وہ مایوس ہوتا ہے۔
لَا تَیْأَسُوْا (معتل ومہموز) (فعل نہی جمع مذکر حاضر) مایوس مت ہوجاؤ
وَلَا تَایْئَسُوْا مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِنَّهٗ لَا یَایْئَسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْكٰفِرُوْنَ (۸۷:۱۲)
اور خدا کی رحمت سے ناامید نہ ہو کہ خدا کی رحمت سے بے ایمان لوگ مایوس ہوتے ہیں۔
اِسْتَیْأَسَ معتل ومہموز باب استفعال (فعل ماضی واحد مذکر غائب) وہ مایوس ہوگیا۔
اِسْتَیْـئَسَ ثلاثی فعل کی طرح مایوس ہوا
اِسْتَیْأَسُوْا معتل ومہموز باب استفعال (فعل ماضی جمع مذکر غائب) وہ مایوس ہوگئے۔
یَئُوْسٌ (اسم مبالغہ) سخت مایوس انسان

ی ب س ☆

یَبَسٌ / یَبَساً منصوب معتل (اسم مصدر) خشک۔
یَبِسَ یَیْبَسُ وَ یَابَسُ یُبْساً وَ یَبَساً (ح' س)
خشک ہونا۔
طَرِیْقًا فِی الْبَحْرِ یَبَسًا (۷۷:۲۰)
سمندر میں خشک راستہ
یَابِسٌ معتل (اسم فاعل واحد مذکر) خشک
یَابِسَاتٌ معتل (اسم فاعل جمع مؤنث) خشک چیزیں۔

ی ت م ☆

یَتِیْمٌ / اَلْیَتِیْمُ / یَتِیْماً منصوب (اسم فاعل واحد مذکر) یتیم جس کے ماں باپ یا صرف باپ مرگیا ہو۔
یَتَمَ یَیْتُمُ یُتْماً (ف) یتیم ہوجانا
یَتِیْمَیْنِ (اسم فاعل تثنیہ مذکر) دو یتیم۔
یَتَامٰی / اَلْیَتَامٰی (اسم جمع) یتیم بچے
مفرد: یَتِیْمٌ

ی د ☆☆

یَدٌ (اسم) ہاتھ
یَدَا (ن ساقط تثنی) دو ہاتھ
اضافت کے باعث تثنیہ کا ن حذف ہوگیا۔
یَدَیْ ن ساقط (تثنیہ مذکر)
لفظی ترجمہ: دو ہاتھ۔
بَیْنَ یَدَیْ آگے سامنے
وَهُوَ الَّذِیْ یُرْسِلُ الرِّیٰحَ بُشْرًا بَیْنَ یَدَیْ رَحْمَتِهٖ (۵۷:۷)
اور وہی تو ہے جو اپنی رحمت (یعنی مینہ) سے پہلے ہواؤں کو خوشخبری (بنا کر) بھیجتا ہے۔
اَیْدِیْ / اَیْدٍ / الْاَیْدِیْ (اسم جمع) ہاتھ۔ مفرد: یَدٌ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ی س ر☆

یَسَّرَ معتل-باب تفعیل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) اس نے آسان کیا/فراہم کیا-
یَسَّرَ تَیْسِیْرًا (باب تفعیل) آسان کرنا-سہولت دینا-
یَسَّرْنَا (معتل باب تفعیل فعل ماضی جمع متکلم) ہم نے آسان کیا
نُیَسِّرُ معتل باب تفعیل (فعل مضارع جمع متکلم) ہم آسان کرتے ہیں/کریں گے-
وَنُیَسِّرُکَ لِلْیُسْرٰی (۸:۸۷)
ہم تم کو آسان طریقے کی توفیق دیں گے
تَیَسَّرَ معتل باب تفعل (فعل ماضی واحد مذکر غائب) آسان ہوگیا-
فَاقْرَءُوْا مَا تَیَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ (۷۳:۲۰)
تو جتنا آسانی سے ہو سکے اتنا پڑھ لیا کرو-
اِسْتَیْسَرَ معتل باب استفعال بآسانی حاصل کیا
اِسْتَیْسَرَ باب استفعال-آسانی سے حاصل کرنا/حاصل ہونا-
اَلْیُسْرُ/یُسْرًا منصوب: آسان آسانی-
یَسِیْرٌ/یَسِیْرًا منصوب (اسم فاعل واحد مذکر) قابل برداشت-ہلکا-چھوٹا-
ذٰلِکَ کَیْلٌ یَّسِیْرٌ (۱۲:۶۵)
یہ غلہ (جو ہم لائے ہیں) تھوڑا ہے-
اَلْیُسْرٰی (اسم تفضیل واحد مؤنث آسان-(بطور صفت مستعمل ہے)

مَیْسُوْرًا منصوب (اسم مفعول واحد مذکر) نرم-آسان
فَقُلْ لَّهُمْ قَوْلًا مَّیْسُوْرًا (۱۷:۲۸)
تو ان سے نرمی سے بات کہہ دیا کرو یعنی شریفانہ اور معقول بات-
مَیْسَرَةٌ (اسم ظرف) آسانی
وَاِنْ کَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰی مَیْسَرَةٍ (۲:۲۸۰)
اگر قرض لینے والا تنگ دست ہو تو (اسے کشائش (کے حاصل ہونے) تک مہلت (دو)
اَلْمَیْسِرُ (اسم ظرف) جُوا

ی ق ت☆

اَلْیَاقُوْتُ (اسم) یاقوت (ہیرے کی ایک قسم)

☆ ☆ ☆ ☆

یَقْطِیْنٌ (اسم) کدو

ی ق ظ☆

اَیْقَاظًا منصوب (اسم، جمع) بیدار-مفرد: یَقِظٌ

ی ق ن☆

یُوْقِنُوْنَ باب افعال-معتل (فعل مضارع جمع مذکر غائب) وہ یقین کرتے ہیں-
یَقِنَ یَیْقَنُ یَقْنًا (ح) معتل یقین ہونا
تُوْقِنُوْنَ باب افعال-معتل (فعل مضارع جمع مذکر حاضر) تم یقین کرتے ہو-
اَیْقَنَ یُوْقِنُ اِیْقَانًا (باب افعال) پختہ یقین کرنا-بے شک وشبہ سچ ماننا
اِسْتَیْقَنَتْ باب استفعال (فعل ماضی واحد مؤنث غائب) اس عورت نے پختہ یقین کرلیا-
اِسْتَیْقَنَ اِسْتِیْقَانًا پختہ یقین کرنا
وَجَحَدُوْا بِهَا وَاسْتَیْقَنَتْهَآ اَنْفُسُهُمْ (۲۷:۱۴)
اور بے انصافی اور غرور سے ان سے انکار کیا کہ ان کے دل ان کو مان چکے تھے-
یَسْتَیْقِنَ باب استفعال معتل (فعل مضارع واحد مذکر غائب) اسے پختہ یقین ہے-
لِیَسْتَیْقِنَ تاکہ اسے یقین ہو جائے
یَقِیْنٌ پختہ اعتبار واعتماد
یَقِیْنًا منصوب یقین کے ساتھ
اَلْیَقِیْنُ پختہ اعتبار
استعارہ: موت
حَتّٰی یَاْتِیَکَ الْیَقِیْنُ (۱۵:۹۹)
یہاں تک کہ تمہاری موت کا وقت آ جائے-
(نیز دیکھئے ۴۷:۷۴)
(۲) ضمانت-
کَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْیَقِیْنِ (۱۰۲:۵)
دیکھو! اگر تم جانتے (یعنی) علم الیقین رکھتے تو غفلت نہ کرتے-

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

مُوْقِنُوْنَ مرفوع (اسم فاعل جمع مذکر)
مُوْقِنِیْنَ منصوب باب افعال
(اسم فاعل جمع مذکر) یقین کرنے والے
مُسْتَیْقِنِیْنَ منصوب باب استفعال
(اسم فاعل جمع مذکر) قائل لوگ۔ جنہیں یقین حاصل ہو۔

ی م م ☆

تَیَمَّمُوْا معتل باب تفعل (فعل امر جمع مذکر حاضر) لفظی ترجمہ: ارادہ کرنا۔
یَمَّمَ وَ تَیَمَّمَ باب تفعل ارادہ کرنا۔ سمت میں جانا۔ اصطلاحی معنی: تیمم کرنا۔ پاکیزگی حاصل کرنے کے لئے (وضو کے بدلے) پاک مٹی سے اس طرح تیمم کرنا کہ دونوں ہتھیلیوں کو مٹی پر مارنے کے بعد کہنیوں تک بازو اور چہرے پر اس طرح ملے جس طرح وضو میں پانی سے ہاتھ مارتے ہیں۔
لَاتَیَمَّمُوْا معتل۔ باب تفعل (فعل نہی جمع مذکر حاضر) تلاش مت کرو
وَلَا تَیَمَّمُوا الْخَبِیْثَ مِنْهُ تُنْفِقُوْنَ (۲:۲۶۷)
اور بری اور ناپاک چیزیں دینے کا قصد نہ کرنا۔
اَلْیَمُّ (اسم) دریا۔ سمندر

ی م ن ☆

اَلْیَمِیْنُ / یَمِیْنٌ (اسم) دایاں ہاتھ
اَیْمَانٌ (اسم جمع (۱) دائیں ہاتھ
مفرد: یَمِیْنٌ
اَوْمَا مَلَکَتْ اَیْمَانُکُمْ (۴:۳)
یا لونڈی جس کے تم مالک ہو۔
(۲) حلف، قسم
وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰهَ عُرْضَةً لِّاَیْمَانِکُمْ (۲:۲۲۴)
اور خدا (کے نام) کو اپنی قسموں کا نشانہ (حیلہ) نہ بنانا۔
اَلْاَیْمَنُ (صفت) دایاں
جَانِبِ الطُّوْرِ الْاَیْمَنِ (۱۹:۵۲)
پہاڑ کی دائیں طرف کی ڈھلوان
اَلْمَیْمَنَةُ دائیں طرف کے لوگ

ی ن ع ☆

یَنْعٌ معتل (اسم مصدر) پکنا
یَنَعَ یَیْنَعُ یَنْعًا وَیُنْعًا (ف)
پکنا۔ بلوغت کو پہنچنا۔

ی و م ☆

اَلْیَوْمُ	آج
یَوْمًا	ایک دن
یَوْمُکُمْ	تمہارا دن
یَوْمُهُمْ	ان کا دن
یَوْمَیْنِ	منصوب مثنی۔ دو دن
اَیَّامٌ	(اسم، جمع) دن
یَوْمَئِذٍ	مرکب لفظ
یَوْمَ:	دن + اِذْ جب / جس دن

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الفاظ	مآخذ
اَبۡتَرُ	ب ت ر
انۡبَجَسَتۡ	ب ج س
ابۡتَدَعُوۡ (ھا)	ب د ع
اَبۡدَلَهٗ	ب د ل
اسۡتِبۡدَال	" " "
اُبَرِّئُ	ب ر ا
اَبۡرَارِ	ب ر ر
الۡاَبۡرَصَ	ب ر ص
اُبۡسِلُوۡا	ب س ل
اَبَشَّرۡتُمُوۡنِيۡ	ب ش ر
اَبۡشِرُوۡا	" " "
اسۡتَبۡشِرُوۡا	" " "
الۡاَبۡصَار	ب ص ر
اَبۡصَارِهِنَّ/ اَبۡصَارِهِمۡ	" " "
اَبۡقٰى	ب ق ی
اَبۡكَار/ اِبۡكَار	ب ک ر
اَبۡكَمُ	ب ک م
اَبۡكٰى	ب ک ی
ابۡلَعِيۡ	ب ل ع
ابۡيَضَّ/ ابۡيَضَّتۡ	ب ی ض
اَبۡلَغَ/ اَبۡلَغۡتُكُمۡ	ب ل غ
اَبۡلَغُوۡا / اَبۡلِغۡهُ	" " "
ابۡتَلُوۡا/ ابۡتَلٰى	ب ل و
ابۡنَ' ابۡنِيۡ' ابۡنِهٖ	ب ن و
اَبۡنَاءُ	" " "
اَبۡوَابُ/ اَبۡوَابًا	ب و ب
اَبۡصَرَ	ب ص ر
انۡبِعَاثَهُمۡ	ب ع ث
انۡبَعَثَ	" " "
اِسۡتَبۡرَق	ب ر ق
اَبَارِيۡقَ	ب ر ق

الفاظ	مآخذ
فَابۡعَثُوۡا	ب ع ث
اَبۡغِيۡ/ ابۡتِغَاء	ب غ ی
اِبۡتَغَيۡتَ/ ابۡتِغَاءِ	" " "
ابۡنِ/ اَتَبۡنُوۡنَ	ب ن ی
ابۡتَلٰى	ب ل و
ابۡنِيَّ	ب ن و
اَتۡبِعُ	ت ب ع
اتَّبَعَتۡ	" " "
اِتِّبَاع	" " "
اتَّبِعۡ	" " "
اَتۡبَعۡنَاهُمۡ	" " "
اَتۡرَاب	ت ر ب
اَتۡرَابًا	" " "
اتۡرُکۡ	ت ر ک
اَتۡقَنَ	ت ق ن
اَتۡقَاكُمۡ	و ق ی
الۡاَتۡقٰى	و ق ی
اتۡلُ	ت ل و
اتۡلُوۡا	" " "
اَتۡمَمۡتُ	ت م م
اَتۡمَمۡنَاهَا	" " "
اَتَمَّهَا	" " "
اَتِمَّ	" " "
اَتِمُّوۡا	ت م م
فَاثۡبُتُوۡا	ث ب ت
اَثۡخَنۡتُمُوۡهُمۡ	ث خ ن
اَثۡقَلَتۡ	ث ق ل
اثَّاقَلۡتُمۡ	" " "
اَثۡقَالًا	" " "
اَثۡمَرَ	ث م ر
اثۡنَانِ	ث ن ی

الفاظ	مآخذ
اثۡنَيۡنِ	ث ن ی
اثۡنَاعَشَرَ	" " "
اثۡنَيۡ عَشَرَ	" " "
اثۡنَتَيۡنِ	" " "
اثۡنَتَا عَشۡرَةَ	" " "
اثۡنَتَيۡ عَشۡرَةَ	" " "
اَثَارُوۡا	ث و ر
اَثَرۡنَ	" " "
اجۡتَبٰكُمۡ	ج ب ی
اجۡتَبٰهُ	" " "
اجۡتَبَيۡتَهَا	" " "
اجۡتَبَيۡنَا	" " "
الۡجَوَاب	" " "
اجۡتُثَّتۡ	ج ث ث
